بِعَوْنِہٖ وَکَرَمِہٖ تعالیٰ جَلَّ اسمُہٗ

دین وایمان کو منوّر اور محبّت وایقان کو افزوں کرنے والے

نادر واہم

24

رسائلِ ستّہ ضروریہ

حضرت مجدد مائة حاضرہ مولانا الشاہ مفتی احمد رضا خاں صاحب قدس سرہٗ

- ——— صلاۃ الصفا فی نور المصطفٰے (صلی اللہ علیہ وسلم)
- ——— نطق الہلال فی ولاد الحبیب صلی اللہ علیہ وسلم والوصال
- ——— الہدایۃ المبارکہ فی خلق الملٰئکہ (علیہم السلام)
- ——— الصمصام علی مشکک فی الارحام
- ——— جمل النور فی نہی النساء عن زیارت القبور
- ——— غایۃ التحقیق فی امامۃ العلی والصدیق (رضی اللہ عنہما)

یکے از مطبوعات

ادارہ نعیمیہ رضویہ سواد اعظم لال کھوہ موچی گیٹ لاہور

قیمت - ایک روپیہ

مطبوعہ تعلیمی پرنٹنگ پریس لاہور

Marfat.com

DATA GANJ BAKHSH LIBRARY ۲۹۸۸۱ ۱۳۵۸۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

صلاۃ الصفا فی نور المصطفٰے

مسئلہ از لشکر گوالیار محکمہ ڈاک دربار مرسلہ مولوی نور الدین احمد صاحب ۲۸ ذیقعدہ ۱۳۱۷ ہجری

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ یہ مضمون کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اللہ تعالٰی کے نور سے پیدا ہوئے۔ اور ان کے نور سے باقی مخلوقات کس حدیث سے ثابت ہے اور وہ حدیث کس قسم کی ہے؟ بیّنوا توجروا۔

الجواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ یَا نُوْرُ یَا نُوْرَ النُّوْرِ یَا نُوْرًا قَبْلَ کُلِّ نُوْرٍ وَّ نُوْرًا بَعْدَ کُلِّ نُوْرٍ یَا مَنْ لَّهُ النُّوْرُ وَبِهِ النُّوْرُ وَمِنْهُ النُّوْرُ وَاِلَیْهِ النُّوْرُ وَهُوَ النُّوْرُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی نُوْرِكَ الْمُنِیْرِ الَّذِیْ خَلَقْتَهٗ مِنْ نُّوْرِكَ وَخَلَقْتَ مِنْ نُّوْرِهِ الْخَلْقَ جَمِیْعًا وَعَلٰی اَشِعَّةِ اَنْوَارِهٖ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَقْمَارِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔ اٰمِیْن

امام اجلّ سیدنا امام مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ کے شاگرد اور امام یحیٰی بن بدنا امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالٰی عنہ کے استاذ۔ اور امام بخاری و امام مسلم کے استاذ الاستاذ حافظ الحدیث احد الاعلام عبد الرزاق ابو بکر بن ہمام نے اپنی

Marfat.com

مصنف میں حضرت سیدنا وابن سیدنا جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت کی:- قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ اَخْبِرْنِیْ عَنْ اَوَّلِ شَیْءٍ خَلَقَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی قَبْلَ الْاَشْيَآءِ قَالَ يَا جَابِرُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی قَدْ خَلَقَ قَبْلَ الْاَشْيَاءِ نُوْرَ نَبِيِّكَ مِنْ نُوْرِهٖ فَجَعَلَ ذٰلِكَ النُّوْرُ يَدُوْرُ بِالْقُدْرَةِ حَيْثُ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَلَمْ يَكُنْ فِیْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ لَوْحٌ وَّلَا قَلَمٌ وَّلَا جَنَّةٌ وَّلَا نَارٌ وَّلَا مَلَكٌ وَّلَا سَمَآءٌ وَّلَا اَرْضٌ وَّلَا شَمْسٌ وَّلَا قَمَرٌ وَّلَا جِنِّیٌّ وَّلَا اِنْسِیٌّ فَلَمَّا اَرَادَ اللّٰهُ تَعَالٰی اَنْ يَّخْلُقَ الْخَلْقَ قَسَّمَ ذٰلِكَ النُّوْرَ اَرْبَعَةَ اَجْزَآءٍ فَخَلَقَ مِنَ الْجُزْءِ الْاَوَّلِ الْقَلَمَ وَمِنَ الثَّانِیْ اللَّوْحَ وَمِنَ الثَّالِثِ الْعَرْشَ ثُمَّ قَسَّمَ الْجُزْءَ الرَّابِعَ اَرْبَعَةَ اَجْزَاءٍ فَخَلَقَ مِنَ الْاَوَّلِ حَمَلَةَ الْعَرْشِ وَمِنَ الثَّانِیْ الْكُرْسِیَّ وَمِنَ الثَّالِثِ بَاقِیَ الْمَلٰٓئِكَةِ ثُمَّ قَسَّمَ الرَّابِعَ اَرْبَعَةَ اَجْزَآءٍ فَخَلَقَ مِنَ الْاَوَّلِ السَّمٰوٰتِ وَمِنَ الثَّانِیْ الْاَرَضِيْنَ وَمِنَ الثَّالِثِ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ ثُمَّ قَسَّمَ الرَّابِعَ اَرْبَعَةَ اَجْزَآءٍ الحديث بِطُوْلِهٖ - یعنی وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان - مجھے بتا دیجئے کہ سب سے پہلے اللہ عزّ وجل نے کیا چیز بنائی - فرمایا اے جابر بے شک بالیقین اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات سے پہلے تیرے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور اپنے نور سے پیدا فرمایا - وہ نور قدرت الٰہی سے جہاں خدا تعالیٰ نے چاہا - دورہ کرتا رہا - اس وقت لوح و قلم - جنت و دوزخ - فرشتگان - آسمان - زمین - سورج - چاند

Marfat.com

جن۔ آدمی کچھ نہ تھا۔ پھر جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کرنا چاہا۔ تو اس نور کے چار حصّے فرمائے۔ پہلے سے قلم۔ دوسرے سے لوح تیسرے سے عرش بنایا۔ پھر چوتھے کے چار حِصّے کئے۔ پہلے سے فرشتگان حاملِ عرش۔ دوسرے سے کرسی تیسرے سے باقی ملائکہ پیدا کئے۔ پھر چوتھے کے چار حِصّے کئے پہلے سے آسمان، دوسرے سے زمینیں تیسرے سے بہشت دوزخ بنائے۔ پھر چوتھے کے چار حصے کئے۔ الیٰ آخر الحدیث۔

یہ حدیث امام بیہقی نے بھی دلائل النبوۃ میں بنحوہ روایت کی۔ اجلہ ائمہ دین مثل امام قسطلانی مواہب لدنیہ۔ اور امام حجر مکی افضل القرےٰ۔ اور علامہ فاسی مطالع المسراتؒ۔ اور علامہ زرقانی شرح مواہب۔ اور علامہ دیار بکری خمیس۔ اور شیخ محقق دہلوی مدارج وغیرہا میں اس حدیث سے استناد اور اس پر تعویل و اعتماد فرماتے ہیں۔ بالجملہ وہ تلقی امت بالقبول کا منصب جلیل پائی ہوئی ہے۔ تو بلاشبہ حدیث حسن۔ صلح مقبول معتمد ہے۔ تلقی علماء بالقبول وہ شئے عظیم ہے۔ جس کے بعد کسی سند کی حاجت نہیں رہتی۔ بلکہ سند ضعیف بھی ہو تو بھی حرج نہیں کرتی۔ کَمَا بَیَّنَّاہُ فِی مُنِیْرِ العَیْنِ فِی حُکمِ تقبیل الاِبھامین

لاجرم علامہ محقق عارف باللہ سیدی عبدالغنی نابلسی قدس سرہ القدسی حدیقۂ ندیہ شرح طریقۂ محمدیہ میں فرماتے ہیں۔ قَدْ خُلِقَ کُلُّ شَیْئٍ مِنْ نُوْرِہٖ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَمَا وَرَدَ بِہِ الحَدِیْثُ الصَّحِیْحُ۔ یعنی بیشک ہر چیز نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور سے بنائی گئی۔ جیسا کہ حدیث صحیح اس معنی میں وارد ہوئی۔ ذَکَرَہٗ فِی المَبْحَثِ الثَّانِیْ بَعْدَ النَّوْعِ السِّتِّیْنَ مِنْ آفَاتِ اللِّسَانِ فِیْ مَسْئَلَۃِ ذَمِّ الطَّعَامِ

مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات میں ہے۔ قَدْ قَالَ الْاَشْعَرِیُّ اِنَّہٗ تَعَالٰی نُوْرٌ لَیْسَ کَالْاَنْوَارِ وَالرُّوْحُ النَّبَوِیَّۃُ الْقُدْسِیَّۃُ لَمْعَۃٌ مِنْ نُوْرِہٖ وَالْمَلٰئِکَۃُ شَرَرُ تِلْکَ الْاَنْوَارِ وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ وَمِنْ نُوْرِیْ خَلَقَ کُلَّ شَیْئٍ وَغَیْرُہٗ مِمَّا فِیْ مَعْنَاہُ یعنی امام اجل امام اہلِ سنت سیدنا ابوالحسن اشعری قدس سرہ جن کی طرف نسبت کرکے اہلِ سنت کو اشاعرہ کہا جاتا ہے ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ اللہ عزوجل نور ہے۔ نہ اور نوروں کی مانند۔ اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح پاک اسی نور کی تابش ہے اور ملائکہ ان نوروں کے ایک پھول ہیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرا نور بنایا۔ اور میرے ہی نور سے ہر چیز پیدا فرمائی۔ اور اس کے سوا اور بھی حدیثیں ہیں۔ جو اسی مضمون میں وارد ہیں۔

وَاللّٰہُ سُبْحٰنَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ

مسئلہ ۳ از ٹانڈہ ضلع مراد آباد۔ مرسلہ مولوی الطاف الرحمٰن صاحب بیلیپاری

۱۴ شعبان ۱۳۱۳ھ ہجری

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ بعض مولود شریف میں جو نور محمدی کو نور خدا سے پیدا ہوا لکھا ہے۔ اس میں زید کہتا ہے بشرط صحت یہ متشابہ کے حکم میں ہے اور عمرو کہتا ہے یہ انفکاک ذات سے ہوا ہے اور خالد کہتا ہے متشابہات میں مذہب اسلم رکھتا ہوں اور سالم کو برا نہیں جانتا۔ اور اس میں چون وچرا لیے جا ہے۔ بیّنوا۔ توجروا۔

الجواب

عبدالرزاق نے اپنے مصنف میں حضرت سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ

Marfat.com

تعالیٰ عنہما سے روایت کیا حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے ان سے فرمایا۔
یَا جَابِرُ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالیٰ خَلَقَ قَبْلَ الْاَشْیَاءِ نُوْرَ نَبِیِّکَ
مِنْ نُوْرِہٖ اے جابر! بیشک اللہ تعالیٰ نے تمام عالم سے پہلے تیرے نبی کا نور
اپنے نور سے پیدا کیا۔ ذَکَرَہُ الْاِمَامُ الْقَسْطَلَانِیُّ فِی الْمَوَاھِبِ وَ
غَیْرُہٗ مِنَ الْعُلَمَاءِ الْکِرَامِ

عمرو کا قول سخت باطل و شنیع وگمراہی قطعی بلکہ سخت تر امر کی طرف منجر ہے
اللہ عزّ وجلّ اس سے پاک ہے کہ کوئی چیز اس کی ذات سے جدا ہو کر مخلوق بنے۔
اور قول زید میں لفظ لبترط صحت پورے انکار کر دیتا ہے۔ یہ جہالت ہے باجماع
علماء در بارۂ فضائل صحتِ مصطلحہ محدثین کی حاجت نہیں۔ معہذا عارف باللہ
سیّدی عبد الغنی نابلسی قدس سرّہ القدسی نے اس حدیث کی تصحیح کی تصریح فرمائی
علاوہ بریں یہ معنی قدیماً وحدیثاً تصانیف وکلمات ائمہ و علماء و اولیاء وعرفاء میں
مذکور ومشہور ومتلقی بالقبول رہے۔ یہ خود صحت حدیث کی دلیل کافی ہے
فَاِنَّ الْحَدِیْثَ یَتَقَوّٰی بِتَلَقِّی الْاَئِمَّۃِ بِالْقُبُوْلِ کَمَا اَشَارَ
اِلَیْہِ الْاِمَامُ التِّرْمِذِیُّ فِیْ جَامِعِہٖ وَصَرَّحَ بِہٖ عُلَمَاؤُنَا فِی الْاُصُوْلِ
ہاں اُسے باعتبار کنہ کیفیت متشابہات سے کہنا وجہ صحت رکھتا ہے
واقعی نہ ربّ العزّت جل وعلا نہ اس کے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے
ہمیں بتایا۔ کہ مولیٰ تعالیٰ نے اپنے نور سے نور مطہر سیّد الانور صلی اللہ تعالیٰ علیہ
کیونکر بنایا۔ نہ بے بتائے اس کی پوری حقیقت ہمیں خود معلوم ہو سکتی ہے اور
یہی معنی متشابہات ہیں۔

بکر نے جو کہا۔ وہ دفع خیال ضلال عمرو کیلئے کافی ہے۔ شمع سے شمع روشن
ہو جاتی ہے۔ بے اس کے کہ اس شمع سے کوئی حصّہ جدا ہو کر یہ شمع بنے۔ اس سے

Marfat.com

بہزآفتاب اور دھوپ کی مثال ہے کہ نور شمس نے جس پر تجلی کی وہ روشن ہو گیا اور ذات شمس سے کچھ جدا نہ ہوا۔ مگر ٹھیک مثال کی وہاں مجال نہیں جو کہا جائیگا۔ ہزاراں ہزار وجوہ پر ناقص و ناتمام ہو گا۔ بلاشبہ طریق اسلم قول خالد ہے۔ اور وہی مذہب ائمہ سلف رضی اللہ تعالےٰ عنہم اجمعین ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۳ پیش نظر رہے یہ بات کہ میں کوئی عالم و فاضل نہیں ہوں کہ بحث ومباحثہ کا خیال درمیان میں آئے۔ فقط دریافت کرنے کی غرض سے فدویانہ لکھتا ہوں۔ تاکہ میرے عقیدے میں جو کچھ غلطی ہو۔ وہ صحیح ہو جاوے مجھ کو ایسا معلوم ہے کہ تمام مخلوقات انسان کا یہ حال ہے کہ غلاظت آلودہ پیدا ہوتے ہیں مگر خدائے تعالیٰ نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان سب باتوں سے محفوظ رکھا ہے اور تمام مخلوقات پر بزرگی عطا فرمائی ہے۔ اگر یہ بات سچی ہے تو حدیث شریف کے معنی مجھ کو یوں معلوم ہوتے ہیں ملاحظہ فرمائیگا۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا جَابِرُ اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ نُوْرَ نَبِیِّکَ مِنْ نُوْرِہٖ۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اے جابر! تحقیق اللہ نے بزرگ پیدا کیا ذات نبی تیرے کو۔

مثال چراغ کی جو جناب نے فرمائی ہے اس میں مجھ کو شک ہے۔ چاہتا ہوں کہ شک دور ہو جائے۔ مثال۔ ایک چراغ سے دوسرا چراغ روشن کیا۔ اور دوسرے چراغ سے اور بہت سے چراغ روشن کئے گئے۔ پہلے اور دوسرے میں کچھ کمی نہیں آئی۔ یہ آپ کا فرمانا صحیح اور بجا ہے۔ لیکن یہ سب چراغ نام اور ذات روشنی میں ہم جنس ہیں یا نہیں۔ اور یہ سب مرتبہ برابر ہوتے کا رکھتے ہیں یا نہیں۔

الجواب

نجاست سے آلودہ پیدا ہوتے ہیں سب مخلوق شریک نہیں۔ تمام انبیاء علیہم السلام پاک و منزہ پیدا ہوئے۔ بلکہ حدیث سے ثابت ہے کہ حضرات حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی صاف ستھرے پیدا ہوئے۔ نور کے معنی فضل کے نہیں۔ مثال سمجھانے کو ہوتی ہے نہ ہر طرح برابری بتانے کو قرآن عظیم میں نور الٰہی کی مثال دی۔ کمشکوٰۃ فیہا مصباحٌ۔ کہاں چراغ اور قندیل اور کہاں نور رب جلیل۔ یہ مثال فقط بیہ کے اس اعتراض کے دفع کو تھی کہ نور الٰہی سے نور نبوی پیدا ہوا۔ تو نور الٰہی کا ٹکڑا جدا ہونا لازم آیا۔ اسے بتایا گیا کہ چراغ روشن ہوتے ہیں اس کا ٹکڑا کٹ کر اس میں نہیں آجاتا جب یہ فانی مجازی نور اپنے نور سے دوسرا نور روشن کر دیتا ہے تو اس نور کا کیا کہنا نور سے نور پیدا ہونے کو نام و روشنی میں مساوات بھی ضرور نہیں۔ چاند کا نور آفتاب کی ضیا سے ہے۔ پھر کہاں وہ۔ اور کہاں یہ۔ علم ہیأت میں بتایا گیا ہے۔ کہ اگر چودھویں رات کے کامل چاند کے برابر تہتّرے ہزار چاند ہوں۔ تو روشنی آفتاب تک پہنچیں گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ از کلکتہ ۹ گوزند جیند دھر بن لین مرسلہ حکیم محمد ابراہیم صاحب بنارسی۔ ۱۹ ذلقعدہ ۱۳۲۹ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ رسول مقبول اللہ کے نور سے پیدا ہیں

لہ حسنی پریس کی اشاعت سابقہ میں غلطی سے یہاں م ا رٹا کر درود شریف بتمامہ لکھ دیا۔ جو اصل عبارت سائل کے خلاف ہے اصل سوال میں یہاں صرف ص بنا ہے۔ اور اسی پر حضور اعلیٰ حضرت قبلہ قدس سرہ نے اصل مسئلہ کے جواب سے تنبیہ فرمائی ہے ۱۲

Marfat.com

یا نہیں۔ اگر اللہ کے نور سے پیدا ہیں نور ذاتی سے یا نور صفاتی سے۔ یا دونوں سے۔ اور نور کیا چیز ہے؟

الجواب

جواب مسئلہ سے پہلے ایک اور مسئلہ گزارش کرلوں لِقَولِہٖ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰی مِنْکُمْ مُنْکَرًا فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ الحدیث۔ حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ذکر کریم کے ساتھ جس طرح زبان سے درود شریف پڑھنے کا حکم ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَبَدًا درود و سلام کی جگہ فقط صاد یا عم یا صلعم یا صللم کہنا ہرگز کافی نہیں بلکہ وہ الفاظ بے معنی ہیں۔ اور فَبَدَّلَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَیْرَ الَّذِیْ قِیْلَ لَھُمْ میں داخل۔ کہ ظالموں نے وہ بات جس کا انہیں حکم تھا ایک اور لفظ سے بدل ڈالی فَاَنْزَلْنَا عَلَیْھِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا کَانُوْا یَفْسُقُوْنَ تو ہم نے اتارا آسمان سے اُن پر عذاب بدلہ ان کی بے حکمی کا۔ یونہی تحریر میں بھی کہ اَلْقَلَمُ اِحْدَی اللِّسَانَیْنِ۔ بلکہ فتاویٰ تاتارخانیہ سے منقول کہ اس میں اس پر نہایت سخت حکم فرمایا۔ اور اسے معاذ اللہ تخفیفِ شانِ نبوت بتایا۔ طحطاوی علی الدر المختار میں ہے یُحَافِظُ عَلٰی کِتَابَۃِ الصَّلٰوۃِ وَالسَّلَامِ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلَا یَسْاَمُ مِنْ تَکْرَارِہٖ وَاِنْ لَّمْ یَکُنْ فِی الْاَصْلِ وَیُصَلِّیْ بِلِسَانِہٖ اَیْضًا وَیُکْرَہُ الرَّمْزُ بِالصَّلٰوۃِ وَالتَّرَضِّیْ بِالْکِتَابَۃِ بَلْ یَکْتُبُ ذٰلِکَ کُلَّہٗ بِکَمَالِہٖ وَفِیْ بَعْضِ الْمَوَاضِعِ عَنِ التَّاتَارْخَانِیَۃِ مَنْ کَتَبَ عَلَیْہِ السَّلَامُ بِالْھَمْزَۃِ وَالْمِیْمِ یَکْفُرُ لِاَنَّہٗ تَخْفِیْفٌ وَتَخْفِیْفُ الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْھِمْ

Marfat.com

الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کُفْرٌ بِلَا شَکٍّ وَلَعَلَّہٗ اِنْ صَحَّ النَّقْلُ مُقَیَّدٌ بِقَصْدٍ وَاِلَّا فَالظَّاھِرُ اَنَّہٗ لَیْسَ بِکُفْرٍ نَعَمْ الْاِحْتِیَاطُ فِی الْاِحْتِرَازِ عَنِ الْاِیْھَامِ وَالشُّبْھَۃِ اھ مختصرًا

اس کے بعد اصل مسئلہ کا جواب بعون الملک الوہاب لیجئے۔ نور عرفِ عام میں ایک کیفیت ہے کہ نگاہ پہلے اسے ادراک کرتی ہے۔ اور اس کے واسطے دوسری اشیائے دیدنی کو۔ قَالَ السَّیِّدُ فِیْ تَعْرِیْفَاتِہٖ اَلنُّوْرُ کَیْفِیَّۃٌ تُدْرِکُھَا الْبَاصِرَۃُ اَوَّلًا وَبِوَاسِطَتِھَا الْمُبْصَرَاتِ اور حق یہ کہ نور اس سے اجلیٰ ہے کہ اس کی تعریف کی جائے۔ یہ جو بیان ہوا تعریف الجلی بالخفی ہے۔ کَمَا نَبَّہَ عَلَیْہِ فِی الْمَوَاقِفِ وَشَرْحِھَا۔ نور باین معنی ایک عرض وحادث ہے۔ اور ربّ عزّوجلّ اس سے منزّہ۔ محققین کے نزدیک نور وہ کہ خود ظاہر ہو۔ اور دوسروں کا مظہر کَمَا ذَکَرَہُ الْاِمَامُ حُجَّۃُ الْاِسْلَامِ الْغَزَالِیُّ ثُمَّ الْعَلَّامَۃُ الزُّرْقَانِیُّ فِیْ شَرْحِ الْمَوَاھِبِ الشَّرِیْفَۃِ باین معنی اللہ عزّوجلّ نور حقیقی ہے بلکہ حقیقۃً وہی نور ہے اور کریمہ اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بلا تکلف وبلا تاویل اپنے معنی حقیقی پر ہے فَاِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ ھُوَ الظَّاھِرُ بِنَفْسِہٖ الْمُظْھِرُ لِغَیْرِہٖ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْھِنَّ وَسَائِرَ الْمَخْلُوْقَاتِ حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بلاشبہ اللہ عزّوجلّ کے نور ذاتی سے پیدا ہیں۔ حدیث شریف میں ارشاد ہوا۔ یَا جَابِرُ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی قَدْ خَلَقَ قَبْلَ الْاَشْیَاءِ نُوْرَ نَبِیِّکَ مِنْ نُوْرِہٖ۔ اے جابر! بے شک اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء سے پہلے تیرے نبی کا نور اپنے نور سے پیدا کیا رَوَاہُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَنَحْوَہٗ عِنْدَ الْبَیْھَقِیْ۔

حدیث میں نُوْرِہٖ فرمایا جس کی ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف ہے۔ کہ اسم ذات ہے۔ مِنْ نُوْرِ جَمَالِہٖ یَا نُوْرِ عِلْمِہٖ یَا نُوْرِ رَحْمَتِہٖ وغیرہ نہ فرمایا کہ نور صفات سے تخلیق ہو۔

علامہ زرقانی رحمہ اللہ تعالیٰ اسی حدیث کے تحت میں فرماتے ہیں (مِنْ نُوْرِہٖ) اَیْ مِنْ نُوْرٍ ھُوَ ذَاتُہٗ۔ یعنی اللہ عزّ و جلّ نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کو اُس نور سے پیدا کیا۔ جو عینِ ذاتِ الٰہی ہے۔ یعنی اپنی ذات سے بلا واسطہ پیدا کیا۔ کَمَا سَیَاْتِیْ تَقْرِیْرُہٗ

امام احمد قسطلانی مواہب شریف میں فرماتے ہیں:۔ لَمَّا تَعَلَّقَتْ اِرَادَۃُ الْحَقِّ تَعَالٰی بِاِیْجَادِ خَلْقِہٖ اَبْرَزَ الْحَقِیْقَۃَ الْمُحَمَّدِیَّۃَ مِنَ الْاَنْوَارِ الصَّمَدِیَّۃِ فِی الْحَضْرَۃِ الْاَحَدِیَّۃِ ثُمَّ سَلَخَ مِنْھَا الْعَوَالِمَ کُلَّھَا عُلْوَھَا وَ سِفْلَھَا۔ یعنی جب اللہ عزّ و جلّ نے مخلوقات کا پیدا کرنا چاہا صمدی نوروں سے مرتبہ ذات صرف میں حقیقت محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کو ظاہر فرمایا۔ پھر اُس سے تمام عالم علوی و سفلی نکالے۔

اور شرح علامہ میں ہے:۔ وَالْحَضْرَۃُ الْاَحَدِیَّۃُ ھِیَ اَوَّلُ تَعَیُّنَاتِ الذَّاتِ وَاَوَّلُ رُتَبِھَا الَّذِیْ لَا اِعْتِبَارَ فِیْہِ لِغَیْرِ الذَّاتِ کَمَا ھُوَ الْمُشَارُ اِلَیْہِ بِقَوْلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اللّٰہُ وَلَا شَیْءَ مَعَہٗ۔ ذَکَرَہُ الْکَاشِیْ یعنی مرتبہ احدیت ذات کا پہلا تعین اور پہلا مرتبہ ہے۔ جس میں غیر ذات کا اصلاً لحاظ نہیں

جس کی طرف نبی صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے اس ارشاد میں اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تھا۔ اور اس کے ساتھ کچھ نہ تھا۔ اسے سیدی کاشی قدس سرہٗ نے ذکر فرمایا۔

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں "انبیاء مخلوق اند از اسمائے ذاتیہ حق۔ و اولیاء از اسمائے صفاتیہ ولقبیہ کائنات از صفاتِ فعلیہ۔ و سیّد رُسل مخلوق است از حق و ظہور حق در وئے بالذات است۔"

ہاں عین ذاتِ الٰہی سے پیدا ہوتے کے یہ معنی نہیں کہ معاذ اللہ ذاتِ الٰہی ذاتِ رسالت کے لئے مادہ ہے۔ جیسے انسان مٹی سے پیدا ہوا۔ یا عیاذاً باللہ ذاتِ الٰہی کا کوئی حصّہ یا کل ذات نبی ہو گیا۔ اللہ عزّ وجلّ حصّے اور ٹکڑے اور کسی کے ساتھ متحد ہو جانے یا کسی شئے میں حلول فرمانے سے پاک و منزہ ہے۔ حضور سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خواہ کسی شئے کو جزءِ ذاتِ الٰہی۔ خواہ کسی مخلوق کو عین و نفس ذاتِ الٰہی ماننا کفر ہے اس تخلیق کے اصل معنی تو اللہ و رسول جانیں جلّ وعلا و صلّی اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم۔ عالم میں ذاتِ رسول کو تو کوئی پہچانتا نہیں۔ حدیث میں ہے یَا اَبَا بَکْرٍ لَمْ یَعْرِفْنِیْ حَقِیْقَۃً غَیْرُ رَبِّیْ۔ اے ابو بکر! مجھے جیسا میں حقیقت میں ہوں میرے رب کے سوا کسی نے نہ جانا۔ ذاتِ الٰہی سے اس کے پیدا ہونے کی حقیقت کسے مفہوم ہو۔ مگر اس میں فہم ظاہر بیں کا جتنا حصّہ ہے۔ وہ یہ ہے کہ حضرت حق عزّ جلالہ نے تمام جہان کو حضور پر نور محبوب اکرم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے واسطے پیدا فرمایا۔ حضور نہ ہوتے تو کچھ نہ ہوتا۔ لَوْلَاکَ مَا خَلَقْتُ الدُّنْیَا۔ آدم علیہ الصّلوٰۃ والسّلام

Marfat.com

سے ارشاد ہوا۔ لَوْلَا مُحَمَّدٌ مَا خَلَقْتُكَ وَلَا اَرْضًا وَلَا سَمَاءً اگر محمد نہ ہوتے۔ تو میں نہ تمہیں بناتا۔ نہ زمین کو نہ آسمان کو۔ تو سارا جہان ذات الٰہی سے بواسطہ حضور صاحب لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدا ہوا۔ یعنی حضور کے واسطے۔ حضور کے صدقے۔ حضور کے طفیل ہیں۔ لِاَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَفَاضَ الْوُجُوْدَ مِنْ حَضْرَةِ الْعِزَّةِ ثُمَّ هُوَ اَفَاضَ الْوُجُوْدَ عَلٰى سَائِرِ الْبَرِيَّةِ كَمَا تَزْعَمُ كَفَرَةُ الْفَلَاسِفَةِ مِنْ تَوْسِيْطِ الْعُقُوْلِ تَعَالَى اللّٰهُ عَمَّا يَقُوْلُ الظَّالِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا۔ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ۔ بخلاف ہمارے حضور عین النور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے۔ کہ وہ کسی کے طفیل میں نہیں اپنے رب کے سوا کسی کے واسطے نہیں۔ تو وہ ذاتِ الٰہی سے بلا واسطہ پیدا ہیں۔

زرقانی شریف میں ہے:۔ اَیْ مِنْ نُوْرٍ هُوَ ذَاتُهٗ لَا بِمَعْنٰى اَنَّهَا مَادَّةٌ خَلَقَ نُوْرَهٗ مِنْهَا بَلْ بِمَعْنٰى تَعَلُّقِ الْاِرَادَةِ بِهٖ بِلَا وَاسِطَةِ شَيْءٍ فِيْ وُجُوْدِهٖ۔ یا زیادہ سے زیادہ بغرض توضیح ایک کمال ناقص مثال یوں خیال کیجئے۔ کہ آفتاب نے ایک عظیم وجمیل وجلیل آئینہ پر تجلّی کی۔ آئینہ چمک اٹھا۔ اور اس کے نور سے اور آئینے اور پانی کے چشمے اور ہوائیں اور سائے روشن ہوئے۔ آئینوں اور چشموں میں صرف ظہور نہیں بلکہ اپنی اپنی استعداد کے لائق شعاع بھی پیدا ہوئی کہ اور چیز کو روشن کر سکے۔ کچھ دیوار و پر دھوپ پڑی۔ یہ کیفیت نور سے متکیّف ہیں اگرچہ اور کو روشن نہ کریں جن تک دھوپ بھی نہ پہنچی۔ وہ ہوائے متوسط ظاہر کیں۔ جیسے دن میں

Marfat.com

مسقّف دالان کی اندرونی دیواریں ان کا حصہ صرف اسی قدر ہوا کہ کیفیت نور سے بہرہ نہ پایا۔ پہلا آئینہ خود ذاتِ آفتاب سے بلا واسطہ روشن ہے۔ اور باقی آئینے چشمے اس کے واسطے سے اور دیواریں وغیرہا واسطہ در واسطہ۔ پھر جس طرح وہ نور کہ آئینۂ اول پر پڑا۔ بعینہ آفتاب کا نور ہے۔ بغیر اس کے کہ آفتاب خود یا اس کا کوئی حصہ آئینہ ہو گیا ہو یونہی باقی آئینے اور چشمے کہ اس آئینے سے روشن ہوئے۔ اور دیوار وغیرہ اشیاء جن پر ان کی دھوپ پڑی۔ یا صرف ظاہر ہوئیں۔ ان سب پر بھی یقیناً آفتاب ہی کا نور اور اسی سے ظہور ہے۔ آئینے اور چشمے فقط واسطہ وصول ہیں۔ ان کی حدِ ذات میں دیکھو۔ تو یہ خود نور تو نور ظہور سے بھی حصہ نہیں رکھتے ؎

یک چراغ ست دریں خانہ کہ از پرتوِ آں
ہر کجا مے نگری انجمنے ساختہ اند

یہ نظیر محض ایک طرح کی تقریب فہم کے لئے ہے جس طرح ارشاد ہوا مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ورنہ کجا چراغ اور کجا وہ نور حقیقی۔ وَ لِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى۔ توضیح صرف ان دو باتوں کی منظور ہے ایک یہ کہ دیکھو۔ آفتاب سے تمام اشیاء منور ہوئیں۔ بے اس کے کہ آفتاب خود آئینہ ہو گیا۔ یا اس میں سے کچھ جدا ہو کر آئینہ بنا۔ دوسرے یہ کہ ایک آئینہ نفسِ ذاتِ آفتاب سے بلا واسطہ روشن ہے باقی بوسائط در نہ حاشا کہاں مثال اور کہاں وہ بارگاہِ جلال۔ باقی اشیاء سے کہ مثال میں بالواسطہ منور مانیں آفتاب حجاب میں ہے۔ اور اللہ عزّ وجلّ ظاہر فوق کل ظاہر ہے۔ آفتاب تک ان اشیاء تک اپنے وصول نور میں وسائط کا

Marfat.com

محتاج ہے۔ اور اللہ عزّ وجلّ احتیاج سے پاک۔ غرض کسی بات میں تطبیق مراد نہ ہرگز ممکن۔ حتیٰ کہ لفظ وساطت بھی یکساں نہیں۔ کما لا یخفٰی وَقَدْ اَشَرْنَا اِلَیْہِ۔

سیدی ابو سالم عبداللہ عیاشی ہم استاذ علامہ محمد زرقانی تلمیذ علامہ ابو الحسن شبراملسی اپنی کتاب الرحلۃ پھر سیدی علامہ عشماوی رحمہم اللہ تعالیٰ جمیعًا شرح صلاۃ حضرت سیدی احمد بدوی کبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں فرماتے ہیں۔

اِنَّمَا یُدْرِکُہٗ عَلٰی حَقِیْقَتِہٖ مَنْ عَرَفَ مَعْنٰی قَوْلِہٖ تَعَالٰی اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَتَحْقِیْقُ ذٰلِکَ عَلٰی مَا یَنْبَغِیْ لَیْسَ مِمَّا یُدْرَکُ بِبِضَاعَۃِ الْعُقُوْلِ وَلَا مِمَّا تَتَسَلَّطُ عَلَیْہِ الْاَوْھَامُ وَاِنَّمَا یُدْرَکُ بِکَشْفٍ اِلٰھِیٍّ وَ اِشْرَاقٍ حَقِّہٖ مِنْ اَشِعَّۃِ ذٰلِکَ النُّوْرِ فِیْ قَلْبِ الْعَبْدِ فَیُدْرِکُ نُوْرَ اللّٰہِ بِنُوْرِہٖ وَاَقْرَبُ تَقْرِیْرٍ یُّعْطِیْ لِقُرْبٍ مِنْ فَھْمِ مَعْنَی الْحَدِیْثِ اِنَّہٗ لَمَّا کَانَ النُّوْرُ الْمُحَمَّدِیُّ اَوَّلَ الْاَنْوَارِ الْحَادِثَۃِ الَّتِیْ تَجَلّٰی بِھَا النُّوْرُ الْقَدِیْمُ الْاَزَلِیُّ وَھُوَ اَوَّلُ التَّعَیُّنَاتِ لِلْوُجُوْدِ الْمُطْلَقِ الْحَقَّانِیِّ وَھُوَ مَدَدُ کُلِّ نُوْرٍ کَائِنٍ اَوْ یَکُوْنُ وَکَمَا اَشْرَقَ النُّوْرُ الْاَوَّلُ فِیْ حَقِیْقَتِہٖ فَتَنَوَّرَتْ بِحَیْثُ صَارَتْ ھُوَ نُوْرًا اَشْرَقَ نُوْرُہٗ

Marfat.com

المحمدی علی حقائق الموجودات شیئاً فشیئاً فھی تستمد
منه علی قدر تنورها بحسب کثرة الوسائط و قلتها
و عدمها و کلما اشرق نوره علی نوع من انواع الحقائق
ظهر النور فی مظهر الانقسام فقد کان النور الحادث
اولاً شیئاً واحداً ثم اشرق فی حقیقة اخری فاستنار
بنوره تنوراً کاملاً بحسب ما تقتضیه حقیقتها فحصل
فی الوجود الحادث نوران مفیض و مفاض و فی نفس الامر
لیس هناك الا نوراً واحداً اشرق فی قابل الاستنارة
یتنور بتعدد ذات المظاهر والظاهر واحد ثم کذلك
کلما اشرق فی محل ظهر بصورة الانقسام و قد یشرق
نور المفاض علیه ایضاً بحسب قوته علی قوابل اخر
فتتنور بنوره فیحصل انقسام آخر بحسب المظاهر و
کلها راجعة الی النور الاول الحادث اما بواسطة او بدو
قال و هذا غایة ما تصل الیه العبارة فی هذا التقریر
و مثلی فی قصر باعه و عدم تضلعه من العلوم الالهیة
ان زاد فی التقریب حسی علی و اقرب مثال یضرب لذلك
نور المصباح تصبح منه مصابیح کثیرة و هو فی نفسه

باقٍ علی ما ھو علیہ لم ینقص منہ شیئٌ و اقرب من ھذا المثال الی التحقیق و ابعد عن الافھام نور الشمس المشرق فی الاھلۃ والکواکب علی القول بان الکل مستنیرٌ بنورہ و لیس لھا نورٌ من ذاتھا فقد یقال بحسب النظر الاول ان نور الشمس منقسمٌ فی ھذہ الاجرام العلویۃ و فی الحقیقۃ لیس ھذا الا نورھا و ھو قائمٌ بھا لم ینقص منہ شیئٌ و یزالھا منہ شیئٌ و لکنہ اشرق فی اجرام قابلۃ الاستنارۃ فاستنارت و اقرب من ھذا للفھم ما یحصل فی الاجرام السفلیۃ من اشراق اشعۃ الشمس علی الماءِ او قواریر الزجاج فیستنیر ما یقابلھا من الجدران بحیث یلمح فیھا نورٌ کنور الشمس مشرقٌ باشراقہ و لم ینفصل شیئٌ من نور الشمس عن محلہ الی ذلک المحل و من کشف اللّٰہ حجاب الغفلۃ عن قلبہ و اشرقت الانوار المحمدیۃ علی قلبہ بصدق اتباعہ لہ ادرک الامر درکا اٰخر لا یحتمل شکا و لا وھما نسئل اللّٰہ تعالی ان ینور بنور العلم الالٰھی بصائرنا و یحجب عن ظلمات الجھل سرائرنا و یغفرلنا ما اجترأنا علیہ من الخوض فیما لسنا لہ باھلٍ و نسئلہ ان لا یؤاخذنا بما تقتضیہ العبارۃ من تقصیرٍ فی حق ذلک الجناب اھ مختصراً

اس تقریرِ منیر سے مقاصدِ مذکورہ کے سوا چند فائدے اور حاصل ہوئے اوّلاً یہ بھی روشن ہو گیا کہ تمام عالم نورِ محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کیونکر

Marfat.com

بنا۔ بے اس کے کہ نور حضور تقسیم ہوا۔ یا اس کا کوئی حصہ این و آں بنا ہو۔ اور یہ کہ وہ جو حدیث میں ارشاد ہوا۔ کہ پھر اس نور کے چار حصے کیے۔ تین سے قلم و لوح و عرش بنائے۔ چوتھے کے پھر چار حصے کئے۔ الی آخرہ۔ یہ اس کی شعاعوں کا انقسام ہے۔ جیسے ہزارہا آئینوں میں آفتاب کا نور چمکے۔ تو وہ ہزار حصوں پر منقسم نظر آئیگا۔ حالانکہ نہ آفتاب منقسم ہوا۔ نہ اس کا کوئی حصہ آئینوں میں آیا۔ واندفع ما استشکلہ العلامۃ الشبرملسی ان الحقیقۃ الواحدۃ لا تنقسم ولیست الحقیقۃ المحمدیۃ الاواحدۃ من تلک الاقسام والباقی ان کان منھا ایضا فقد انقسمت وان کان غیرھا فما معنی الانقسام وحاول الجواب وتبعہ فیہ تلمیذہ العلامۃ الزرقانی بان المعنی انہ زاد فیہ لا انہ قسم ذلک النور الذی ھو نور المصطفیٰ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اذ الظاھر انہ حیث طورہ بصورۃ مماثلۃ لصورۃ التی سیصیر علیہ لا ینقسم، الیہ والی غیرہ اھ وحاصل جوابہ کما قررہ تلمیذہ العیاشی ان معنی الانقسام زیادۃ نور علی ذلک النور المحمدی فیؤخذ ذلک الزائد ثم یزداد علیہ نور اخر ثم کذلک الی اخر الاقسام قال العیاشی وھذا جواب مقنع بحسب الظاھر والتحقیق واللہ تعالی اعلم وراء ذلک اھ ثم ذکر ما نقلنا عنہ انفا ورایتنی کتبت علی ھامش الزرقانی ما نصہ **اقول** تبع فیہ شیخہ الشبراملسی الحق لا معنی لہ فانہ اذن لا یکون التخلیق من نورہ صلی اللہ

Marfat.com

تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ خِلَافُ الْمَنْصُوْصِ وَالمراد اھ

اقول وَیُمْکِنُ الْجَوَابُ بِاَنَّ الْمُرَادَ اِنَّہٗ تَعَالٰی کَسَاہُ شُعَاعًا اَکْثَرَ مِمَّا کَانَ ثُمَّ فَصَّلَ مِنْ شُعَاعِہٖ شَیْئًا وَقَسَّمَہٗ کَمَا تَاْخُذُ الْمَلٰئِکَۃُ شَیْئًا مِنَ الْاَشِعَّۃِ الْمُحِیْطَۃِ بِالْکَوَاکِبِ فَتَرْمِیْ بِہٖ مُسْتَرِقِی السَّمْعِ وَیُقَالُ بِذٰلِکَ اَنَّ النُّجُوْمَ لَھَا رُجُوْمٌ وَلٰکِنَّ مَنَّ الْمَوْلٰی تَعَالٰی مِنْ ذٰلِکَ التَّقْرِیْرِ الْمُنِیْرِ مَا اَغْنٰی عَنْ کُلِّ تَکَلُّفٍ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ وَقَدْ کَانَ مَنَّ لِلْعَبْدِ الضَّعِیْفِ ثُمَّ رَاَیْتُہٗ فِیْ شَرْحِ الْعَشْمَاوِیْ جَزَاہُ اللّٰہُ تعالٰی عَنِّیْ وَعَنِ الْمُسْلِمِیْنَ خَیْرًا کَثِیْرًا اٰمِین

ثانیاً اقول یہ شبہ بھی دفع ہو گیا۔ کہ خلق میں کفار و مشرکین بھی ہیں وہ محض ظلمت ہیں۔ تو اس نور پاک سے کیونکر بنے۔ اور نرے نجس ہیں تو اس نور پاک سے کیونکر مخلوق مانے گئے۔ وجہ اندفاع ہماری تقریر سے روشن۔ ظلمت ہو یا نور جس نے خلعت وجود پایا ہے۔ اس کے لئے تجلی آفتاب وجود سے ضرور حصہ ہے۔ اگرچہ نور نہ ہو۔ صرف ظہور ہو کما تقدم اور شعاع شمس ہر پاک و ناپاک جگہ پڑتی ہے۔ جو جگہ فی نفسہ ناپاک ہے۔ اس سے دھوپ ناپاک نہیں ہو سکتی۔

ثالثاً اقول۔ یہ بھی ظاہر ہو گیا۔ کہ جس طرح مرتبہ وجود میں صرف ایک ذات حق ہے۔ باقی سب اسی کے پرتو وجود سے موجود۔ یونہی مرتبہ ایجاد میں صرف ایک ذات مصطفٰے ہے۔ باقی سب پر اسی کے عکس کا فیض جود مرتبۂ کون میں نور احدی آفتاب ہے۔ اور تمام عالم اس کے آئینے۔ اور مرتبہ تکوین میں نور احمدی آفتاب ہے۔ اور سارا جہان اس کے آئینے و

فی ہذا۔

اقول ؎

خالقِ کُلّ الوریٰ رَبُّکَ لَا غیرہٗ نُورُکَ کُلّ الوریٰ غیرُکَ لم یس بن

ای لم یوجد ولیس موجوداً ولن یوجد ابداً

رابعًا اقول نورِ احدی تو نورِ احمدی پر بھی آفتاب کی یہ مثال منیر مثال چراغ سے احسن واکمل ہے۔ ایک چراغ سے بھی اگرچہ ہزاروں چراغ روشن ہو سکتے ہیں۔ یے اس کے کہ ان چراغوں میں اسکا کوئی حصہ آئے مگر دوسرے چراغ صرف حصول نور میں اسی چراغ کے محتاج ہوئے۔ بقا میں جس سے مستغنی ہیں۔ اگر انہیں روشن کر کے پہلے چراغ کو ٹھنڈا کر دیجئے ان کی روشنی میں فرق نہ آئیگا۔ نہ روشن ہونے کے بعد ان کو اس سے کوئی مدد پہنچ رہی ہے۔ معہذا کسب نور کے بعد ان میں اور اس چراغ اول میں کچھ فرق نہیں رہتا۔ سب یکساں معلوم ہوتے ہیں۔ بخلاف نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ عالم جس طرح اپنی ابتدائے وجود میں اس کا محتاج تھا کہ وہ نہ ہوتا۔ تو کچھ نہ بنتا۔ یونہی ہر شے اپنی بقا میں اس کی دستِ نگر ہے۔ آج اس کا قدم درمیان سے نکال لیں۔ تو عالم دفعۃً فنائے محض ہو جائے ؎

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا۔ وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو

جان ہیں وہ جہان کی۔ جان ہے تو جہان ہے

۱۳۵۸۷

نیز جس طرح ابتدائے وجود میں تمام جہان اس سے مستفیض ہوا۔ بعد وجود بھی ہر آن اُسی کی مدد سے بہرہ یاب ہے۔ پھر تمام جہان میں کوئی اس کے مساوی نہیں ہو سکتا۔ یہ نسبتوں یا نہیں مثالِ آفتاب سے روشن ہیں۔ آئینے اُسی سے روشن ہوئے۔ اور جب تک روشن ہیں۔ اسی کی مدد پہنچ رہی ہے۔ اور آفتاب سے

علاقہ چھوٹتے ہی فوراً اندھیرے ہیں۔ پھر کتنے ہی چمکیں۔ سورج کی برابری نہیں پا سکتے یہی حال ایک ذرہ عالم عرش و فرش اور جو کچھ ان میں ہے۔ اور دنیا و آخرت اور ان کے اہل۔ اور انس و جن و ملک و شمس و قمر و نجوم و جملہ انوار ظاہرہ و باطنہ حتے کہ شموس رسالت علیہم الصلوٰۃ والتحیۃ کا ہمارے آفتاب جہانتاب عالم مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام من الملک الوہاب کے ساتھ ہے کہ ہر ایک ایجاد و ابداء و انبذار و بقا میں ہر حال ہر آن ان کا دست نگر۔ ان کا محتاج ہے۔ وللہ الحمد

امام اجل محمد بوصیری قدس سرہ ام القریٰ میں عرض کرتے ہیں ؎

کَیْفَ تَرْقٰی رُقِیَّكَ الْاَنْبِیَاءُ ۔۔۔ یَا سَمَآءً مَّا طَاوَلَتْهَا سَمَاءُ

لَمْ یُسَاوُوْكَ فِیْ عُلَاكَ وَقَدْ حَا ۔۔۔ لَ سَنًا مِّنْكَ دُوْنَهُمْ وَسَنَاءُ

اِنَّمَا مَثَّلُوْا صِفَاتِكَ لِلنَّا ۔۔۔ سِ کَمَا مَثَّلَ النُّجُوْمَ الْمَاءُ

یعنی انبیاء حضور کی سی ترقی کیونکر کریں۔ اے وہ آسمان رفعت جس سے کسی آسمان نے بلندی میں مقابلہ نہ کیا۔ انبیاء حضور کے کمالات عالیہ میں حضور کے ہمسر نہ ہوئے حضور کی جھلک اور بلندی نے ان کو حضور تک پہنچنے سے روک دیا۔ وہ تو حضور کی صفتوں کی ایک شبیہ لوگوں کو دکھاتے ہیں جیسے ستاروں کا عکس پانی دکھاتا ہے یہ نہی تشبیہ تقریر ہے جو ہم نے ذکر کی۔ وہاں ذات کریم و افاضۂ انوار کا ذکر تھا۔ لہذا آفتاب سے تمثیل دی۔ یہاں صفات کریمہ کا بیان ہے لہذا ستاروں سے تشبیہ مناسب ہوئی۔ مطالع المسرات شریف میں ہے۔

اِسْمُهٗ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُحْیِیْ لِحَیَاةِ جَمِیْعِ الْکَوْنِ بِهٖ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ رُوْحُهٗ وَحَیَاتُهٗ وَسَبَبُ وُجُوْدِهٖ وَبَقَائِهٖ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک محیی ہے زندہ فرمانے والے اس لئے کہ سارے جہان کی زندگی حضور سے ہے۔ تو حضور تمام عالم کی جان و زندگی اور

Marfat.com

اس کے وجود و بقا کے سبب ہیں۔

اُسی میں ہے:۔ هُوَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رُوْحُ الْاَکْوَانِ وَحَیَاتُهَا وَسِرُّ وُجُوْدِهَا وَلَوْلَاہُ لَذَهَبَتْ وَتَلَاشَتْ کَمَا قَالَ سَیِّدِیْ عَبْدُ السَّلَامِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وَنَفَعَنَا بِہٖ لَا شَیْءَ اِلَّا وَهُوَ بِہٖ مَنُوْطٌ اِذْ لَوْلَا الْوَاسِطَةُ لَذَهَبَ کَمَا قِیْلَ الْمَوْسُوْطُ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام عالم کی جان و حیات و سبب وجود ہیں حضور نہ ہوں۔ تو عالم نیست و نابود ہو جائے۔ کہ حضرت سیّدی عبد السلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ کہ عالم میں کوئی ایسا نہیں جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دامن سے وابستہ نہ ہو۔ اس لئے کہ واسطہ نہ رہے۔ تو جو اُس کے واسطہ سے تھا۔ آپ ہی فنا ہو جائے

ہمزیہ شریف میں ارشاد فرمایا:۔ ۵

كُلُّ فَضْلٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ فَمِنْ فَضْلِ ۔۔۔ النَّبِيِّ اسْتَعَارَهُ الْفُضَلَاءُ

جہان والوں میں جو خوبی جس کسی میں ہے۔ وہ اس نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضل سے مانگے کو لی ہے۔

امام ابن حجر مکی افضل القری میں فرماتے ہیں:۔ لِاَنَّهُ الْمُمِدُّ لَهُمْ اِذْ هُوَ الْوَارِثُ لِلْحَضْرَةِ الْاِلٰهِيَّةِ وَالْمُسْتَمِدُّ مِنْهَا بِلَا وَاسِطَةٍ دُوْنَ غَيْرِهٖ فَاِنَّهٗ لَا يُسْتَمَدُّ مِنْهَا اِلَّا بِوَاسِطَتِهٖ فَلَا يَصِلُ لِكَامِلٍ مِنْهَا شَيْءٌ اِلَّا وَهُوَ مِنْ بَعْضِ مَدَدِهٖ وَعَلٰى يَدَيْهِ ۔ تمام جہان کی امداد کرنے والے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔ اس لئے کہ حضور ہی بارگاہ الٰہی کے وارث ہیں بلا واسطہ خدا تعالیٰ سے حضور ہی مدد لیتے ہیں۔ اور تمام عالم مدد الٰہی حضور کی وساطت سے لیتا ہے۔ تو جس کامل کو جو خوبی ملی۔ وہ حضور ہی کی مدد اور حضور ہی کے ہاتھوں سے ملی۔

شرح ہمدی عشماوی میں ہے:۔ نِعْمَتَانِ مَا خَلَا مَوْجُوْدٌ عَنْهُمَا نِعْمَةُ الْاِيْجَادِ وَنِعْمَةُ الْاِمْدَادِ وَهُوَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَاسِطَةُ فِيْهِمَا اِذْ لَوْلَا سَبَقَتْ وُجُوْدُهٗ مَا وُجِدَ مَوْجُوْدٌ وَلَوْلَا وُجُوْدُ نُوْرِهٖ فِىْ ضَمَائِرِ الْكَوْنِ لَتَهَدَّمَتْ دَعَائِمُ الْوُجُوْدِ فَهُوَ الَّذِیْ وُجِدَ اَوَّلًا وَلَهٗ تَبِعَ الْوُجُوْدُ وَصَارَ مُرْتَبِطًا بِهٖ لَا اِسْتِغْنَاءَ لَهٗ عَنْهُ کوئی موجود دو نعمتوں سے خالی نہیں نعمت ایجاد و نعمت امداد۔ اور ان دونوں میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم ہی واسطہ ہیں۔ کہ حضور پہلے موجود نہ ہو لیتے۔ تو کوئی چیز وجود نہ پاتی۔ اور عالم کے اندر حضور کا نور موجود نہ ہو۔ تو وجود کے ستون ڈھے جائیں تو حضور ہی پہلے موجود ہوئے اور تمام جہان حضور کا طفیلی اور حضور سے وابستہ ہوا۔ جسے کسی طرح حضور سے بے نیازی نہیں

ان مضامین جمیلہ پر کثرت ائمہ وعلماء کے نصوص جلیلہ فقیر کے رسالہ سلطنۃ المصطفٰے فِیْ مَلَکُوْتِ کُلِّ الْوَرٰی میں ہیں۔ وللہ الحمد۔

خَامِسًا ہماری تقریر[۱۲] سے یہ بھی واضح ہو گیا۔ کہ حضور خود نور ہیں۔ تو حدیث مذکور میں نُوْرَ نَبِیِّکَ کی اضافت بھی مِنْ نُوْرِہٖ کی طرح بیانیہ ہے۔ سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اظہار نعمت الٰہیہ کے لئے عرض کی وَاجْعَلْنِیْ نُوْرًا۔ اور خود ربّ العزت عزّ جلالہ نے قرآن عظیم میں ان کو نور فرمایا:۔ قَدْ جَاءَ کُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ پھر حضور کے نور ہونے میں کیا شبہ رہا۔

اَقُوْلُ اگر نُوْرَ نَبِیِّکَ میں اضافت بیانیہ نہ لو۔ بلکہ نور سے وہی معنی مشہور یعنی روشنی کہ عرض و کیفیت ہے مراد لو۔ تو سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم اوّل مخلوق نہ ہوئے۔ بلکہ ایک عرض وصفت۔ پھر وجود موصوف سے پہلے صفت کا وجود کیونکر ممکن۔ لاجرم حضور خود ہی وہ نور ہیں کہ سب سے پہلے مخلوق ہوا۔

فَلَا حَاجَۃَ اِلٰی مَا قَالَ الْعَلَّامَۃُ الزُّرْقَانِیُّ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی مِنْ اَنَّہٗ لَا یُشْکِلُ بِاَنَّ النُّوْرَ عَرَضٌ لَا یَقُوْمُ بِذَاتِہٖ لِاَنَّ ھٰذَا مِنْ خَرْقِ الْعَوَائِدِ اھ ورآیتی کتبت علیہ لم لا یقال فیہ کما سنقولون فی قرینہ من نورہ اِنَّ الْاِضَافَۃَ بَیَانِیَّۃٌ اھ

وَاَقُوْلُ خَرْقُ الْعَوَائِدِ لَا کَلَامَ فِیْہِ وَالْقُدْرَۃُ مُتَّسِعَۃٌ وَ لٰکِنَّ وُجُوْدَ الصِّفَۃِ بِدُوْنِ الْمَوْصُوْفِ مِمَّا لَا یُعْقَلُ لِاَنَّھَا اِنْ قَامَتْ بِغَیْرِہٖ لَمْ تَکُنْ صِفَۃً لَّہٗ بَلْ لِغَیْرِہٖ اَوْ بِنفسھا لم تکن صفۃً مثلاً اذ لا صفۃ اِلَّا المعنی القائم بغیرہ فاذا قام بنفسہ لم یکن صفۃً وعرضًا بل جوھرًا وکونہ عرضًا مع قیامہ بِنَفْسِہٖ لَمْ یَکُنِ الضِّدَّیْنِ وَالْقُدْرَۃُ تَعَالَیْتُ عَنِ التَّعَلُّقِ بِالمحالات العقلیۃ وَوزن الاعمال بمعنی وَزْنُ الصُّحُفِ وَ البطاقات کما فی حدیث اَحْمَدَ وَالتِّرْمِذِیِّ وَابْنِ مَاجَۃَ وَابْنِ حِبَّانَ وَالْحَاکِمِ وَصَحَّحَہٗ وَابن مردویۃ واللالکائی وَالبیھقی فی البعث عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ سَیُخَلِّصُ رَجُلًا مِنْ اُمَّتِیْ عَلٰی رُءُوْسِ الْخَلَائِقِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ فَیَنْشُرُ عَلَیْہِ تِسْعَۃً وَّتِسْعِیْنَ سِجِلًّا کُلُّ سِجِلٍّ مِثْلُ مَدِّ الْبَصَرِ ثُمَّ یَقُوْلُ اَتُنْکِرُ مِنْ ھٰذَا شَیْئًا اَظَلَمَکَ کَتَبَتِی الْحَافِظُوْنَ فَیَقُوْلُ لَا یَا رَبِّ فَیَقُوْلُ اَفَلَکَ عُذْرٌ قَالَ لَا یَا رَبِّ فَیَقُوْلُ بَلٰی اِنَّ لَکَ عِنْدَنَا حَسَنَۃً وَاِنَّہٗ لَا ظُلْمَ عَلَیْکَ الْیَوْمَ فَتَخْرُجُ بِطَاقَۃٌ فِیْھَا اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ

Marfat.com

رَسُوْلُہٗ فَیَقُوْلُ اُحْضُرْ وَزْنَکَ فَیَقُوْلُ یَا رَبِّ مَا ھٰذِہِ الْبِطَاقَۃُ مَعَ ھٰذِہِ السِّجِلَّاتِ فَیَقُوْلُ اِنَّکَ لَا تُظْلَمُ قَالَ فَتُوْضَعُ السِّجِلَّاتُ فِیْ کِفَّۃٍ وَّ الْبِطَاقَۃُ فِیْ کِفَّۃٍ فَطَاشَتِ السِّجِلَّاتُ وَ ثَقُلَتِ الْبِطَاقَۃُ فَلَا یَثْقُلُ مَعَ اِسْمِ اللّٰہِ شَیْئٌ۔ بالجملہ حاصل حدیث شریف یہ ٹھہرا کہ اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذاتِ پاک کو اپنی ذاتِ کریم سے پیدا کیا۔ یعنی عین ذات کی تجلی بلاواسطہ ہمارے حضور ہیں۔ باقی سب ہمارے حضور کے نور و ظہور ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیٰ آلہ وصحبہ و بارک وکرم۔ واللہ سبحانہ، وتعالیٰ اعلم۔

مسئلہ از کلکتہ مچھوا بازار اسٹریٹ نمبر ۱۲ متصل چولیا مسجد مرسلہ حکیم اظہر علی صاحب ۲۰ ذیقعدہ ۱۳۲۹ھ

بحضور اقدس جناب مولانا مدظلہ العالی۔ یہ اشتہار ترسیل خدمت ہے اگر صحیح ہو۔ تو اس پر صاد کر دیا جائے۔ وَاِلَّا جواب مفصل ترقیم فرمائیں والادب اظہر علی عفی عنہ۔

نقل اشتہار

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا۔ نور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اللہ تعالیٰ کا ذاتی نور یعنی جزء ذات یا عین ذات یا ذات کا ٹکڑا نہیں ہے۔ بلکہ پیدا کیا ہوا نور مخلوق ہے۔ جیسا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ۔ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ الْقَلَمَ۔ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ الْعَقْلَ کَمَا فِیْ تَارِیْخِ الْخَمِیْسِ وَفِیْ سِرِّ الْاَسْرَارِ اور نور ذاتی کہنے سے نور رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو جزء ذات یا عین ذات یا ٹکڑا ذاتِ خدا

Marfat.com

تعالیٰ کا کہنا لازم آتا ہے۔ یہ کلام کفر ہے۔ اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قدیم ہونا لازم آتا ہے۔ کیونکہ ذاتی کے معنی اگر اصطلاحی لیے جائیں۔ تو جزو خدا یا عین خدا۔ یا ٹکڑا ذاتِ خدا کا ہونا لازم آتا ہے۔ یہی کلام کفر ہے۔ اور عقائد بعض جہال کے یہی ہیں۔ اس سبب سے نور رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو نور ذاتی یا ذاتی نور یا اللہ تعالےٰ کی ذات کا ٹکڑا نہ کہنا چاہیئے اگر نور رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نور خدا یا نور مخلوقِ خدا یا نور ذاتِ خدا یا نورِ جمال خدا کہیں۔ تو کہنا جائز ہے۔ جیسا کہ حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ نے اپنی کتاب سر الاسرار میں فرمایا ہے۔ لَمَّا خَلَقَ اللّٰہُ تَعَالٰی رُوْحَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوَّلًا مِنْ نُوْرِ جَمَالِہٖ اور حدیث قدسی میں آیا ہے خَلَقْتُ رُوْحَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ نُوْرِ وَجْھِیْ کَمَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ کیونکہ ایک کو دوسرے کی طرف اضافت کرنے سے جزء اس کا یا عین اس کا لازم نہیں آتا ہے۔ کیونکہ مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان مغایرت شرط ہے۔ چنانچہ بیت اللہ و ناقۃ اللہ و نور اللہ و روح اللہ و غیر ذلک۔ پس ثابت ہوا۔ کہ نور رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نور مخلوق خدا یا نور ذاتِ خدا یا نور جمالِ خدا ہے۔ نور ذاتی یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات کا ٹکڑا و جزء عین نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

المشتہر عبد المہیمن قاضی علاقہ تھانہ بہو بازار وغیرہ کلکتہ

الجواب

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور بلاشبہ اللہ عزّ و جلّ کے نور ذاتی یعنی عین ذاتِ الٰہی سے پیدا ہوا ہے۔ جیسا کہ ہم نے پہلے فتوے میں تصریحات علمائے

Marfat.com

کرام سے محقق کیا۔ اور اس کے معنی بھی واہیات مشرح کر دیئے۔ حاش للہ یہ کسی مسلمان کا عقیدہ کیا گمان بھی نہیں ہو سکتا کہ نور رسالت یا کوئی چیز معاذ اللہ ذات الٰہی کا جز یا اس کا عین و نفس ہے۔ ایسا عقیدہ ضرور کفر و ارتداد ای اِدّعاءُ الجزئیۃِ مُطلقًا وَالعَینیۃِ بِمعنَی الاتحادِ ای ھُوَ ھُوَ فِی مَرتبۃِ الفرقِ اَمَّا اِنَّ الوُجُودَ وَاحِدٌ وَالمَوجُودُ وَاحِدًا فِی مَرتبۃِ الجمعِ وَالکُلُّ ظِلَالُہٗ وَعُکُوسُہٗ فِی مَرتبۃِ الفرقِ فَلَا مَوجُودُ اِلَّا ھُوَ فِی مَرتبۃِ الحَقِیقَۃِ الذَّاتِیَّۃِ اِذ لَاحَظَّ لِغَیرِہٖ فِی حَدِّ ذَاتِہٖ مِنَ الوُجُودِ اَصلًا جُملَۃً وَّاحِدَۃً مِن دُونِہٖ شَیئًا فَحقٌ وَاضِحٌ لَاشَکَّ فِیہِ مگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ عزّ وجلّ کا نور ذاتی کہنے سے نہ عین ذات یا جزو ذات ہونا لازم نہ مسلمان پر بدگمانی جائز نہ عرف عام علماء عوام میں اس سے یہ معنی مفہوم نہ نور ذات کہنے کو نور ذاتی کہنے پر ترجیح جس سے وہ جائز اور یہ ناجائز ہو۔ اولاً ذاتی کی یہ اصطلاح کہ عین ذات یا جزو ماہیت ہو۔ خاص ایساغوجی کی اصطلاح ہے۔ علماء عامہ کے عرف عام میں نہ یہ معنی مراد ہوتے ہیں نہ ہرگز مفہوم عام محاورہ میں کہتے ہیں۔ یہ میں اپنے ذاتی علم سے کہتا ہوں یعنی کسی کی سنی سنائی نہیں۔ یہ مسجد میں نے اپنے ذاتی روپیہ سے بنائی ہے۔ یعنی چندہ وغیرہ مال غیر سے نہیں۔ ائمہ اہل سنت جن کا عقیدہ ہے کہ صفات الٰہیہ عین ذات نہیں۔ اللہ عزّ وجلّ کے علم و قدرت و سمع و بصر و ارادہ و کلام و حیات کو اسکی صفت ذاتی کہتے ہیں۔ حدیقہ ندیہ میں ہے۔ اِعلَم اِنَّ الصفاتِ الَّتِی ھِیَ لَا عَینُ الذَّاتِ وَلَا غَیرُھَا اِنَّمَا ھِیَ الصِّفَاتُ الذَّاتِیَّۃُ الخ علامہ سیّد شریف قدس سرہ الشریف رسالہ تعریفات میں فرماتے ہیں۔ الصِّفَاتُ

الذّاتیۃ ھی مایوصف اللہ تعالٰی بھا ولا یوصف بضدھا نحو القدرۃ والعزۃ والعظمۃ وغیرھا وجوب ذاتی وامتناع ذاتی وامکان ذاتی کا نام حکمت وکلام وفلسفہ وغیرہا میں سنا ہوگا۔ ان الذات تقتضی لذاتہا الوجود او العدم اولا ولا کوئی بھی اپنے موصوف کا نہ عین ذات ہے نہ جز۔ بلکہ مفہومات اعتباریہ ہیں جن کے لئے خارج میں وجود نہیں کما حقق فی محلہ یونہی اصلین عنی علم کلام علم اصول فقہ میں افعال کے حسن ذاتی وقبح ذاتی کا مسئلہ اور اس میں ہمارے ائمہ ماتریدیہ کا مذہب سنا ہوگا۔ حالانکہ بداہۃً حسن وقبح نہ عین فعل ہیں نہ جزءِ فعل محقق علی الاطلاق تحریر الاصول میں فرماتے ہیں۔ کما اقتضت فیہ الاغراض والعادات واستحق بہ المدح والذم فی نظر العقول لتعلق مصالح الکل بہ ھو المراد بالذاتی للقطع بان مجرد حرکۃ الید قتلا ظلما لا تزید حقیقتہا علی حقیقتہا عدلا فلو کان الذاتی مقتضی الذات اتحد لازمھا حسنا وقبحا فانما یراد ای بالذاتی ما یجزم بہ العقل لفعل من الصفۃ بمجرد تعقلہ کائنا عن صفۃ نفس من قام بہ فاعتبارھا یوصف بانہ عدل حسن او ضدہ اھ

ثانیاً ذاتی میں یائے نسبت ہے۔ ذاتی منسوب بہ ذات اور متغایرین میں ہر اضافت مصحح نسبت جو چیز دوسرے کی طرف منسوب ہوگی ضرور وہ اس کی طرف منسوب ہوگی۔ کہ اضافت بھی ایک نسبت ہی ہے۔ تو جب نور ذات کہنا صحیح ہے۔ تو نور ذاتی کہنا بھی قطعاً صحیح ہوگا۔ ورنہ نسبت ممتنع ہوگی۔ تو اضافت ممتنع ہوگی۔ تو نور ذات کہنا بھی باطل ہو جائیگا

ھٰذَا اُخذُفَ۔ ثَالِثًا نورِ ذات کہنا جس کا جواز مانع کو بھی تسلیم ہے اس میں اضافت بیانیہ ہو۔ یعنی وہ نور عین ذاتِ الٰہی ہے تو معاذ اللہ نور رسالت کا عین ذات الوہیت ہونا لازم آتا ہے۔ پھر یہ کیوں نہ منع ہوا۔ اگر یہ کہیئے کہ یہ معنی مراد نہیں۔ بلکہ اضافت لامیہ ہے۔ اور اس کی وجہ تشریف جیسے بیت اللہ و ناقۃ اللہ و روح اللہ۔ تو اسی معنی پر نور ذاتی میں کیا حرج ہے۔ یعنی وہ نور کہ ذاتِ الٰہی سے نسبتِ خاصہ ممتازہ رکھتا ہے۔ شرح المواہب للعلامۃ الزرقانی میں ہے۔ اِضَافَۃُ تَشْرِیْفٍ وَ اِشْعَارٌ بِاَنَّہٗ خَلْقٌ عَجِیْبٌ وَ اَنَّ لَہٗ شَانًا لَہٗ مُنَاسَبَۃٌ مَّا اِلَی الْحَضْرَۃِ الرَّبُوْبِیَّۃِ عَلٰی حَدِّ قَوْلِہٖ تَعَالٰی وَ نَفَخَ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِہٖ

رَابِعًا نور ذاتی میں اگر ایک معنی معاذ اللہ کفر ہیں۔ کہ ذاتی کو اصطلاح فن ایساغوجی پر حمل کریں۔ جو ہرگز قائلوں کی مراد نہیں۔ بلکہ غالبًا ان کو معلوم بھی نہ ہوگی۔ تو نورِ ذات یا نور اللہ کہنے میں جن کا جواز خود مانع کو مسلم ہے۔ عیاذًا باللہ متعدد وجہ پر معانی کفر ہیں۔ ہم نے فتاوائے دیگر بیان کیا۔ کہ نور کے دو معنی ہیں۔ ایک ظاہر بنفسہ مظہر لغیرہ باین معنی اگر اضافت بیانیہ لو۔ تو نور رسالت عین ذاتِ الٰہی ٹھہرے۔ اور یہ کفر ہے۔ اور اگر لامیہ ہو۔ تو یہ معنی ہوں گے کہ وہ نور کہ آپ بذاتِ خود ظاہر اور ذاتِ الٰہی کا ظاہر کرنے والا ہے۔ یہ بھی کفر ہے۔ دوسرے معنی یہ کیفیت و عرض جیسے چمک و جھلک اوجالا روشنی کہتے ہیں۔ اس معنی پر اضافت بیانیہ لو۔ تو کفر عینیت کے علاوہ ایک اور کفر عرضیت عارض ہوگا۔ کہ ذاتِ الٰہی معاذ اللہ ایک عرض و کیفیت قرار پائی۔ اور اگر لامیہ لو

Marfat.com

توکسی کی روشنی کہنے سے تھا لگیا یہ مفہوم کہ یہ کیفیت اس کو عارض ہے جیسے نور شمس و نور قمر و نور چراغ۔ یوں معاذ اللہ۔ اللہ عزّ وجلّ محلِّ حوادث ٹھہر یگا۔ یہ بھی صریح ضلالت وگمراہی ومنجر بہ کفر لزومی ہے۔ ایسے خیالات سے اگر نور ذاتی کہنا ایک ایک درجہ ناجائز ہوگا۔ تو نور ذات و نور اللہ کہنا چار درجے۔ حالانکہ ان کا جواز مانع کو مسلّم ہونے کے علاوہ نور اللہ تو خود قرآن عظیم میں وارد ہے:۔ یُرِیْدُوْنَ لِیُطْفِؤُا نُوْرَ اللّٰہِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰہُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۔ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰہِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَیَاْبَى اللّٰہُ اِلَّاۤ اَنْ یُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ حدیث میں ہے۔ اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ یَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰہِ

خَامِسًا مضاف ومضاف الیہ میں اگر مغایرت شرط ہے۔ تو منسوب ومنسوب الیہ میں کیا شرط نہیں۔

سَادِسًا۔ بلکہ اس طور پر جو مانع نے اختیار کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سب سے پہلے مخلوق الٰہی نہ رہیں گے۔ دو چیزیں حضور سے پہلے مخلوق قرار پائیں گی۔ اور یہ خلافِ حدیث وخلاف نصوص ائمہ قدیم وحدیث۔ حدیث میں ارشاد ہوا۔ یَا جَابِرُ! اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ قَبْلَ الْاَشْیَاءِ نُوْرَ نَبِیِّكَ مِنْ نُّوْرِهٖ۔ اے جابر! اللہ تعالے نے تمام اشیاء سے پہلے تیرے نبی کے نور کو اپنے نور سے پیدا کیا۔ یہاں دو اضافتیں ہیں۔ نورِ نبی و نورِ خدا۔ اور مشتہر کے نزدیک اضافت میں مغایرت شرط ہے۔ تو نور نبی غیر نبی ہوا۔ اور نور خدا غیر خدا غیر خدا جو کچھ ہے مخلوق ہے۔ تو نورِ خدا مخلوق ہوا۔ اور اس نور سے نورِ

Marfat.com

بنی بنا۔ تو ضرور نورِ خدا نورِ نبی سے پہلے مخلوق تھا۔ اور نورِ نبی باقی سب اشیاء سے پہلے بنا۔ اور اشیاء میں خود نبی صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی ہیں تو نورِ نبی۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پہلے بنا۔ اور اس سے پہلے نورِ خدا بنا۔ تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دو مخلوق پہلے ہوئے یہ محض باطل ہے۔

سابعًا۔ حل یہ ہے۔ کہ ایسا غوجی میں ذاتی مقابل عرضی ہے بایں معنی اللہ عزّ وجلّ نورِ ذاتی و نورِ عرضی دونوں سے پاک و منزہ ہے مگر وہ یہاں نہ مراد نہ مفہوم۔ اور عام محاورہ میں ذاتی مقابل صفاتی و اسمائی ہے۔ اور یہاں یہی مقصود۔ بایں معنی اللہ عزّ وجلّ کے لئے نورِ ذاتی و نورِ صفاتی و نورِ اسمائی سب ہیں۔ کہ اس کی ذات و صفات و اسماء کی تجلیاں ہیں۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تجلی ذات ہیں اور انبیاء و اولیاء و سائر مخلوقات تجلی اسماء و صفات ہیں۔ جیساکہ ہم نے فتویٰ دیگر میں شیخ محقق سے نقل کیا۔ رحمہ اللہ تعالےٰ۔ واللہ تعالیٰ اعلم و علمہٗ جل مجدہ اتم۔ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی عفی عنہ

اسلام کی حقانیت اعتراضات مسیحیت اس رسالہ
عیسائی مشنری کے اسلام پر گمراہ کن گیارہ اعتراضات کے شافی جوابات ہیں
بے مثال رسالہ ہے۔ **قیمت:۔ چار آنے**
ملنے کا پتہ:۔ **مکتبہ سواد اعظم۔ لال کھوہ موچی گیٹ لاہور**

آفتابِ رسالت کے طلوع و غروب کے وقت دن تاریخ کی کامل تحقیق بہ حساب

سنہ عیسوی و سنہ رومی اسکندرانی

نطق الہلال بارخ ولادِ الحبیب والوصال

۱۳۱۷

از برکات

مجدّدِ دین وملّت اعلیٰحضرت عظیم البرکت مولانا الشاہ مفتی محمد احمد رضا خانصاحب قدس سرہٗ

فصل اوّل

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اِن مسائل میں مسئلہ اولیٰ استقرار نطفۂ زکیہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کس ماہ و تاریخ میں ہوا؟ بینوا توجروا

الجواب: بعض غرّہ رجب کہتے ہیں رواہ الخطیب عن سیدنا سہل التستری قدس سرہٗ اور بعض دہم محرم اخرج ابونعیم وابنِ عساکر عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ قال حمل برسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی عاشوراء المحرم وولد یوم الاثنین ثنتی عشرۃ من رمضان **اقول** فیہ مسیب بن شریک ضعیف جدا اور صحیح یہ ہے کہ ماہ حج کی گیارھویں تاریخ ھکذا صححہ فی المدارج کما سیاتی **اقول** اس کی مؤید ہے حدیث ابن سعد و ابنِ عساکر کہ زنِ خثعمیہ نے حضرتِ عبداللہ کو اپنی طرف بلایا، رمی جمار کا عذر فرمایا، بعد رمی حضرتِ آمنہ سے مقاربت کی اور حملِ اقدس مستقر ہوا، پھر خثعمیہ نے دیکھ کر کہا کیا ہم بستری کی؟ فرمایا: ہاں۔ کہا وہ نور کہ میں نے آپ کی پیشانی سے آسمان تک بلند دیکھا تھا نہ رہا، آمنہ کو مژدہ دیجئے کہ اُن کے حمل میں افضلِ اہلِ زمین ہے۔ قال ابن سعد انا وھب بن جریر بن حازم ثنا ابی سمعت ابا یزید المدنی قال نبئت ان عبد اللہ فقالت ھل لک فی قال نعم حتی ارمی الجمرۃ الحدیث ظاہر ہے کہ رمی جمار نہیں ہوتی مگر حج میں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ع۔ اس کی تحقیق مسئلہ پنجم میں آتی ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

مسئلہ ثانیہ۲:۔ دن کیا تھا ؟

الجواب:۔ کہا گیا روز دوشنبہ (پیر) ذکرہ الزبیر بن بکار وبہ جزم فی تکملۃ مجمع البحار اور اصح یہ ہے کہ شبِ جمعہ تھی، اسی لیے امام احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شبِ جمعہ کو شبِ قدر سے افضل کہتے ہیں کہ یہ خیر وبرکت وکرامت وسعادت بجاس ہیں، ' ی اسکے ہمسر نہ کبھی اُتری' نہ قیامت تک اُترے، وہاں تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا ہے، یہاں مولائے ملئکہ دآقائے روح کا نزولِ اجلال عظیم الفتوح ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ "مدارج النبوۃ" میں ہے استقرار نطفہ زکیہ ما۔ اور ایام حج بر قول اصح در اوسط ایام تشریق شبِ جمعہ بود وازیں جہت امام احمد حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لیلۃ الجمعہ را افضل تر از لیلۃ القدر دانستہ الخ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ ثالثہ۳:۔ مدتِ حمل شریف کسقدر تھی ؟

الجواب:۔ دہ ونہ وہفت وشش ماہ سب کچھ کہا گیا اور صحیح نو مہینے ہیں۔ فی شرح الزرقانی للمواھب اختلف فی مدۃ الحمل بہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقیل تسعۃ اشہر کاملۃ وبہ صدر مغلطائی قال فی الغرر وھو الصحیح الخ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب۔

مسئلہ رابعہ:۔ ولادت شریف کا دن کیا ہے ؟

الجواب:۔ بالاتفاق دوشنبہ (پیر) صرح بہ العلامۃ ابن حجر فی افضل القریٰ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیر کے دن کو فرماتے ہیں ذاک یوم ولدت فیہ میں اسی دن پیدا ہوا رواہ مسلم عن ابی قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ خامسہ:۔ کیا مہینہ تھا ؟

الجواب:۔ رجب، صفر، ربیع الآخر، محرم، رمضان سب کچھ کہا گیا، اور صحیح ومشہور وقولِ جمہور "ربیع الاول" ہے۔ مدارج میں ہے "مشہور آنست کہ در ربیع الاول بود" شرح الہمزیہ میں ہے الاصح فی شہر ربیع الاول علی الصحیح۔ شرح زرقانی میں ہے قال ابن کثیر ھو المشہور عند الجمہور۔ اسی میں ہے وعلیہ العمل علماء نے بانکہ اقوالِ مذکورہ سے

آگاہ تھے، محرم ورمضان ورجب کی نفی فرمائی۔ مواہب میں ہے لم یکن فی المحرم ولا فی رجب ولا رمضان۔ شرح ام القریٰ میں ہے لم یکن فی الاشھر المحرم اور رمضان یہانتک کہ علامہ ابن الجوزی وابن جزار نے اسی پر اجماع نقل کیا۔ نسیم الریاض میں تلقیح سے ہے اتفقوا علیٰ انہ ولد یوم الاثنین فی شھر ربیع الاول۔ اسی طرح ان کی صفوہ میں ہے کما للزرقانی ثم عزاہ ایضاً لابن الجزار۔ پس اس کا انکار اگر ترجیحات علماء واختیار جمہور کی ناواقفی سے ہو، تو جہل، ورنہ مرکب کہ اس سے بدتر۔ **فقیر کہتا ہے** مگر اس تقدیر پر استقرار حمل بماہ ذی الحجہ میں صریح اشکال کہ دربارہ حمل چھ مہینے سے کمی عادت محال، اور خود اوپر گزرا کہ مدت حمل شریف نو ماہ ہونا اصح الاقوال، تو یہ تینوں تصحیحیں کیونکر مطابق ہوں۔ **لکنی اقول وباللہ التوفیق** مہینے زمانہ جاہلیت میں معین نہ تھے، اہل عرب ہمیشہ شہر حرم کی تقدیم تاخیر کر لیتے جسکے سبب ذی الحجہ ہر ماہ میں دورہ کر جاتا قال اللہ تعالیٰ انما النسئ زیادۃ فی الکفر یحلونہ عاماً و یحرمونہ عاماً لیواطئوا عدۃ ما حرم اللہ یہانتک کہ صدیق اکبر و مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہما نے جو ہجرت سے نویں سال حج کیا۔ کہا گیا کہ وہ مہینہ واقع میں ذیقعدہ تھا سال دہم میں ذی الحجہ اپنے ٹھکانے سے آیا، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حج فرمایا اور ارشاد کیا ان الزمان قد استدار کھیئتہ یوم خلق السمٰوٰت والارض الحدیث رواہ الشیخان۔ یعنی زمانہ دورہ کر کے اسی حالت پر آگیا، جس پر روز تخلیق زمین و آسمان تھا اُس دن سے نسی لنسیا منسیا ہوا، اور یہی دوازدہ ماہہ قیامت تک رہا تو کچھ بعید نہیں کہ اس ذی الحجہ سے ربیع الاول تک نو مہینے ہوں۔ شاید شیخ محقق اسی نکتہ کی طرف مشیر ہیں کہ زمانۂ استقرار مبارک کو ایام حج سے تعبیر کیا، نہ ذی الحجہ سے۔ اگرچہ اُسوقت کے عرف میں اسے ذی الحجہ ہی کہنا ممکن تھا۔ **اقول** اب مسئلہ ثالثہ وخامسہ کی تصحیحوں پر مسئلہ اولیٰ کا جواب ۱۲ جمادی الآخرہ ہوگا۔ مگر جاہلیت کا دورہ نسی اگر منتظم مانا جائے، یعنی علی التوالی ایک ایک مہینہ ہٹاتے ہوں تو سال استقرار حمل اقدس ذی الحجہ، شعبان میں پڑتا ہے، نہ کہ جمادی الآخرہ میں کہ ذی الحجہ حجۃ الوداع شریف میں جب عمر اقدس حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ

؎ اس پر اعتراض ہے کہ بروز عرفہ صدیق ومرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اعلان احکام الٰہیہ فرمایا جسے رب عزوجل نے واذان من اللہ ورسولہ الی الناس یوم الحج الاکبر ان اللہ بریٔ من المشرکین ورسولہ فرمایا، اگر وہ ذی الحجہ ہوتا ایسا نہ فرماتا۔

Marfat.com

علیہ وسلم سے ترسٹھواں ۶۳ سال تھا۔ ذی الحجہ میں آیا تو ۱۲-۱۲ کے اسقاط سے جب عمرِ اقدس سے تیسرا سال تھا ذی الحجہ، ذی الحجہ میں ہوا، اور دوسرا سال ذلیقعدہ اور پہلا سال شوال اور سالِ ولادت شریف رمضان اور سال استقرار حملِ مبارک شعبان میں۔ لیکن اُن نامنظموں کی کوئی بات منتظم نہ تھی، جب جیسی چاہتے کر لیتے، لٹیرے لوگ جب لوٹ مار چاہتے اور مہینہ اُنکے حسابوں اشہر حرم سے ہوتا، تو اپنے سردار کے پاس آتے اور کہتے اس سال یہ مہینہ حلال کر دے، وہ حلال کر دیتا اور دوسرے سال گنتی پوری کرنے کو حرام ٹھہرا دیتا کما رواہ ابناء جریر والمنذر ومردویہ وابی حاتم عن ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما تو اس سال جمادی الآخرہ میں ذی الحجہ ہونا کچھ بعید نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

فائدہ:۔ سائل نے یہاں تاریخ سے سوال نہ کیا، اس میں اقوال بہت مختلف ہیں دو، آٹھ، دس، بارہ۱۲، سترہ، اٹھارہ، بائیس۲۲۔ سات قول ہیں، مگر اشہر واکثر وماخوذ ومعتبر بارھویں۱۲ ہے۔ مکّہ معظمہ میں ہمیشہ اسی تاریخ مکانِ مولدِ اقدس کی زیارت کرتے ہیں، کمافی المواھب والمدارج اور خاص اس مکان جنت نشان میں اسی تاریخ مجلسِ میلاد منعقد ہوتی ہے کمافی المدارج۔ علامہ قسطلانی وفاضلِ زرقانی فرماتے ہیں المشہور انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ولد یوم الاثنین ثانی عشر ربیع الاول وھو قول محمد بن اسحٰق امام المغازی وغیرہ۔ شرح مواہب میں امام ابنِ کثیر سے ہے ھو المشہور عند الجمہور اسی میں ہے ھو الذی علیہ العمل۔ شرح الہمزیہ میں ہے ھو المشہور وعلیہ العمل۔ اسی طرح مدارج وغیرہ میں تصریح کی وان کان اکثر المحدثین والمؤرخین علی ثمان خلون وعلیہ اجمع اھل الزیجات واختارہ ابن حزم والحمیدی وروی عن ابن عباس وجبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہم وبالاول صدر مغلطائی واعتمدہ الذھبی فی التذھیب تبعاً للمزی فی التھذیب وحکم المشھور بقیل وصحح الدمیاطی عشر اخلت **اقول** وحاسبنا فوجدنا غرۃ المحرم الوسطیۃ عام ولادتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوم الخمیس فکانت غرۃ

Marfat.com

شہر الولادۃ الکریمۃ الوسطیۃ یوم الاحد والھلالیۃ یوم الاثنین فکان یوم الاثنین الثامن من الشہر ولذا اجمع علیہ اصحاب الزایج وبجھوملاحظۃ الغرۃ الوسطیۃ یظہر استحالۃ سائر الاقوال ماخلا الطرفین والعلم بالحق عند مقلب المسلوین اور شک نہیں کہ تلقی امت بالقبول کے لیے شانِ عظیم ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں الفطر یوم یفطر الناس والاضحی یوم یضحی الناس۔ عید الفطر اُس دن ہے جس دن لوگ عید کریں اور عید اضحیٰ اُس روز ہے جس روز لوگ عید سمجھیں رواہ الترمذی عن اُم المؤمنین الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بسند صحیح اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فطرکم یوم تفطرون واضحاکم یوم تضحون رواہ ابوداؤد والبیہقی فی السنن عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بسند صحیح ورواہ الترمذی وحسنہ فزاد فی اولہ الصوم یوم تصومون والفطر الحدیث وارسلہ الشافعی فی مسندہ والبیہقی فی سننہ عن عطاء فزاد فی اخرہ وعرفۃ یوم تعرفون یعنی مسلمانوں کا روزہ، عید الفطر عید اضحیٰ، روزِ عرفہ سب اُس دن ہے جس دن جمہور مسلمین خیال کریں۔ انی واذ المصادف الواقع ونظیرہ قبلۃ التحری۔ لاجرم عیدِ میلاد والا بھی کہ عیدِ اکبر ہے، قول وعمل جمہور مسلمین ہی کے مطابق بہتر ہے فالاوفق العمل ماعلیہ العمل یہ ہے ان مسائل میں کلام مجمل اور تفصیل کے لیے دوسرا محل واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب۔

مسئلہ سادسہ:- شمسی تاریخ کیا تھی؟

الجواب:- ولادتِ اقدس، ہجرتِ مقدسہ سے ترپن ۵۳ برس پہلے ہے مرفوع ۶۰ سال ۵ نداف۔ مرفوع ۷ سال ضرب کا = ۰ لحرا کہ ۱۸۷۸۱ یوم ہوئے یعنی اس سال کا محرم وسطے سالِ ہجرت کے محرم وسطے سے اتنے دن پہلے تھا، شات پر تقسیم کیے جانے سے کچھ نہ بچا، اور ابتدائے سال ہجری بحساب اوسط پنجشنبہ ہے، تو ان ایام مذکورہ کا پچھلا دن چہارشنبہ تھا، اور جبکہ یہ پورے ہفتے ہیں تو ان کا پہلا دن پنجشنبہ تھا اور جب اس سال کا مدخل پنجشنبہ ہوا، تو اس ربیع الاول مدخل یکشنبہ، تو دوشنبہ کو نویں تھی

یعنی یکم وسطے وہ ہلالی سے ایک دن پہلے ہوئی۔ اب ما بین التاریخین ہماری تحقیق میں
۱۳۲۳ لط ہے۔ ۵ ل۱۲۱ = نرن ۔ کہ + محرم وصفر لط + ط ربیع الاول = نرنامو

۰۰ ۵ سال ن ۔ مج سط
نر
۷۰ سال رور
ان
ال مارچ
ک

٭ تاریخ مطلوب بستم اپریل ۱۷۵۰ء معرفت یوم ہماری جداول سے
۱۷۵۰ - ۶ ۳ ۳ = ۵ ۳ ۲ ۲، ÷ ۲۸ باقی ۱۱ پس جدول ۲ میں مقابل
لا دیکھا مدخل سال ۱۷۵۰ء پنجشنبہ ہوا اور مدخل اپریل چارشنبہ پس بستم اپریل
دوشنبہ وھو المطلوب واللہ تعالیٰ اعلم۔

فصل دوم

مسئلہ ۱۹۔ ربیع اول شریف ۱۳۱۷ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ وفات شریف حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تاریخ کیا ہے؟ بینوا توجروا

الجواب:۔ قول مشہور و معتمد جمہور دوازدہم ربیع الاول شریف ہے ابن سعد نے طبقات میں بطریق عمر بن علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت کی قال مات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوم الاثنین لاثنتی عشرۃ مضت من ربیع الاول۔ یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات شریف روز دوشنبہ بارھویں تاریخ ربیع الاول شریف کو ہوئی۔ شرح مواہب علامہ زرقانی آخر مقصد اول میں ہے الذی عند ابن اسحٰق والجمہور

Marfat.com

انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مات لاثنتی عشرۃ لیلۃ خلت من شھر ربیع الاول
اسی میں آغاز مقصد دوئم میں ہے قول الجمھور انہ توفی ثانی عشر ربیع الاول۔ خمیس
فی احوال النفس نفیس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں ہے توفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوم
الاثنین نصف النھار لاثنتی عشرۃ لیلۃ خلت من ربیع الاول سنۃ احدی
عشرۃ من الھجرۃ ضحی فی مثل الوقت الذی دخل فیہ المدینۃ۔ اسی میں
امام ابوحاتم رازی و امام رزین عبدری و کتاب الوفا امام ابن جوزی سے ہے مرض فی
صفر لعشر بقین منہ و توفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لاثنتی عشرۃ لیلۃ خلت
من ربیع الاول یوم الاثنین۔ کامل ابن اثیر جزری میں ہے کان موتہ صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم یوم الاثنین لثنتی عشرۃ لیلۃ خلت من ربیع الاول۔ مجمع البحار الانوار
میں ہے وصل بالحق فی نصف نھارہ لاثنتی عشر من ربیع الاول وقیل المستھلہ
وقیل للیلتین خلتا منہ الاول اکثر من الاخیرین۔ اسعاف الراغبین فاضل محمد صبان
میں ہے توفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی بیت عائشۃ یوم الاثنین قبیل الزوال للیلتین
مضتا من ربیع الاول وقیل لیلۃ مضت منہ وقیل لاثنتی عشرۃ لیلۃ مضت منہ
وعلیہ الجمھور۔ اور تحقیق یہ ہے کہ حقیقتاً بحسب رویت مکہ معظمہ ربیع الاول شریف کی تیرھویں
تھی، مدینہ طیبہ میں رویت نہ ہوئی، لہٰذا ان کے حساب سے بارھویں ٹھہری وہی رواۃ نے
اپنے حساب کی بنا پر روایت کی اور مشہور و مقبول جمہور ہوئی۔ یہ حاصل تحقیق امام بارزی
و امام عماد الدین بن کثیر و امام بدر الدین بن جماعہ وغیرہم اکابر محدثین و محققین ہے۔ اسکے سوا
دو قول ایک یکم ربیع الاول شریف ذکرہ موسی بن عقبۃ واللیث والخوارزمی وابن زبیر
دوسرا دوم ربیع الاول شریف کہ دو رافضیان کذاب ابومخنف و کلبی کا قول ہے۔ ففی الزرقانی
بعد نحوہ والاول الی من ذکرنا وعند ابی مخنف والکلبی فی ثانیہ۔ یہ دونوں اقوال
محض باطل و نامعتبر بلکہ سراسر محال و نامتصور ہیں وان میل الی کل نظر الی الحساب
لا من حیث ان روایتھا اثبت فی الباب وانما یقضی الحساب علی القولین

بالبطلان والذھاب کما ستعرف بعون الملک الوھاب ووقع فی الکامل حکایۃ ثالث حیث قال بعد ما اعتمد قول الجمھور کما نقلنا وقیل مات لنصف النھار یوم الاثنین للیلتین یقیناً من ربیع الاول اھ

اقول:۔ وھو وھم وکانہ شبہ علیہ خلتا بقیتاً فان الحفاظ انما یذکرون ھھنا سوی المشھور قولین لاغیر۔ تفصیل مقام وتوضیح مرام یہ ہے کہ وفاتِ اقدس ماہ ربیع الاول شریف روزِ دوشنبہ میں واقع ہوئی، اسقدر ثابت ومستحکم ولیقینی ہے جس میں اصلاً اجلاً نزاع نہیں۔ فتح الباری شرح صحیح بخاری ومواہب لدنیہ وشرح زرقانی میں ہے (ثم ان وفاتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی یوم الاثنین) کما ثبت فی الصحیح عن انس ورواہ ابن سعد باسانیدہ عن عائشۃ وعلی وسعد وعروۃ وابن المسیب وابن شھاب وغیرھم (من ربیع الاول بلاخلاف) کما قال ابن عبد البر (بل کاد ویکون اجماعاً) الخ ادھر یہ بلاشبہ ثابت کہ اس ربیع الاول سے پہلے جو ذی الحجہ تھا اُسکی پہلی روزِ شنبہ تھی کہ حجۃ الوداع شریف بالاجماع روز جمعہ ہے وقد ثبت ذالک فی احادیث صحاح لامنازع لھا فلا حاجۃ بنا الی اطالۃ الکلام بسرد ذھا۔ اور جب ذی الحجہ ۱۰ھ کی ۲۹ روز پنجشنبہ تھی، تو ربیع الاول ۱۱ھ کی ۱۲ کسی طرح روز دوشنبہ نہیں آتی کہ اگر ذی الحجہ، محرم، صفر تینوں مہینے ۳۰ کے لیے جائیں تو غرہ ربیع الاول روز چہارشنبہ ہوتا ہے اور پیر کی چھٹی اور تیرھویں، اور اگر تینوں ۲۹ کے لیں، تو غرہ روز یکشنبہ پڑتا ہے، اور پیر کی دوسری اور نویں، اور اگر ان میں کوئی سا ایک ناقص اور باقی دو کامل لیجئے، تو پہلی سہ شنبہ کی ہے اور پیر کی ساتویں چودھویں، اور اگر ایک کامل دو ناقص مانیئے، تو پہلی پیر کی ہوتی ہے پھر پیر کی آٹھویں پندرھویں۔ غرض بارھویں کسی حساب سے نہیں آتی، اور ان چار کے سوا پانچویں کوئی صورت نہیں۔ قولِ جمہور پر یہ اشکال پہلے امام سہیلی کے خیال میں آیا، اور اسے لاحل سمجھ کر انھوں نے قول یکم اور امام ابن حجر عسقلانی نے دوم کی طرف عدول فرمایا۔ فی المواھب لبعد ذکرہ القول

Marfat.com

المشہور (استشکاله السہیلی وذالك انهما اتفقوا ان ذا الحجة کان اول یوم الخمیس) للاجماع ان وقفة عرفة کانت الجمعة (فمهما فرضت الشهور الثلثة توام او نواقص اولبعضها ام لبعض) ان الثانی عشر من ربیع الاول یوم الاثنین (قال الحافظ ابن حجر وهو ظاهر لمن تأمله وقد جزم سلیمن التیمی احد الثقات بان ابتداء مرضه صلی الله علیه وسلم کان یوم السبت الثانی والعشرین من صفر ومات یوم اثنین للیلتین خلتا من ربیع الاول فعلی هذا یکون الصفر ناقصا ولا یمکن ان یکون اول صفر السبت الا ان یکون ذوالحجة والمحرم ناقصین فیلزم منه نقص ثلثة اشهر متوالیة) وهی غایته ما تتوالی قال الحافظ واما من قال مات اول یوم من ربیع الاول فیکون اثنان ناقصین وواحد کاملا ولذا رجحه السہیلی (والمعتمد ما قال ابو مخنف) الاخباری الشیعی قال فی المیزان وغیره کذاب تالف متروك وقد وافقه ابن الکلبی (انه توفی ثانی ربیع الاول وکان سبب غلط غیره انهم قالوا مات فی ثانی شهر ربیع الاول فغیرت فصارت ثانی عشر واستمر الوهم بذلك یتبع بعضهم بعضا من غیر تأمل اه مختصرا مزیدا من الشارح اقول ولیظهر لمن تأمل هذا الکلام منشوء اختلاف نظر الامامین فی المیل الی القولین فکان السہیلی نظر ان قول ابی مخنف لا یتأتی الا ان تتوالی الاشهر الثلثة ذوالحجة ومحرم وصفر نواقص وهذا فی غایة الندرة بخلاف القول الاول فان علیه یکون شهرا کاملا وشهران ناقصین وهذا کثیر فترجح ذلك فی نظره مع انه اشد ثبوتا بالنسبة الی ذلك وکان الحافظ نظر ان علی القول الاول لا یبقی للجمهور عذر فی الباب فالمیل الی ما یکون فیه ابتداء عذر لهم کما ذکره من وقوع تصحیف شهر بعشر احسن واما متن۔ مگر امام بدر بن جماعہ نے قولِ جمہور کی یہ تاویل کی کہ اثنی عشر خلت سے بارہ۱۲ دن گزرنا مراد ہے، نہ صرف بارہ۱۲ راتیں۔ اور ظاہر کہ بارہ۱۲ دن گزرنا تیرھویں ہی تاریخ

Marfat.com

صادق آئیگا، اور دوشنبہ کی تیرھویں بے تکلف صحیح ہے، جبکہ پہلے تینوں مہینے کامل ہوں کما علمت۔ اور امام مازری و امام ابنِ کثیر نے یوں توجیہ فرمائی کہ مکہ معظمہ میں ہلالِ ذی الحجہ کی رویت شام چہار شنبہ کو پنجشنبہ کا غرّہ اور جمعہ کا عرفہ۔ مگر مدینہ طیبہ میں رویت دوسرے دن ہوئی تو ذی الحجہ کی پہلی جمعہ کی ٹھہری اور تینوں مہینے ذی الحجہ، محرم صفر تیس تیس کے ہوئے تو غرّہ ربیع الاول پنجشنبہ اور بارھویں دوشنبہ آئی ذکرھا الحافظ فی الفتح

اقول مدینہ طیبہ، مکہ معظمہ سے اگرچہ طول میں غربی اور عرض میں شمالی ہے اما الثانی فظاہر معروف لکل من حجّ و زار و اما الاول فثابت مثبت کالثانی فی الزیجات الاطلس من قدیم الاعصار۔ اور ان دونوں اختلافوں کو اختلافِ رویت میں دخل بیّن ہے کہ اختلافِ طول سے بُعدِ نیّرین کم و بیش ہوتا ہے، اور اختلافِ عرض سے قمر کے ارتفاع مدار کے انتصاب مدار و ارتفاع قمر و طول مکث سب معینِ رویت ہیں، اور انکی کمی مخلِ رویت مگر بلدینِ کریمین کے طول و عرض میں چنداں تفاوت کثیر نہیں، اور جو کچھ ہے یعنی طول میں دو درجے اور عرض میں تین درجے وہ ما نحن فیہ میں ہرگز یہ نہ چاہے گا کہ مکہ معظمہ میں تو رویت ہو، اور مدینہ طیبہ میں نہ ہو، بلکہ اگر مقتضی ہوگا تو اسکے عکس کا کہ مقام جسقدر غربی تر ہو امکان رویت بیشتر ہوگا کہ دورۂ معدّل میں مواضعِ غربیہ پر نیّرین کا گزر مواضع شرقیہ کے بعد ہوتا ہے، اور حرکتِ قمر توالی بروج پر غرب سے شرق کو ہے، تو جب موضع شرقی میں فصل قمرین حدِ رویت پر ہو غربی میں اور زیادہ ہوگا کہ وہاں تک پہنچنے میں قمر نے قدرے اور حرکت شرق کو کی، اور شمس سے اس کا فاصلہ بڑھ گیا۔ یونہی جب عرضِ مرئی قمر شمالی ہو جیسا کہ یہاں تھا تو عرضِ بلد کا شمالی تر ہونا موجب زیادت تعدیل الغروب زائد ہو کہ باعثِ زیادت بعد معدل و طول مکث قمر ہوگا، مگر ہے یہ کہ موانع رویت حدِ انضباط سے خارج ہیں تو دفع استحالہ و توجیہ مقالہ کے لیے اس قدر کافی اور قواعد پر نظر کیجئے تو واقعی وہ دن مدینہ طیبہ میں رویتِ عادیہ کا نہ تھا۔ سلخ ذی القعدہ وسطیہ روز چہارشنبہ کو غروب شرعی شمس کے وقت افقِ کریم مدینہ منورہ میں موامرۂ رویت کے مقدمات یہ تھے:۔

Marfat.com

تقویم شمس		نا یج ے ا
تقویم مرئی قمر		مالحر مہ
عرض مرئی قمر شمالی	حر الف	حج
لغدیل الغروب		نج ط
قمر معدل	الخر	مالحر
بعد معدل	سولحر	حج ط
بعد سوا	لحر	حج

بہ ظاہر کہ جب لعبد معدل وبعد سوا دونوں دس درجے سے کم ہیں تو یہ حالت، حالت رویت نہیں قریب قریب اسی حالت کے مکہ معظمہ میں تھے، مگر از انجا کہ وہ نو درجے یہ آٹھ درجے سے زائد ہے رویت پر حکم استحالہ بھی نہ تھا حضور پُرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی برکات بے نہایت کے حضور یہ کیا بات تھی کہ ایسے امکانِ غیر متوقع کی حالت میں غسل وقفہ جمعہ ملنے کے لیے بحکم الٰہی مکہ معظمہ میں شام چہار شنبہ کو رویت واقع ہو گئی، اُفق مدینہ طیبہ میں حسب عادتِ معہودہ نہ ہوئی، پھر روزِ رویت ایام حمل، ثور وجوزا خصوصاً ان بلادِ گرم سیر میں گرد و غبار ہونا کوئی نا متوقع بات نہیں، یہ تحقیق کلام علماء ہے۔ مگر امام عسقلانی نے ان توجیہوں پر قناعت نہ کی، پہلی پر مخالفتِ محاورہ سے اعتراض فرمایا کہ اہلِ زبان جب یہ لفظ بولتے ہیں، بارہ۱۲ راتیں ہی گزرنا مُراد لیتے ہیں نہ بارہ۱۲ دن کہ یہ تیرھویں۱۳ پر صادق ہو، اور اول و دوم دونوں میں یہ استبعاد بتایا کہ چار مہینے متواتر تیس دن کے ہو لیے جاتے ہیں۔ فی المواھب عن الفتح ھذا الجواب بعید من حیث انہ یلزم منہ توالی اربعۃ اشھر کوامل۔

اقول اگر ندرت مقصود تو التزام مقصود کہ دفع استحالہ کو احتمال کافی۔ خود امام عسقلانی نے جو قول اختیار فرمایا اُس پر تین۳ مہینے متوالی ناقص آتے ہیں، یہ کیا نادر نہیں؟ اور اگر امتناع مُراد، تو ظاہر الفساد تین سے زیادہ متواتر ۲۹ کے مہینے نہیں ہوتے۔ ۳۰ کے چار تک آتے ہیں، ہاں پانچ نہیں ہوتے۔ تحفہ شاہیہ علامہ قطب الدین شیرازی و زیج الغ بیگی

Marfat.com

میں ہے" واللفظ لہ " اہلِ شرع ماہ ہائے ایں تاریخ از رویتِ ہلال گیرند وآں ہرگز از سی روز زیادہ نباشد و از بست و نہ روز کمتر نے وتا چہار ماہ متوالی سی سی آید و زیادہ نے وتا سہ ماہ متوالی بست و نہ بست و نہ آید و زیادہ نے " **لہٰذا اقول** وباللہ التوفیق قولِ جمہور سے قولِ مہجور کی طرف عدول نامقبول ہونے کے لیے اسی قدر بس تھا کہ اسکے لیے توجیہ وجیہ موجود ہے نہ کہ جب وہ اقوالِ مہجورہ دلائلِ قاطعہ سے باطل ہوں کہ اب تو انکی طرف کوئی راہ نہیں۔

اُوپر واضح ہوا کہ ان دونوں حضرات کا منشائے عدول تمسک بالحساب ہے کہ پیر کا دن یقینی تھا اور وہ بارھویں پر منطبق نہیں آتا، پہلی دوسری پر آسکتا ہے، مگر حساب ہی شاہدِ عدل ہے کہ اس سال ربیع الاول شریف کی پہلی یا دوسری پیر کی ہونا باطل و محال ہے۔ فقیر اس پر دو حجتِ قاطعہ رکھتا ہے، **دلیل اول** غرہ وسطیہ کہ علمائے زیج بحساب اوسط لیتے ہیں، نیرین کے اجتماع وسطی سے اخذ کرتے ہیں، اور بداہتہً واضح کہ رویتِ ہلال اجتماع قمرین سے ایک مدت معتد بہا کے بعد واقع ہوتی ہے، تو غرہ ہلالیہ کبھی غرہ وسطیہ سے مقدم نہ آئیگا وانما غایتہ التساوی اور اجتماع و رویت میں کبھی اتنا فصل بھی نہیں ہوتا کہ قمر ڈیڑھ دو برج طے کر جائے لہٰذا التقدم وسطیہ کی نہایت ایک دو دن ہے ولیس کل ذلک ظاہر علی من لہ اشتغال بالفن اور آشنائے فن جانتا ہے کہ سنہ ۱۱ھ میں ماہِ مبارک ربیع الاول شریف کا غرہ وسطیہ روز سہ شنبہ تھا تو غرہ ہلالیہ یکشنبہ یا دوشنبہ کیونکر متصور کہ اگر یہ سہ شنبہ متاخر ہے تو ہلالیہ کا وسطیہ پر تقدم لازم آتا ہے، اور اگر مقدم ہے تو اجتماع سے چار پانچ روز تک رویت نہ ہونے کا لزوم ہوتا ہے اور دونوں باطل ہیں ولعین الدلیل یستحیل ما تقدم عن سلیمٰن التیمی من کون غرۃ صفر یوم السبت فان غرتہ الوسطیہ یوم الاثنین فکیف یمکن ان تقدمھا الھلالیۃ بیومین او تتاخر عنہا بخمسۃ ایام وبہ یظہر استحالۃ ما اعتمدہ الحافظ بوجہ اٰخر فان مبناہ انما کان علی ھذا کما علمت۔

دلیل دوم :- فقیر نے شام دوشنبہ ۲۹ صفر وسطے سنہ ۱۱ھ کے لیے اُفقِ کریم مدینہ طیبہ میں نیرین کی تقویمات استخراج کیں، اور حساب صحیح و معتمد نے شہادت دی

کہ اُسوقت تک فصلِ قمرین حدِ رویت متعادہ پر نہ تھا، آفتاب جوزا کے ۶ درجے ۱۷ سترہ دقیقے باون ۵۲ ثانیے پر تھا، اور چاند کی تقدیم مرئی جوزا کے پندرہ ۱۵ درجے ستائیس ۲۷ دقیقے اکتیس ۳۱ ثانیے۔ فاصلہ صرف ۹ درجے ۹ دقیقے ۳۹ ثانیے تھا۔ اور حسب قول متعارف اہلِ عمل رویت کے لیے کم سے کم دس درجے سے زیادہ فاصلہ چاہیئے۔ حاشیہ شرح چغمینی للعلامۃ عبد العلی البرجندی میں ہے المذکور فی الکتب المشہورۃ انہ ینبغی ان یکون البعد بین تقویمی النیرین اکثر من عشرۃ اجزاء وقیل ینبغی ان یکون ما بین مغاربیہما عشرۃ اجزاء او اکثر حتّٰی یکون القمر فوق الارض بعد غروب الشمس بمقدار ثلثی ساعۃ او اکثر والمشہور فی ھٰذا الزمان بین اہل العمل انہ ینبغی ان یتحقق الشرطان حتّٰی تمکن الرویۃ ویسمون البعد الاول بعد السواء والبعد الثانی البعد المعدّل۔ شرح زیج سلطانی میں ہے "باید کہ بعد معدل نہ درجہ باشد یا زیادہ و بعد میان دو تقویم ایشان از دہ زیادہ باشد تا ہر دو شرط وجود نگیرد ہلال مرئی نشود و متعارف دریں زمان این ست"۔

جزئیاتِ مؤامرہ کی جدول یہ ہے

دتم	وقت غروب شرعی بعد نصف النہار وسطے زیجی
بج وسرنب	تقویم حقیقی شمسی بوقت مذکور
جج سوے الب	تقویم حقیقی قمر بوقت مذکور
جحم سم	عرض حقیقی قمر شمالی
مب قیبا ثا	اختلاف منظرِ قمر طولی جدولی
الم قدح	اختلاف منظرِ قمر عرضی جدولی
بج یہ ماکرلا	تقویم مرئی قمر
جب محر لب	عرض مرئی قمر شمالی
آحم	تعدیل الغروب
بج سولدلا	قمر معدل
زندجہ ۞ لحہ	مطالع نظیر جزو الشمس

Marfat.com

رسوحہ لود	مطالع نظیر جزء القمر المعدل . . . .
ما حمہ لحر	بعد معدل . . . .
طحہ ط لط	بعد سوا . . . .
غیر متوقع	حکم رویتِ ہلال . . . .

جب شبِ سہ شنبہ تک نیّرین کا یہ حال تھا کہ وقوع رویتِ ہلال ایک مخفی غیر متوقع احتمال تھا، تو اس سے دو ایک رات پہلے کا وقوع بداہۃً محال تھا، جب اس ذات قمر صرف ۹ درجے آفتاب سے شرقی ہوا تھا تو شام یکشنبہ کو قطعاً کئی درجے اس سے غربی تھا، اور غروب شمس سے کوئی پاؤ گھنٹے پہلے ڈوبا، اور شام شنبہ کو تو عصر کا اعلیٰ مستحب وقت تھا، جب چاند محلہ نشین مغرب ہو چکا پھر رات کو رویتِ ہلال کیا زمین چیر کر ہوئی

غرض دلائلِ ساطعہ سے ثابت ہے کہ اس ماہِ مبارک کی پہلی یا دوسری دوشنبہ کی ہرگز نہ تھی، اور روزِ وفاتِ اقدس یقیناً دوشنبہ ہے، تو وہ دونوں قول قطعاً باطل ہیں، اور حق وصواب وہی قولِ جمہور بمعنی مذکور ہے۔ یعنی واقع میں تیرھویں، اور بوجہ سطور تعبیر میں بارھویں کہ بحساب شمسی نہم حزیران ۹۴۳ھ رومی نوسو تینتالیس رومی اسکندرانی ہشتم جون ۶۳۲ء چھ سو بتیس عیسوی تھی۔ واللہ سبحٰنہٗ وتعالیٰ اعلم۔ فقط

کتبہ عبدہٗ المذنب احمد رضا البریلوی
عفی عنہ بمحمدن المصطفٰے النبی الامی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ع یعنی اُسوقت جو شمار رائج تھا اُسکے حساب سے نہم تھی، زیج بہادرخانی سے ہشتم جون آتی ہے۔ مگر یہ اس کی غلطی ہے جیسا کہ ہم نے اپنے رسالہ "تحقیقات سال مسیحی" میں واضح کیا۔ ۱۲ منہ غفرلہ

Marfat.com

مثل تو نہ شد پیدا جانا

از اعلیٰحضرت قدس سرہٗ

۱۔ لَمْ یَاْتِ نَظِیْرُکَ فِیْ نَظَرٍ مثل تو نہ شد پیدا جانا
جگ راج کو تاج تورے سر سو ہے تجھکو شہ دوسرا جانا

اَلْبَحْرُ عَلَا وَالْمَوْجُ طَغٰی من بیکس و طوفاں ہوش رُبا
منجدھار میں ہوں بگڑی ہے ہوا موری نیا پار لگا جانا

یَا شَمْسُ نَظَرْتِ اِلٰی لَیْلِیْ چو بطیبہ رسی عرضے بکنی
توری جوت کی جھلجھل جگ میں رچی مری شب نے نہ دن ہونا جانا

لَکَ بَدْرٌ فِی الْوَجْہِ الْاَجْمَلْ خط ہالۂ مہ زلف ابر اجل
تورے چندن چندر پروکنڈل رحمت کی بھرن برسا جانا

اَنَا فِیْ عَطَشٍ وَسَخَاکَ اَتَمْ اے گیسوئے پاک اے ابر کرم
برسن ہارے رم جھم رم جھم دو بوند ادھر بھی گرا جانا!

یَا قَافِلَتِیْ زِیْدِیْ اَجَلَکْ رحمے بر حسرتِ تشنہ لبک
مورا جیرا لرجے درک درک طیبہ سے ابھی نہ سنا جانا

وَاھًا لِسُوَیْعَاتٍ ذَھَبَتْ آں عہد حضور بارگہت
جب یاد آوت موہے کر نہ پرت دردا وہ مدینہ کا جانا

اَلْقَلْبُ شَجٍ وَالْھَمُّ شُجُوْنٌ دل زار چناں جاں زیر چنوں
پت اپنی بپت میں کا سے کہوں مرا کون ہے تیرے سوا جانا

اَلرُّوْحُ فِدَاکَ فَزِدْ حَرْقًا یک شعلہ دگر برزن عشقا!
مورا تن من دھن سب پھونک دیا یہ جان بھی پیارے جلا جانا

Marfat.com

پیدائش سے پہلے پیدائش و موت کا حال اردو زبان میں بالکل چھوٹا مضمون جو ایسا دلچسپ و لطیف

ازافادات

امام اہل سنت مجدد دین و ملت حضور پر نور اعلیٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مسمّٰی بنام تاریخی

الہدایۃ المبارکہ فی خلق الملٰئکہ

یکے از مطبوعات

پندرہ روزہ سواد اعظم موچی گیٹ
لاہور

Marfat.com

الہدایۃ المبارکۃ فی خلق الملٰئکۃ

فرشتوں کی پیدائش و موت کا حال اردو زبان میں

بالکل اچھوتا مضمون ہے۔ جو اس کتاب میں کافی وضاحت سے ملے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

مسئلہ از کلکتہ دھرم تلا نمبر ۶ مرسلہ جناب مرزا غلام قادر بیگ صاحب ۷ رجب ۱۳۱۱ھ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ملٰئکہ کیونکر پیدا ہوتے ہیں۔ اور موت ان کو مثل انسان لاحق ہوتی رہتی ہے یا جس وقت سب مخلوق فنا ہوگی اس وقت فنا ہوں گے؟

بیّنوا توجروا

الجواب

(۱) بیہقی شعب الایمان میں جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی۔ حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جب اللہ عزوجل نے آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد کو بنایا۔ ملٰئکہ نے عرض کی۔ الٰہی تو نے انہیں پیدا کیا جو کھاتے پیتے ہیں جماع کرتے اور سوار ہوتے ہیں۔ تو ان کیلئے دنیا کر۔ اور ہمارے لئے آخرت۔ رب عزوجل نے فرمایا لا اجعل من خلقتہ بیدی و نفخت فیہ من روحی کمن قلت لہ کن فکان میں نہ کروں گا اُسے جس کو میں نے اپنے ہاتھ سے بنایا۔ اور اپنی روح اس میں پھونکی اس مثل جسے میں نے فرمایا۔ ہو۔ سو وہ ہو گیا۔ اس حدیث سے معلوم ہوا۔ کہ ملٰئکہ فرشتوں کی پیدائش آدمیوں کی طرح بتدریج نہیں۔ کہ مٹی خمیر ہوئی۔ پھر تصویر بنی پھر روح ڈالی گئی یا پہلے نطفہ تھا۔ پھر خون کی بوند۔ پھر گوشت کا ٹکڑا۔ پھر اعضاء کی کلیاں پھوٹیں۔ پھر صورت بنی پھر روح ڈالی گئی۔ بلکہ وہ فرشتگان کلمہ کن سے پیدا کئے گئے۔

(۲) حضور اقدس صلوات اللہ تعالےٰ وسلامہ علیہ وعلیٰ آلہ فرماتے ہیں خلقت

Marfat.com

الملٰئکۃ من نور و خلق الجان من نار و خلق آدم مما وصف لکم
ملائکہ (فرشتے) نور سے بنائے گئے ہیں اور جن آگ کی لو سے جس میں دھواں ملا ہوا تھا
اور آدم اس چیز سے جو تمہیں بتائی گئی۔ یعنی سیاہ و سپید و سرخ مٹی سے کما عند ابن
سعد عن ابی ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم وھذا رواہ امام احمد و مسلم عن ام المومنین رضی
اللہ تعالیٰ عنہا

(۳) عبدالرزاق اپنے مصنف میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی
حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یا جابر ان اللہ تعالیٰ قد خلق
قبل الاشیاء نور نبیک من نورہ (الیٰ قولہ) فلما اراد اللہ ان
یخلق الخلق قسم ذٰلک النور اربعۃ اجزاء فخلق من الجزء الاول
القلم و من الثانی اللوح و من الثالث العرش ثم قسم الرابع
اربعۃ اجزاء فخلق من الاول حملۃ العرش و من الثانی الکرسی
و من الثالث باقی الملٰئکۃ الحدیث۔ اے جابر! بیشک اللہ تعالیٰ نے
سب چیزوں سے پہلے تیرے نبی کا نور اپنے نور سے بنایا۔ پھر جب عالم کو پیدا کرنا چاہا
اُس نور کے چار حصے کئے۔ پہلے سے قلم اور دوسرے سے لوح اور تیسرے سے عرش بنایا
پھر چوتھے ٹکڑے کے چار حصے کئے۔ پہلے سے ملائکہ حاملانِ عرش۔ دوسرے سے کرسی۔
تیسرے سے باقی فرشتے پیدا کئے۔

(۴) علامہ فاسی مطالع المسرات میں زیر قول دلائل التقدم من نور
ضیائک ناقل۔ قد قال الاشعری انہ تعالیٰ نور لیس کالانوار و
الروح النبویۃ المقدسۃ لمعۃ من نورہ والملٰئکۃ شرر تلک
الانوار و قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اول ما خلق اللہ نوری و

Marfat.com

مِنْ نُوْرِیْ خَلَقَ کُلَّ شَیْءٍ یعنی امام اشعری فرماتے ہیں۔ اللہ عزوجل نور ہے نہ مثل اورانوار کے۔ اور روحِ پاک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اُس کے نور کی ایک چمک ہے اور فرشتے ان (حضور سرورِ کائنات) کے نور کے شرارے ہیں۔ حضور والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں۔ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرا نور بنایا۔ اور میری ہی نور سے ہر چیز پیدا کی

(۵) ابوالشیخ نے عکرمہ سے روایت کی انہوں نے کہا خلقت الملٰئکۃ مِنْ نور العزۃ۔ فرشتے نورِ عزت سے بنائے گئے۔

(۶) وہی یزید بن رومان سے راوی کہ انہیں خبر پہنچی۔ اِنَّ الملٰئکۃ خلقت مِنْ نُوْرِ اللہ۔ کہ ملائکہ ربانی روح سے پیدا کئے گئے ہیں۔

اقول۔ غالباً اس احتمال کی شرح وہ ہے جو امیر المومنین سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے مروی ہے کہ روح ایک فرشتہ ہے جس کے ستر ہزار سر ہیں ہر سر میں ستر ہزار چہرے۔ ہر چہرے میں ستر ہزار دہن (منہ) ہر دہن میں ستر ہزار زبانیں ہر زبان میں ستر ہزار لغت یسبح اللہ تعالیٰ بتلک اللغات کلہا یخلق من کل تسبیحۃ ملک یطیر مع الملٰئکۃ الی یوم القیٰمۃ وہ (فرشتہ) ان سب لغتوں سے (کہ ایک لاکھ اڑسٹھ ہزار ستر جگہ مہا سنکھ ہوئے جس کی کتابت یوں ہے کہ ۱۶۸۰۷ لکھ کر دائیں ہاتھ کو بیس صفر لگا دیجئے) اللہ عزوجل کی تسبیح کرتا ہے۔ ہر تسبیح سے ایک فرشتہ پیدا ہوتا ہے کہ قیامت تک ملائکہ کے ساتھ پرواز کرے گا۔ ذکرہ الامام البدر محمود العینی فی عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری من کتاب التفسیر والامام الرازی فی تفسیر الکبیر۔ ثعلبی نے سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ وہ فرماتے ہیں کہ روح ایک ملک (فرشتہ) عظیم ہے آسمان و زمین وجبال وملائکہ سب سے۔ اور اس کا مقام آسمانِ چہارم میں ہے۔ یسبح کل یوم اثنی عشر تسبیحۃ یخلق من کل تسبیحۃ ملک۔ ہر روز بارہ ہزار تسبیحیں کرتا ہے

Marfat.com

ہر تسبیح سے ایک فرشتہ بنتا ہے۔ یہ روح نامی فرشتہ روز قیامت تنہا ایک صف ہوگا، اور باقی سب فرشتوں کی ایک صف ذکرہ الامام البغوی فی المعالم تحت قولہ تعالیٰ یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَ الْمَلٰٓئِکَۃُ صَفًّا۔ والامام العینی فی العمدۃ تحت قولہ تعالیٰ وَیَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الرُّوْحِ۔

(۷) مروی ہوا۔ اِنَّ فِی السَّمَآءِ الدُّنْیَا وَھِیَ مِنْ مَّآءٍ وَّدُخَانٍ مَلٰٓئِکَۃٌ خُلِقُوْا مِنْ مَّآءٍ وَّرِیْحٍ عَلَیْھِمْ مَلَکٌ یُّقَالُ لَہُ الرَّعْدُ وَھُوَ مَلَکٌ مُّوَکَّلٌ بِالسَّحَابِ وَالْمَطَرِ۔ آسمان دنیا میں کہ پانی اور دھوئیں کا بنا ہے۔ ملائکہ ہیں کہ آب و ہوا سے بنائے گئے ہیں ان کا افسر ایک فرشتہ رعد نامی ہے۔ جو ابر و باران پر موکل ہے۔ ذکرہ الامام القسطلانی فی المواھب۔

(۸) سیدی شیخ اکبر محی الملۃ والدین ابن عربی قدس سرہ الشریف فرماتے ہیں۔ اللہ عزّ و جلّ نے ایک نور کی تجلی فرمائی۔ پھر تاریکی بنائی۔ ظلمت پر اس نور کا پرتو ڈالا اس سے عرش ظاہر ہوا۔ پھر اس ملے ہوئے نور سے کہ ضیائے صبح کی مانند تھا جس میں تاریکی شب مخلوط ہوتی ہے۔ ان ملائکہ کو بنایا جو گرد عرش ہیں۔ پھر کرسی پیدا کی اور اس میں اسی کی طبیعت کی جنس سے ملائکہ پیدا کئے۔ ذکرہ فی الباب الثالث عشر من الفتوحات المکیۃ۔ واوردہ الامام الشعرانی فی الیواقیت والجواھر۔

(۹) شیخ ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم فرماتے ہیں۔ اِنَّ فِی الْجَنَّۃِ لَنَھْرًا مَا یَدْخُلُہٗ جِبْرَئِیْلُ دَخْلَۃً فَیَخْرُجُ وَیَنْتَفِضُ اِلَّا خَلَقَ اللّٰہُ مِنْ کُلِّ قَطْرَۃٍ تَقْطُرُ مِنْہُ مَلَکًا بیشک بلاشبہ جنت میں ایک نہر ہے۔ کہ جب جبرئیل امین علیہ الصلوٰۃ والسلام اس میں جاکر باہر آکر پر جھاڑتے ہیں

ف آسمان دنیا پانی اور دھوئیں سے بنا ہے اور اس کے ملائکہ آب ہوا سے۔ رعد فرشتہ انکا افسر ہے۔ جو ابر و باراں پر موکل ہے ۱۲ ف۲ کیفیت تخلیق عرش و حملہ عرش و کرسی ملائکہ کرسی ۱۲

Marfat.com

جتنی بوندیں اُن کے پروں سے گرتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہر بوند سے ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے حالاً جبرائیل امین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے چھ سو پر ہیں۔ کہ اگر ایک پر پھیلا دیں تو افقِ آسمان چھپ جائے

(۱۰) ابن ابی حاتم و عقیلی و ابن مردویہ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ فِی السَّمَاءِ الرَّابِعَۃِ نَهْرٌ یُقَالُ لَهُ الْحَیَوَانُ یدخله جبریل کل یوم فیغمس فیه انغماسة ثم یخرج فینتفض انتفاضة فیخرج عنه سبعون الف قطرة یخلق اللّٰهُ مِنْ کلّ قطرة ملکًا هم الذین یؤمرون ان یأتوا البیت المعمور فیصلوا فیفعلون ثم یخرجون فلا یعودون الیه ابدًا ویولی علیهم احدهم ثم یؤمران یقف بهم فی السماء موقفا یسبحون الله الی ان تقوم السَّاعَة۔ چوتھے آسمان میں ایک نہر ہے جسے نہر حیات کہتے ہیں۔ جرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام ہر روز اس میں ایک غوطہ لگا کر پر جھاڑتے ہیں جس سے ستّر ہزار قطرے جھڑتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہر قطرہ سے ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے۔ انہیں حکم ہوتا ہے کہ بیت المعمور میں جا کر نماز (صلوٰۃ) پڑھیں۔ جب پڑھ کر نکلتے ہیں پھر کبھی اس میں نہیں جاتے ان میں ایک کو ان پر افسر بنا کر حکم فرمایا جاتا ہے۔ کہ آسمان میں ان کو ایک جگہ لیکر کھڑا ہو۔ وہ سب مل کر قیامت تک وہاں تسبیح الٰہی کرتے ہیں وذوی ابن المنذر نحوه بدون ذکر النهر من طریق صحیحه عن ابی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه لکن موقوفًا قاله الامام الحافظ ابن حجر و معلوم ان الموقوف کالمرفوع اقول فصح الحدیث وسقط ما نقل الفاسی عن الولی العراقی ان لم یثبت فی ذلک شیء فقد اثبته الحافظ وفوق کل ذی علم علیم

ف۱ جبرئیل امین علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے چھ سو پر ہیں۔ ایک پر پھیلائیں تو افق آسمان چھپ جائے ۱۲ ف۲ چوتھے آسمان میں ایک نہر ہے جس کا نام حیوان ہے یعنی نہر حیات ۱۲

(۱۱) عطا و مقاتل و ضحاک کی روایت ہیں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یوں آیا۔ انّ عن یمین العرش نهرًا من نورٍ مثل السمٰوٰتِ السبع و الارضین السبع والبحار السبع یدخل فیه جبریل علیه السلام کلّ سحرٍ و یغتسل فیه فیزداد نورًا الی نوره وجمالًا الی جماله ثم ینتفض فیخلق الله تعالٰی من کل نقطة تقع من ریشه کذا وکذا الف ملك یدخل منهم البیت السبعون الفاثم لا یعودون الیه الی ان تقوم الساعة۔ عرش کے دائیں طرف نور کی ایک نہر ہے۔ ساتوں آسمان اور ساتوں زمینوں اور ساتوں سمندروں کے برابر اس میں ہر سحر جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نہاتے ہیں جس سے ان کے نور پر نور اور جمال پر جمال بڑھتا ہے۔ پھر وہ اپنے پروں کو جھاڑتے ہیں۔ جو چھینٹ گرتی ہے اللہ تعالیٰ اس سے اتنے اتنے ہزار فرشتے بناتا ہے جن میں سے ستّر ہزار بیت المعمور جاتے ہیں۔ پھر قیامت تک اس میں داخل نہیں ہوتے ذکرہ الامام فخر الدین الرازی فی تفسیر قوله تعالٰی و یخلق مالا تعلمون۔

(۱۲) ابو نعیم خطیب و ابن عساکر و بیہقی کتاب الزہد میں بروایت علی بن ابی ارطاۃ۔ بعض صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ انّ لِله الملٰئکة ترعد فرائصهم من مخافته ما منهم من ملك یقطر من عینه دمعة الا وقعت ملکًا قائمًا یسبح الحدیث۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کے کچھ فرشتے ہیں۔ کہ خوف الٰہی سے ان کا بند بند لرزتا ہے۔ ان میں سے جس فرشتے کی آنکھ سے جو آنسو ٹپکتا ہے

(ف) عرش کی داہنی جانب ایک نہر ہے۔ جو ساتوں آسمانوں ساتوں زمینوں اور ساتوں سمندروں کے برابر ہے ۔ ۱۲

Marfat.com

وہ گرتے گرتے فرشتہ ہو جاتا ہے۔ کہ کھڑا ہو کر رب العزت جل جلالہ کی تسبیح کرتا ہے۔

(۱۳) ابوالشیخ کعب احبار سے اس کے قریب راوی کہ لا تقطر عین ملائکۃ منہم الا کانت ملکا یطیر من خشیۃ اللہ۔ ان فرشتوں سے جس کی آنکھ سے کوئی بوند ٹپکتی ہے۔ وہ ایک فرشتہ ہو کر خوف خدا سے اڑ جاتی ہے۔

(۱۴) ابن بشکوال حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی۔ حضور پرنور افضل صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہ علیہ والہ فرماتے ہیں مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ تعظیماً لحقی خلق اللّٰہ عزّ وجلّ من ذٰلک القول ملکاً لہ جناحٌ بالمشرق وآخرُ بالمغرب یقول عزّ وجلّ لہ صلّ علٰی عبدی کما صلّی علٰی نبیّی فھو یصلّی علیہ الٰی یوم القیامۃ۔ جو مجھ پر میرے حق کی تعظیم کے لئے درود بھیجے۔ اللہ تعالیٰ اس درود سے ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے جس کا ایک پر مشرق اور دوسرا مغرب میں۔ اللہ تعالیٰ اس سے فرماتا ہے۔ کہ درود بھیج میرے بندے جیسے اس نے درود بھیجا میرے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم پر۔ پس وہ فرشتہ قیامت تک اس پر درود بھیجتا رہتا ہے۔ وذکرہ ایضاً ابتاء سبع والفاکھانی خاتم المحققین سیدنا الوالد قدس سرہ الماجد اپنی کتاب مستطاب الکلام الاوضح فی تفسیر الم نشرح میں امام سخاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے نقل فرماتے ہیں۔ کہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے کہ اس کا ایک بازو مشرق میں ہے اور دوسرا مغرب میں جب کوئی شخص مجھ پر محبت کے ساتھ درود بھیجتا ہے تو وہ فرشتہ پانی میں غوطہ کھا کر اپنے پر جھاڑتا ہے خدائے تعالیٰ ہر قطرہ سے کہ اس کے پروں سے ٹپکتا ہے ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے۔ کہ

(عــہ) فی الفتاوی الحدیثیۃ للامام ابن حجر علی بن ارطاۃ ۱۲ منہ

(ف) درود خوانوں کے لئے مژدۂ عظیم۔

Marfat.com

قیامت تک درود پڑھنے والے کے لئے استغفار کرتے ہیں۔ انتھیٰ کلامہ الشریف قدس سرہ اللطیف۔

(۱۵) مواہب شریف میں ہے۔ قد روی ان ثم ملٰئکۃ یسبحون فیخلق بکل تسبیحۃ ملکا مروی ہوا کہ وہاں کچھ فرشتے ہیں کہ تسبیح الٰہی کرتے ہیں۔ اللہ عزوجل ان کی ہر تسبیح سے ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے۔

(۱۶) سیدی شیخ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتوحات کے باب ۲۹۷ میں فرماتے ہیں۔ کہ نیک کلام اچھا کام فرشتہ بنکر آسمان کو بلند ہوتا ہے ذکرہ عنہ فی المبحث السابع عشر من الیواقیت ان کے نزدیک آیۂ کریمہ الیہ یصعد الکلم الطیب والعمل الصالح یرفعہ کے یہ معنی ہیں۔

(۱۷) امام قرطبی تذکرہ میں علمائے کرام سے ناقل کہ جو شخص سورۂ بقر و آل عمران پڑھتا ہے اللہ عزوجل اس کے ثواب سے فرشتے بناتا ہے کہ روز قیامت اس قاری کی طرف سے جھگڑا بن گے نقلہ عن الفاسی فی مطالع المسرات ان کے نزدیک حدیث احمد و مسلم اقرؤا الزھراوین البقرۃ و ال عمران فانھما یاتیان یوم القیامۃ کانھما غمامتان او غیایتان او کانھما فرقان من الطیر صواف یحاجان عن اصحابھما کے یہ معنی ہیں۔

(۱۸) امام عارف باللہ سیدی عبدالوہاب شعرانی قدس سرہ الربانی میزان الشریعۃ الکبریٰ میں فرماتے ہیں۔ اقوی الملٰئکۃ واشدھم حیاءً من کان مخلوقا من انفاس النساء یعنی آدمیوں کے سانس سے فرشتے بنتے ہیں۔ اور ان میں قوی تر اور حیادار میں

ف نیک کلام اچھا کام فرشتہ بنکر آسمان کو بلند ہوتا ہے۔ کریمہ الیہ یصعد الکلم الطیب کا یہ معنی یہ بھی ہیں۔ ف۲ ثواب قراۃ ذال عمران سے فرشتے پیدا ہوتے ہیں جو قیامت میں قاری کیلئے جھگڑا بن گے ۱۲
ف۳ آدمیوں کے سانس سے فرشتے بنتے ہیں جو عورتوں کی سانس سے بنتے ہیں وہ قوی تر اور حیادار میں زائد تر ہوتے ہیں ۱۲

زائد وہ ہوتے ہیں جو عورتوں کے سانس سے بنائے جاتے ہیں۔
مذکورہ بالا اٹھارہ احادیث واقوال ہیں جن میں آفرینش (پیدائش) ملائکہ کے متعدد طریقے مذکور ہوئے۔ اس سے ثابت ہوا۔ کہ ان کی پیدائش روزانہ جاری ہے۔ ہر روز بیشمار بنتے ہیں جن کی گنتی ان کا بنانیوالا ہی جانتا ہے۔ قلت: اغرب القلشانی فزعم ان ملئکۃ الارض والجو مرکبۃ من الطباع الاربع واشاران لهم فی اجسامهم دما مسفوحا قال فی الیواقیت قال بعضهم ولعل مراده بهؤلاء الملئکۃ القاطنین من السماء والارض نوع من الجن سماهم ملئکۃ اصطلاحا اه ١٥ قلت ومثله غرابا عن ابن عباس رضی الله تعالی عنهما ان من الملئکۃ قربا یتوالدون یقال لهم الجن ومنهم ابلیس کما نقل فی ارشاد الساری وانت تعلم ان عقیدۃ اهل السنۃ فی الملئکۃ تنزیهم عن الذکورۃ و الانوثۃ فانی التوالد واحسن محامله هو مامر من تسمیۃ بعض الجن ملکا و الله تعالی اعلم رہا ان کی موت کا سوال۔ امام ولی الدین عراقی سے مسئلہ بکیہ میں اس باب میں سوال ہوا۔ جواب فرمایا لم یثبت فی ذلک شیئ ولا یجوز الهجوم علیه بمجرد الاحتمال ولا مجال للنظر فیه ولا دخل للقیاس۔ اس باب میں کچھ ثابت ہوا اور محض احتمال سے اس پر جرأت روا نہیں۔ نہ نظر کی یہاں گنجائش نہ قیاس کا دخل نقلہ العلامۃ الفاسی فی مطالع المسرات۔ بلکہ شیخ اکبر قدس سرہ تو انہیں مثل ارواح مانتے ہیں کہ نہ تھے۔ مگر جب ہوئے تو ہمیشہ ہی رہیں گے۔ کہ ارواح کو کبھی موت نہیں۔ فتوحات شریفہ کے باب میں فرمایا۔ انہ للملئکۃ اخرۃ لیس هو ذلك انهم لا یموتون فیبعثون و انما هو صعق وافاقۃ کالنوم والافاقۃ منه عند نا ذلك حال لا یزال علیه الممکن فی التجلی الاجمالی دنیا واخرۃ الخ نقله فی الیواقیت والجواهر اقول شاید یہ مسئلہ تجسم وتجرد ملائکہ پر مبنی ہو۔ جو انہیں نفوس مجردہ مانتے ہیں جیسے

Marfat.com

امام حجۃ الاسلام غزالی وغیرہ ان کے طور پر ملائکہ کو موت نہ ہونی چاہئے کہ روح کبھی نہیں مرتی موت جسم کیلئے ہے یعنی روح کا اس سے جدا ہو جانا۔ اور ملائکہ کو اجسام لطیفہ کہتے ہیں جن سے نفوس شریفہ متعلق ہیں جیسا جمہور اہل سنت کا مسلک ہے۔ اور صدہا طور پر نصوص اسی طرف ناظر۔ ان کے نزدیک ملائکہ کو موت سے چارہ نہیں۔ اور یہی ظاہر مفاد آیت اور احادیث تو اس میں بالتصریح وارد۔ تو یہی صحیح ومعتمد ہے۔ وقال کل نفس ذائقة الموت ہر جان موت کا مزہ چکھے گی۔

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی جب آیۃ کریمہ کل من علیہا فان نازل ہوئی۔ کہ جتنے زمین پر ہیں۔ سب فنا ہونے والے ہیں۔ ملائکہ بولے۔ زمین والے مرے۔ یعنی ہم محفوظ ہیں۔ جب آیۃ کریمہ کل نفس ذائقة الموت نازل ہوئی۔ کہ ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔ ملائکہ نے کہا۔ اب ہم بھی مرے ذکرہ الامام الرازی فی مفاتیح الغیب ابن جریر انہیں سے راوی قال وکل ملک الموت بقبض ارواح المؤمنین والملئکة الحدیث (یعنی ملک الموت مسلمانوں اور فرشتوں کی روح قبض کرنے پر مقرر ہیں)

نیز ابن جریر و ابوالشیخ وغیرہما ایک حدیث طویل میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آخرهم موتا ملک الموت فرشتوں میں سب سے پیچھے ملک الموت مریں گے۔ بیہقی و فریابی نے بروایت حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور

ف امام غزالی وغیرہ ملئکہ کو نفوس مجردہ جانتے ہیں ۱۲ ف۲ جمہور اہل سنت کا مسلک یہ ہے کہ ملائکہ اجسام لطیفہ ہیں جن سے نفوس شریفہ متعلق ہیں اور صدہا نصیں اسی کی طرف ناظر ۱۲ ك

فی الفتاوی الحدیثیة للامام ابن حجر فی مسئلة الموت وجودی او عدمی الموت مفارقة الروح الجسد اھ وفی شرح الصدور للمولی السیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ قال العلماء الموت لیس بعدم محض ولا فناء صرف وانما هو انقطاع تعلق الروح بالبدن ومفارقة وحیلولة بینهما وتبدل حال وانتقال من دار الی دار ۱۲ منه

Marfat.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک حدیث میں تفصیلاً ان کی کیفیتِ موت روایت کی ہے کہ جب سب فنا ہوں گے۔ جبرئیل و میکائیل و ملک الموت باقی رہیں گے۔ رب تبارک و تعالیٰ کہ دانا تر ہے ارشاد فرمائیگا۔ اے ملک الموت! اب کون باقی ہے؟ عرض کرینگے بقی وَجھك الباقی الدائم و عبدك جبریل و میکائیل و ملك الموت باقی ہے تیرا وجہ کریم کہ ہمیشہ رہے گا۔ اور تیرے بندے جبرائیل و میکائیل و ملک الموت حکم ہوگا نعرف نفس میکائیل۔ میکائیل کی روح قبض کر۔ وہ عظیم پہاڑ کی طرح گریں گے۔ پھر فرمائیگا۔ اور وہ خوب جانتا ہے۔ اب کون باقی ہے؟ عرض کریں گے وجھك الباقی الکریم عبدك جبرائیل و ملك الموت۔ تیرا وجہ کریم کہ ہمیشہ رہیگا۔ اور تیرے بندے جبرائیل و ملک الموت۔ فرمائیگا نعرف نفس جبرائیل جبرائیل کی روح قبض کر۔ وہ اپنے پر پھڑ پھڑاتے ہوئے سجدے میں گر جائیں گے۔ پھر فرمائیگا اور وہ خوب جانتا ہے۔ اب کون رہا؟ عرض کریں گے وجھك الکریم و عبدك الملك الموت وھو میت تیرا وجہ کریم کہ ہمیشہ رہیگا۔ اور تیرا بندہ ملک الموت کہ وہ بھی مریگا۔ فرمائیگا۔ مت مر جا۔ وہ بھی مر جائیں گے۔ پھر فرمائیگا۔ ابتداء میں نے خلق بنائی۔ اور میں پھر اسے زندہ کروں گا۔ کہاں ہیں سلاطین مغرور جو ملک کا دعوی کرتے تھے۔ کوئی جواب دینے والا نہ ہوگا۔ خود فرمائے گا۔ للہ الواحد القھار آج بادشاہی ہے اللہ غالب کی ملفق منھا و عند الفھ یابی ان اخرھم موتا جبرائیل واللہ اعلم

ثم اقول۔ اس حدیث سے ملائکہ مقربین کا روزِ قیامت تک زندہ رہنا معلوم ہی ہولہ اور حدیث ۶ میں سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے گذرا کہ یہ بے شمار فرشتے جو روزانہ بنتے ہیں قیامت تک ملائکہ کے ساتھ اڑتے پھریں گے۔ اور حدیث میں گذرا کہ یہ ستر ہزار فرشتے جو روز بنتے ہیں۔ قیامت تک تسبیح الٰہی کرتے رہیں گے۔ حدیث ۱۳ میں گذرا۔ وہ فرشتہ قیامت تک مصلّی ا ور درود خواں) پر درود بھیجتا رہتا ہے

Marfat.com

روایت سخاوی میں گذرا۔ اُس کے پَر کے قطروں سے جو فرشتے بنتے ہیں۔ قیامت تک مصلّی (درود خواں) کیلئے استغفار کریں گے۔ ہر مسلمان کے ساتھ جو کراماً کاتبین ہیں ان کیلئے حدیث شریف میں آیا۔ مرگ مسلمان کے بعد آسمان پر جاتے اور وہاں رہنے کا اذن طلب کرتے ہیں حکم ہوتا ہے۔ میرے آسمان میرے فرشتوں سے بھرے ہیں۔ کہ وہ میری تسبیح کرتے ہیں، پھر عرض کرتے ہیں۔ جو ہمیں حکم ہو۔ کہ زمین میں رہیں۔ فرمان ہوتا ہے میری زمین مخلوق سے بھری ہے کہ میری تسبیح کرتے ہیں وَلٰکِن قُوْمَا عَلٰی قَبْرِ عَبْدِیْ فَسَبِّحَانِیْ وَھَلِّلَانِیْ وَکَبِّرَانِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ وَاکْتُبَاہُ لِعَبْدِیْ۔ مگر میرے بندے کی قبر پر کھڑے قیامت تک میری تسبیح و تہلیل و تکبیر کرو اور اس کا ثواب میرے بندے کیلئے لکھتے رہو اَخْرَجَہٗ اَبُوْنُعَیْمٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیْ وَالْبَیْھَقِیْ فِی الْبَعْثِ وَابْنُ اَبِی الدُّنْیَا عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا۔

اسی طرح اور احادیث بھی ہیں۔ ان حدیثوں سے بے شمار ملائکہ کا قیامت تک زندہ رہنا ثابت۔ اور اصلاً کسی حدیث سے یہ ثابت نہ ہوا کہ کسی فرشتہ کو موت لاحق ہوئی ہو۔ بلکہ روایت مذکورہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے صاف ظاہر کہ نزول آیۂ کریمہ کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَۃُ الْمَوْتِ تک فرشتے اپنی موت سے خبردار ہی نہ تھے۔ کہ ہمیں بھی موت ہو گی۔ لہذا ظاہر یہی ہے کہ ملائکہ کیلئے قیامت سے پہلے موت نہیں۔ بلکہ جویبر نے اپنی تفسیر میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔ کہ انسان و جن و حیوانات کی موت بیان کرکے فرمایا۔ وَالْمَلٰئِکَۃُ یَمُوْتُوْنَ فِی الصَّعْقَۃِ الْاُوْلٰی وَاِنَّ مَلَکَ الْمَوْتِ یَقْبِضُ اَرْوَاحَھُمْ ثُمَّ یَمُوْتُ۔ فرشتے اس وقت مریں گے جب پہلا صور پھونکا جائیگا۔ ملک الموت ان کی روح قبض کریں گے۔ پھر وہ خود بھی مر جائیں گے۔ یہ حدیث مقصود

یں نص نہی۔ لولا ما فی جویبر من ضعف قوی ولا جویبر واللہ تعالیٰ اعلم

تکمیل۔ بعد ختم اس تحریر کے فتاویٰ حدیثیہ امام علامہ ابن حجر مکی قدس سرہ الملکی میں ایک فتویٰ متعلق بملائکہ دوسرا متعلق بحور عین نظر فقیر سے گزرا۔ امام نے اس میں موت ملائکہ پر اجماع نقل فرمایا حیث قال اَمّا الملٰئکۃ فیموتو بِالنُّصُوصِ وَالاِجْمَاعِ وَیَتَوَلّٰی قبض ارواحھم ملک الموت وَیَمُوْتُ ملک الموت بلا ملک الموت۔ اور ان کے کلام کا بھی ظاہر یہی ہے کہ موت ملائکہ نفخ صور سے ہوگی۔ سوا حاملان عرش و چہار مقرب فرشتوں کے۔ کہ یہ اس کے بعد وفات پائیں گے۔ حیث قال فی الفتویٰ المتعلقۃ بِالملٰئکۃِ بالنفخ فی الصور یموتون الا حملۃ العرش و جبریل وَاسرافیل ومیکائیل وملک الموت ثم یموتون اثر ذٰلک

اور دربارہ آفرینش بھی اسی کا استظہار فرمایا۔ کہ ملائکہ ایک ہی دفعہ نہ تھے بلکہ ان کی پیدائش بدفعات ہے۔ حیث قال ظاہر السُّنّۃ اِنَّ الملٰئکۃ لم یخلقوا دفعۃ واحدۃ۔ پھر احادیث مَا نحن فیہ کے متعلق صرف سات ذکر فرمائیں۔ جن میں پانچ تو وہی ۲ و ۳ و ۹ و ۱۲ و ۱۳ ہیں کہ مذکور ہوئیں دو تازہ ہیں۔ کہ فیض امام سے ان اٹھارہ میں ملاکر بیس کا عدد کامل کیجئے وللہ الحمد

(۱۹) ابو الشیخ وہب بن منبہ سے راوی۔ قال اللہ نھرا فی الھواء یسع الارضین کلّھا سبع مرّاتٍ فینزل علی ذٰلک النھر ملک مِنَ السَّمَآءِ فیماؤہ ویسد ما بین اطرافہ ثم یغتسل منہ فاذا خرج منہ قطرمنہ قطرات من نورٍ فیخلق اللہ من کل قطرۃ منھا ملکا۔ یُسَبِّحُ لِلّٰہِ بجمیع تسبیح الخلائِق کلھم اللہ تعالیٰ او

Marfat.com

تبارک کی ایک نہر ہوا میں ہے۔ اگر سب زمینیں مل کر سات دفعہ اسمیں سما جائیں اس نہر پہ آسمان سے ایک فرشتہ اترتا ہے۔ کہ اپنی جسامت سے اُسے بھر دیتا ہے۔ اور اس کے سب کنارے بند کر دیتا ہے۔ پھر اس میں نہاتا ہے۔ جب باہر آتا ہے۔ تو اس سے نور کی بوندیں ٹپکتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہر قطرے سے ایک فرشتہ بناتا ہے۔ کہ تمام مخلوقات کی تسبیح کے برابر اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتا ہے۔

(۲۰) وہی علاء بن ہارون سے راوی قَالَ لِجبرِیل کُلّ یَومِ انغمس فِی الکوثر ثمّ ینتقض فکل قطرۃ یخلق منہا ملکٌ جبرائیل امین علیہ الصلوٰۃ والسلام ہر روز کوثر میں ایک ڈبکی لگا کر پر جھاڑتے ہیں۔ ہر بوند سے ایک فرشتہ بنتا ہے۔ اس کے متعلق بحمد للہ ایک اور حدیث یاد آئی

(۲۱) ابن ابی الدنیا اور ابوالشیخ کتاب الثواب میں امام جعفر صادق وہ اپنے والد ماجد۔ وہ اپنے جد امجد رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی کہ۔ حضور والا صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلّم فرماتے ہیں۔ مَا اَدخَلَ رَجلٌ علی مؤمن سرورًا اِلّاخلق اللہ عزّ وجلّ وَیُوحّدُہٗ السرور ملکٌ یَعبُدُ اللہ عزّ وجلّ وَیُوحّدُہٗ فاذا صارالعبدُ فی قبرہٖ اَتاہُ ذٰلکَ السرورُ الحدیث جو کوئی شخص کسی مسلمان کو خوش کرے۔ اللہ عزّ وجل اس خوشی سے ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے۔ کہ اللہ عزّ وجل کی عبادت و توحید کرتا رہتا ہے جب وہ بندہ قبر میں جاتا ہے۔ یہ فرشتہ اس کے پاس آکر کہتا ہے کیا مجھے پہچانتا ہے۔ میں وہ خوشی ہوں جو تو نے فلاں مسلمان کے دل میں داخل کی تھی۔ آج میں دحشت میں تیرے دل کو بہلاؤں گا۔ اور تیری محبت

Marfat.com

تجھے سکھاؤں گا۔ اور قول ایمان پر تجھے ثابت کردوں گا۔ اور قیامت کے ہر مشہد میں بھی تیرے ساتھ رہوں گا۔ اور اللہ عزّ وجلّ کے نزدیک تیری شفاعت کروں گا۔ اور جنت میں تیرا مکان تجھے دکھاؤں گا۔ غرض بڑی عظمت والا ہے بادشاہ عرش عظیم کا۔ رب ملک و روح کریم کا سب خلق سے چن لینے والا محمدؐ رسول اللہ رؤف و رحیم کا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ وصحبہ و بارک وکرم واللہ سبحنہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ جلّ مجدہ اتمّ واحکم۔

فقط

تمت

مَاثَبَتَ مِنَ السنۃ مع اردو ترجمہ مَا اَنْعَمَ عَلَی الْاُمَّۃِ

المعروف بہ

ایام اسلام

مکمل پانچ روپلے — صرف عربی ڈھائی روپلے — صرف ترجمہ اردو تین روپلے

شیخ محقق شاہ محمد عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ کی یہ نایاب اور بیمثال کتاب ادارہ نے عربی مع اسکے ترجمہ کے ساتھ شائع کی ہے جس میں سال بھر کے ایّام و ماہ کے بیان فضائل اسلامی تہوار حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کا مفصل بیان معراج مبارک، سیدنا امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما کی شہادت کا صحیح ترین تذکرہ کے علاوہ، رمضان مبارک کے روزے، تراویح ختم قرآن، شش عید کے روزوں پر مکمل بحث فرماتے ہوئے مذہب حق اہل سنت وجماعت کی پوری تائید فرمائی ہے، اس کے سوا، زمانہ جاہلیت کی مشرکانہ رسومات ومعتقدات، شگون وفال اور ستاروں کی تاثیرات کے متعلق جو اوہام ہائے پائے جاتے ہیں مدلل رد وابطال ہے۔

Marfat.com

نصاریٰ کے ایک بڑے دست اعتراض کا جواب اور ان پر بڑے بڑے اعتراضات کا مجموعہ

رسالہ مسمّٰی بنام تاریخی

الصمصام علٰی مشکک فی آیۃ علوم الارحام

۱۳۱۵ھ

ازاعلیٰ حضرت عظیم البرکت مجدد دین و ملت مولٰنا مفتی شاہ احمد رضا خاں قدس سرہٗ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استفتا

حضرت اقدس قبلہ و کعبہ مدظلہ! دست بستہ تسلیم رسانی کے بعد التجا ہے ایک ضروری مسئلہ جلد اندر ہفتہ مدلل و مکمل عقلی و نقلی طور پر لکھ کر ایک مسلمان کی جان بلکہ ایمان کی حفاظت کیجئے عنداللہ ماجور ہوں گے۔

ایک پادری کا کہنا ہے کہ قرآن میں ہے کہ پیٹ کا حال کوئی نہیں جانتا کہ بچہ ذکور سے ہے یا اناث سے ہے حالانکہ ہم نے ایک آلہ نکالا ہے جس سے سب حال معلوم ہو جاتا ہے اور پتہ ملتا ہے۔

کمترین خادمان عبدالوحید حنفی الفردوسی منتظم تحفہ عفا اللہ تعالیٰ عنہ

فتویٰ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ ھُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُکُمْ فِی الْاَرْحَامِ کَیْفَ یَشَاءُ۔ وَالصَّلٰوۃُ

وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتِمِ الْاَنْبِیَاءِ۔ الْاٰتِیْ بِکِتَابٍ مُّبِیْنٍ فِیْہِ رَحْمَۃٌ وَّشِفَاءٌ وَّمَا حَظُّ الْکٰفِرِیْنَ مِنْہُ اِلَّا نِقْمَۃٌ وَشَقَاءٌ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہِ الْبَرَرَۃِ الْاَتْقِیَاءِ۔ الَّذِیْنَ ھُمْ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّھَاتِھِمْ سُعَدَاءُ مَا جَنَّ جَنِیْنٌ فِیْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ بَیْنَ غِشَاءٍ وَّغِطَاءٍ اٰمِیْن

الجواب

مولٰنا حامی سنت ماحی بدعت اکرمکم اللہ تعالیٰ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

اللہ تعالیٰ جل وعلا سورہ آل عمران شریف میں ارشاد فرماتا ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ ○ ھُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُکُمْ فِی الْاَرْحَامِ کَیْفَ یَشَآءُ ؕ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ○ بیشک اللہ پر کوئی چیز چھپی نہیں زمین میں اور نہ آسمان میں وہی ہے جو تمہارا نقشہ بناتا ہے ماں کے پیٹ میں جیسا چاہے کوئی سچا معبود نہیں۔ مگر وہی زبردست حکمت والا۔ سورہ رعد شریف میں فرماتا ہے اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ○ اللہ جانتا ہے جو کچھ پیٹ میں رکھتی ہے ہر مادہ اور جتنے سمٹتے ہیں پیٹ اور جتنے پھیلتے یا جو کچھ گھٹتے ہیں اور جو کچھ بڑھتے اور ہر چیز اس کے یہاں ایک اندازے سے ہے جاننے والا نہاں اور عیاں کا سب سے بڑا بلندی والا۔ سورہ حج شریف میں فرماتا ہے وَنُقِرُّ فِی الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی اور ہم ٹھہرائے رکھتے ہیں مادہ کے پیٹ میں جو کچھ چاہیں ایک مقرر وعدے تک سورہ لقمٰن شریف میں فرماتا ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ وَیُنَزِّلُ

الغَيْثَ ج وَيَعْلَمُ مَا فِى الْاَرْحَامِ ط وَمَا تَدْرِىْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ط وَمَا تَدْرِىْ نَفْسٌ بِاَىِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝ بیشک اللہ ہی کے پاس ہے علم قیامت کا اور اُتارتا ہے مینھ اور جانتا ہے جو کچھ کسی مادہ کے پیٹ میں ہے اور کوئی بھی نہیں جانتا کہ کل کیا کرے گا۔ اور کسی کو اپنی خبر نہیں کہ کہاں مرے گا بے شک اللہ ہی ہے جاننے والا خبردار۔ اور سورہ ملائکہ شریف میں فرماتا ہے وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ط وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ط وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝ اللہ نے بنایا تمہیں مٹی سے پھر منی سے پھر کیا تمہیں جوڑے اور نہیں تھامتی ہوتی کوئی مادہ اور نہ جنے مگر اس کے علم سے اور نہ عمر دیا جائے کوئی عمر والا اور نہ گھٹایا جائے اسکی عمر سے مگر سب لکھا ہے ایک نوشتہ میں بیشک یہ سب اللہ کو آسان ہے۔ اور سورہ حم السجدہ شریف میں فرماتا۔ اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ط وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ اللہ ہی کی طرف پھیرا جاتا ہے علم قیامت کا اور نہیں نکلتا کوئی پھل اپنے غلاف سے اور نہ پیٹ رہے کسی مادہ کو اور نہ جنے مگر اس کی آگاہی سے اور سورہ والنجم شریف میں فرماتا ہے هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِىْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ فَلَا تُزَكُّوْا اَنْفُسَكُمْ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ۝ اللہ خوب جانتا ہے تمہیں جب اس نے بنایا تمکو زمین سے اور جب تم چھپے ہوئے تھے ماں کے پیٹ میں تو آپ اپنی جان کو ستھرا نہ کہو اسے خوب خبر ہے کون پرہیزگار رہا۔ آیات کریمہ میں

مولیٰ سبحنہ وتعالیٰ اپنے بے پایاں علوم کے بیشمار اقسام سے ایک سہل قسم کا بہت اجمالی ذکر فرماتا ہے۔ کہ ہر مادہ کے پیٹ میں جو کچھ ہے سب کا سارا حال پیٹ میں رہتے وقت اور اس سے پہلے اور پیدا ہوتے اور پیٹ میں رہتے اور جو کچھ اس پر گزرا اور گزرنے والا ہے جتنی عمر پائیگا جو کچھ کام کرے گا جبتک پیٹ میں رہیگا۔ اس کا اندرونی بیرونی ایک ایک عضو ایک ایک پرزہ جو صورت دیا گیا جو دیا جائیگا ہر ہر رونگٹا جو مقدار مساحت وزن پائے گا۔ بچے کی لاغری فربہی غذا حرکت خفیفہ زائدہ انبساط انقباض اور زیادت وقلت خون طمث وحصول فضلات وہوا ورطوبات وغیرہا کے باعث آن آن پر پیٹ جو سمٹتے پھیلتے ہیں غرض ذرّہ ذرّہ سب اسے معلوم ہے۔ ان میں نہ کہیں تخصیص ذکور واناث کا ذکر نہ مطلق علم کی نفی وحصر تو یہ مہمل ومختل اعتراض یا درہوا کہ بعض یا زریان یا دربند ہوا کی تازہ گڑھت ہے۔ اس کا اصل منشا معنیٰ آیات میں بے فہمی محض یا حسب عادت دیدہ ودانستہ کلام الہٰی پر افترا و تہمت ہے۔ قرآن عظیم نے کس جگہ فرمایا ہے کہ کوئی کبھی کسی مادہ کے حمل کو کسی طرح کسی تدبیر سے اتنا نہیں معلوم کر سکتا کہ نر ہے یا مادہ اگر کہیں ایسا فرمایا تو نشان دو اور جب یہ نہیں تو بعض وقت بعض اناث کے بعض حمل کا بعض حال بعض تدابیر سے بعض اشخاص نے بعد جہل طویل اور عجز مدید کے بعض آلات بے جان کا نقیر

لہ سورۃ الملئکہ حم ۲ سورۃ والنہار سہ سورۃ فاطر وحم السجدہ ۱۲ کہ سورہ رعد ولقمٰن والنجم ۱۲ شہ سورہ حج از شروع کریمہ وسورۃ ملئکہ وسورہ والنجم ۱۲ ته سورہ لقمان والنجم ۱۲ ے سورہ فاطر ۱۲ شہ سورۂ والنجم ۱۲ ۹ سورۂ حج ۱۲ نلہ سورہ آل عمران ۱۲ للہ سورہ رعد ۱۲ ۱۲ ایضاً سورہ رعد ۱۲

Marfat.com

ومحتاج ہو کر اس فانی وزائل وبے اصل وبے حقیقت نام کے ایک ذرہ علم وقدرت سے (کہ وہ بھی بارگاہ عالی قدیر سے حصہ رسد چند روز سے چند روز کے لئے پائے اور اب بھی اسی کے قبضۂ اقتدار میں ہیں۔ کہ بے اس کے کچھ کام نہ دیں) اگر صحرا سے ذرہ سمندر سے قطرہ معلوم کر لیا تو یہ آیات کریمہ کے کس حرف کا خلاف ہوا۔ وہ خود فرماتا ہے یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم ولا یحیطون بشیٔ من علمہ الا بما شاء جانتا ہے جو ان کے آگے ہے اور جو کچھ پیچھے اور وہ نہیں پاتے اس کے علم سے کسی چیز کو مگر جتنی وہ چاہے۔ تمام جہان میں روز اول سے ابدالآباد تک جس نے جو کچھ جانا یا جانے گا سب اسی الا بما شاء کے استثنا میں داخل ہے جس کے لاکھوں کروڑوں سر بفلک کشیدہ پہاڑوں سے ایک نہایت قلیل ذرہ بمقدار ذرہ بے آلہ بھی ہے۔ ایسا ہی اعتراض کرنا ہو تو بے گنتی گزشتہ وآئندہ باتوں کا جو علم ہم کو ہے اسی سے کیوں نہ اعتراض کیجے جو صیغہ یعلم ما فی الارحام میں ہے کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو کچھ مادہ کے پیٹ میں ہے۔ بعینہ وہی صیغہ یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم میں ہے کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آئے گا اور جو کچھ گزرا۔ جب ان بے شمار علوم تاریخی وآسمانی ملنے میں کسی عاقل منصف کے نزدیک اس آیت کا کچھ خلاف نہ ہوا۔ نہ تیرہ سو برس سے آج تک کسی پادری صاحب کو ان علوم کے باعث اس آیۂ کریمہ پر لب کشائی کا جنون اچھلا تو اب ایک ذرا سی آلہ نکال کر اس آیت کا کیا بگاڑ متصور ہو سکتا ہے ہاں عقل نہ ہو تو بندہ مجبور ہے یا انصاف نہ لے تو انکھیارا بھی کور ہے ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ثم اقول وباللہ التوفیق۔ مفصلا حق واضح کو واضح تر کروں اصل یہ ہے کہ

Marfat.com

کسی علم کی حضرت عزّ وجل سے تخصیص اور اس کی ذات پاک میں حصر اور اسکے غیر سے مطلقاً نفی چند وجہ پر ہے اوّل علم کا ذاتی ہونا کہ بذاتِ خود بے عطائے غیر ہو دوم علم کا غنا کہ کسی آلہ و جارحہ و تدبیر و فکر و نظر و التفات و انفعال کا اصلا محتاج نہ ہو۔ سوم علم کا سرمدی ہونا کہ ازلا ابدا ہو چہارم علم کا وجوب کہ کسی طرح اس کا سلب ممکن نہ ہو پنجم علم کا ثبات و استمرار کہ کبھی کسی وجہ سے اس میں تغیر تبدل فرق تفاوت کا امکان نہ ہو ششم علم کا انتہائی غایت کمال پر ہونا کہ معلوم کی ذات ذاتیات اعراض احوال لازمہ مفارقہ ذاتیہ اضافیہ ماضیہ آتیہ موجودہ ممکنہ سے کوئی ذرہ کسی وجہ پر مخفی نہ ہو سکے۔ ان چھ وجہ پر مطلق علم حضرت احدیت جل وعلا سے خاص اور اس کے غیر سے قطعاً مطلقاً منفی یعنی کسی کو کسی ذرہ کا ایسا علم جو ان چھ وجوہ سے ایک وجہ بھی رکھتا ہو حاصل ہونا ممکن نہیں جو کسی غیر الٰہی کے لئے عقول مفارقہ ہوں خواہ نفوس ناطقہ ایک ذرّے کا ایسا علم ثابت کرے یقیناً اجماعاً کافر مشرک ہے۔ ان تمام وجوہ کی طرف آیات کریمہ میں باطلاق کلمہ یعلم اشارہ فرمایا کہ یہاں علم کو مطلق رکھا اور مطلق فرد کامل کی طرف منصرف اور علم کامل بلکہ علم حقیقی حق الحقیقۃ وہی ہے جو ان وجوہ ستہ کا ہو اسی لحاظ پر ہے۔ وہ جو قرآن عظیم میں ارشاد ہوا يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا جس دن اللہ عزّ و جل رسولوں کو جمع کر کے فرمائے گا۔ تمہیں کیا جواب ملا عرض کریں گے ہمیں علم نہیں کفار کے پاس ان محبوبان خدا صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہم کا تشریف لانا ہدایت فرمانا ان ملاعنہ کا تکذیب و انکار و اصرار و استکبار و بیہودہ گفتار سے پیش آنا کسے نہیں معلوم مگر حضرات انبیاء عرض کریں گے

لَا عِلْمَ لَنَا ہمیں اصلا علم نہیں لا نفی جنس کا ہے سلب مطلق فرمائیں گے یعنی وہی علم کامل کہ حقیقت حقیقیہ علم اسی کا نام ہے اصلا اس کا کوئی فرد ہمیں حاصل نہیں حق حقیقت تو یہ ہے جب اس سے تجاوز کرکے حقیقت عرفیہ یعنی مطلق دانستن کی طرف چلئے خواہ بالذات ہو یا بالغیر غنی ہو یا محتاج سرمدی ہو یا حادث ابدی ہو یا فانی واجب ہو یا ممکن ثابت ہو یا متغیر تام ہو یا ناقص بالکنہ ہو یا بالوجہ بایں معنی مطلق علم کہ ایک آدھ چیز کے جاننے سے بھی صادق زنہار مختص بحضرت عزت عظمتہ۔ نہیں نہ معاذ اللہ قرآن عظیم نے ہرگز کہیں اس کا دعویٰ کیا۔ بلکہ جس طرح معنی اول کا غیر کے لئے اثبات کفر ہے اس معنی کی غیر سے نفی مطلق بھی کفر ہے کہ یہ خود صدہا نصوص قرآن عظیم بلکہ تمام قرآن عظیم بلکہ تمام ملل و شرائع و عقل و نقل و حس سب کی تکذیب ہوگی۔ قرآن عظیم نے اپنے محبوبوں کے لئے بے شمار علوم عظیمہ ثابت فرمائے اور ان کے عطا سے منت رکھی قَالَ تعالیٰ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا اور سکھا دیا اللہ نے تجھے اے نبی جو تجھے معلوم نہ تھا۔ اور اللہ کا فضل تجھ پر بہت بڑا ہے وَبَشَّرُوهُ بِغُلٰمٍ عَلِيمٍ ہ اور فرشتوں نے ابراہیم کو مژدہ دیا علم والے لڑکے کا وَاِنَّهُ لَذُو عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ اور بے شک یعقوب علم والا ہے ہمارے علم عطا فرمانے سے وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا سکھا دیئے آدم کو سب نام وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ہ اور یاد کر ہمارے بندوں ابراہیم و اسحق و یعقوب قدرت والوں اور علم والوں کو يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ بلند کرے گا اللہ تعالیٰ تمہارے ایمان والوں کو اور ان کو جنہیں

علم عطا ہوا درجوں ہیں۔ بلکہ عام لبشر کو فرماتا ہے الرحمٰن ہ علم القرآن خلق الانسان ہ علمہ البیان ہ رحمان نے سکھایا قرآن بنایا آدمی اسے بتایا بیان۔ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ ہ سکھایا آدمی کو جو نہ جانتا تھا وَاللّٰہُ اَخْرَجَکُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّھٰتِکُمْ لَا تعلمون شیئًا و جعل لکم السمع وَالْابصار وَالْاَفئدۃ ہ لعلکم تشکرون۔ اللہ نے نکالا تمہیں ماں کے پیٹ سے نرے ناداں اور دیئے تمہیں کان اور آنکھیں اور دل شاید تم حق مانو بلکہ عام تر فرماتا ہے الم تر ان اللّٰہ یسبح لہ من فی السموات والارض والطیر صفٰت کل قد علم صلاتہ وَ تسبیحہ۔ وَاللّٰہ علیم بما یفعلون ہ کیا تو نے نہ دیکھا کہ اللہ کی پاکی بولتے ہیں جو آسمان و زمین میں ہیں اور پرندے پرا باندھے سب نے جان لی ہے اپنی نماز و تسبیح اور اللہ کو خوب خبر ہے جو وہ کرتے ہیں۔ تو کوئی اندھے سے اندھا بھی کسی آیت کا یہ مطلب نہیں کہہ سکتا کہ بایں معنی مطلق علم کو غیر سے نفی فرمایا ہے ہاں اس معنی پر علم مطلق غیر سے ضرور مسلوب اور یہ وجہ ھفتم حصر و تخصیص لگی ہے یعنی تمام موجودات و ممکنات و مفہومات و ذوات و صفات و نصب و اضافات و واقعیات و موہومات غرض ہر شئے و مفہوم کو علم کا عام و تام و محیط و مستغرق ہونا کہ غیر متناہی معلومات کے غیر متناہی سلاسل اور ہر سلسلے کے ہر فرد سے غیر متناہی علوم متعلق اور یہ سب نا متناہی نا متناہی علوم معًا حاصل ہوں جن کے احاطے سے کوئی فرد اصلا خارج نہ ہو جیسے فرماتا ہے وَاِنَّ اللّٰہَ قد احاط بکل شیئٍ علمًا۔ بیشک اللہ کا علم ہر چیز کو محیط ہوا اور فرماتا ہے عٰلِمُ الغیب لا یعزب عنہ مثقال ذرۃ فی السمٰوٰت ولا فِی الارض وَلَا اصغر من ذٰلک

Marfat.com

وَلَآ اَکۡبَرُ اِلَّا فِیۡ کِتٰبٍ مُّبِیۡنٍ جاننے والا ہر چھپی چیز کا اس سے چھپی نہیں کوئی ذرہ بھر چیز آسمانوں میں نہ زمین میں اور نہ اس سے چھوٹی اور نہ بڑی مگر سب ایک روشن کتاب میں ہے۔ ایسا علم بھی غیر کیلئے محال اور دوسرے کے واسطے اسکا اثبات کفر و ضلال کما بیناہ فی رسالتنا مقامع الحدید علی خد المنطق الجدید ثامن نبہ مولی سبحنہ وتعالی نے اس وجہ ہفتم کی طرف اشارہ فرمایا کل انثی میں کلمہ کل اور ما تحمل من انثی میں نکرہ منفیہ پھر تاکید بہ من اور مَا فِی الْاَرْحَامِ عموم ما اور لام استغراق سے وعلی ہذا القیاس اب آلۂ محدثہ کی طرف چلئے فقیر اس پر مطلع نہ ہوا نہ کسی سے اس کا کچھ حال سنا ظاہر ایسی صورت نہیں کہ جنین رحم میں بحال وَفِیۡ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ تین اندھیریوں میں لپٹا ہے اور بذریعہ آلہ منشہود ہو جائے۔ اس کا جسم بالتفصیل آنکھوں سے نظر آئے کہ بعد میں علوق فم رحم سخت منضم ہو جاتا ہے جس میں میل سرمہ بدقت جائے اور اس جائے تنگ و تار میں جنین محبوس ہو جاتا ہے وہ بھی یوں نہیں بلکہ اس پر تین غلاف اور چڑھے ہوتے ہیں ایک غشائے رقیق ملاقی جسم جنین جس میں اس کا فضلہ عرق جمع ہو جاتا اس پر ایک اور حجاب اس سے کثیف تر مسمی بہ غشائے لفافی جس میں فضلہ بول جمع رہتا ہے اس پر ایک اور غلاف اکثف کہ سب کو محیط ہے جسے مشیمہ کہتے ہیں ایسی حالت میں بدن نظر آنے کا کیا محل ہے تو ظاہراً اسکا محصل صرف بعض علامات و امارات ممیزہ منجملہ خواص خارجیہ کا بتاتا ہوگا جن سے ذکورت و انوثت کا قیاس ہو سکے جیسے رحم کی تجویف ایمن یا ایسر میں حمل کا ہونا یا اور بعض تجربیات کہ تازہ حاصل کئے گئے ہوں اگر اسی قدر ہے جب تو کوئی نئی بات نہیں پہلے بھی مجربین قیاسات فارقہ رکھتے تھے جیسے دہنے یا بائیں طرف جنین کی بیشتر جنبش یا حاملہ کی پستان راست یا چپ کے حجم میں افزایش یا سر ہائے پستاں میں سرخی

Marfat.com

یا اودا ہٹ آنا یا رنگ زرد ہوئے زن پر شادابی یا تیرگی چھانا یا حرکات زن میں خفت یا ثقل پانا یا قارورے میں اکثر اوقات حمرت یا بیاض غالب ہونی یا عورت کے خلاف عادت بعض اطعمہ جیدہ یا ردیہ کی رغبت ہونی یا پشم کبود میں زرا وند مدتوق بعس سر شتہ کا صبح علی الریق حمول اور ظہر تک مثل صائم رہ کر مزہ دہن کا امتحان کہ شیریں ہو یا تلخ الیٰ غیر ذٰلک مِمَّا یعرفہ اھل الفن ولکل شروط یراعیہا البصیر فیصیب الظن اور عجائب صنع الٰہی جلت حکمت سے یہ بھی محتمل کہ کچھ ایسی تدابیر القا فرمائی ہوں جن سے جنین مشاہدہ ہی ہو جاتا ہو مثلاً بذریعہ قواسر یا پنچوال تجاویوں میں بقدر حاجت کچھ توسیع وتفریج دیکر روشنی پہنچا کر کچھ شیشے ایسی اوضاع پر لگائیں کہ باہم تادیۂ عکوس کرتے ہوئے زجاج عقرب پر عکس لے آئیں یا زجاجات متخالفۃ الملا ایسی وضعیں پائیں کہ اشعۂ بصریہ کو حسب قاعدۂ معروضہ علم مناظر انعطاف دیتے ہوئے جنین تک لیجائیں جس طرح آفتاب کا کنارہ کہ ہنوز افق سے دور اور مقابلہ نظر سے محجوب و مستور ہوتا ہے بوجہ اختلاف ملا و غلظت عالم نسیم ہمیں محاذات بصر سے پہلے ہی نظر آجاتا اور طلوع حقیقی سے طلوع مرئی کہ وہی ملحوظ فی الشرع ہے بیشتر ہوتا ہے یونہی جانب غرب بعد زوال محاذات وقوع حجاب بھی کچھ دیر تک دکھائی دیتا اور غروب مرئی معتبر فی الشرع غروب حقیقی کے بعد ہوتا ہے۔ والہذا فقیر غفر اللہ تعالیٰ نے جب کبھی مواقیت زیجیہ سے محاسبہ کیا اور اسے مشاہدۂ بصری سے ملایا ہے ہمیشہ نہار عرفی کو نہار نجومی پر اس سے بھی زائد پایا ہے جو طرفین طلوع و غروب میں تفاوت افقین حسی و حقیقی بحسب ارتفاع قامت معتدلہ انسانی و تفاصیل نیم قطر فاصل میان حاجب و مرکز کا مقتضی ہے۔ نیز اسی لئے فقیر کا مشاہدہ ہے کہ قرص شمس تمام و کمال بالائے افق مشہود ہونے پر بھی ظلمت شب مطلع و

Marfat.com

مغرب میں نظر آتی ہے۔ حالانکہ تحرو ظلی وشمس میں ہرگز نیم دور سے کم فصل نہیں یا اور اختلاف منظر آفتاب غایت قلّت میں ہے کہ مقدار عشر قطر تک بھی نہیں پہنچتا خیر کچھ بھی ہو ہم یہی صورت فرض کرتے ہیں کہ تحر دکسی امارت خارجہ کی بناپر قیاس ہی نہیں بلکہ بذریعہ آلہ اعضائے جنیں یا چناں وچنیں حیات وکمین مشہود ہو جاتے ہیں بہرحال آخر تمام منشا ومبنائے اعتراض ہمل صرف اس قدر کہ جو علم قرآن عظیم نے مولیٰ سبحنہ وتعالیٰ کے لئے خاص مانا تھا؟ ہیں اس آلے سے حاصل ہو جاتا ہے حالانکہ لاواللہ کبرت کلمۃ تخرج من افواھھم ان یقولون الا کذبا ہ کیا بڑا بول ہے جو ان کے منہ سے نکلتا ہے وہ تو نہیں کہتے مگر جھوٹ۔ ہم پوچھتے ہیں اس آلے سے تم کو اتنا ہی علم دیا جو وجہ ہشتم عام وشامل میں ہے جس کا باری عزّ وجلّ سے خاص جاننا محال اور خود بحکم قرآن عظیم کفر وضلال تھا جب تو اعتراض کتنا مالیخولیا اور کس درجہ کا جنون ہے کہ سرے سے مبنی ہی باطل وملعون ہے۔ اس قسم علم یعنی دانستن کو اگرچہ کیسا ہی ہو حضرت عزت عظمتہ سے قرآن عظیم نے کب خاص مانا تھا اس قسم کے کروروں علم عام انسان بلکہ تمام حیوانات کو روزانہ ملتے رہتے ہیں اور قرآن عظیم خود غیر خدا کے لئے انھیں ثابت فرماتا ہے ایک اس کے ملنے میں کیا نئی شاخ نکلی کہ آیت الٰہی کا خلاف ہو گیا یہی اس عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ کے ناپید اکنار صحراؤں سے ایک ذلیل ذرہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سکھایا آدمی کو جو اسے معلوم نہ تھا۔ دیکھو تمہیں ابھی آیت سنا چکا ہوں کہ اللہ نے تمہیں نکالا ماں کے پیٹ سے جاہل کہ کچھ نہ جانتے تھے پھر تمہیں عقل وہوش وچشم وگوش دیئے کہ اس کا حق مانو تم نے اچھا حق مانا کہ اسی کی برابری کرنے لگے اور اگر یہ مقصود کہ اس سے تمہیں ان سات وجوہ مخصوصہ بحضرت باری عزّ وجلّ سے کسی وجہ کا علم مل گیا تو یہ ابھی سے

Marfat.com

بھی لاکھوں درجہ بدتر جنون ہے۔ کیا یہ علم تمہارا ذاتی ہے عطائے الٰہی سے نہیں اہلِ کتاب کہلاتے ہو شاید ایسا خدائی دعویٰ تو نہ کرو ابھی چند روز ہوئے تم اس آلے سے جاہل تھے۔ اللہ عزّ وجل نے تمہیں تمہاری بساط کے لائق عقل دی ریاضی سکھائی دنیا کمانے کی راہ بتلائی تمہارے ذہن میں اس کا طریقہ ڈالا آنکھیں ہاتھ جوارح دیئے جن کے ذریعہ سے کام کرسکو جس چیز کا کوئی آلہ بناؤ اور جس چیز پر اسے استعمال میں لاؤ انھیں تمہارے لئے مسخر کیا اسباب مہیا کرکے تمہارے دل میں اس کا خیال ڈالا پھر تمہارے جوارح کو کام کی طرف مصروف فرمایا پھر محض اپنی قدرت کاملہ سے بنا دیا اور اس کا بننا تمہارے ہاتھوں پر ظاہر ہوا تم سمجھے ہم نے اپنی قدرت اپنے علم سے بنا لیا اندھے ہمیشہ ایسا ہی سمجھا کرتے ہیں جو ظاہری سبب کے غلام اور حلقہ بگوش اور مسبب و خالق و عالم و قادر حقیقی سے غافل و بیہوش ہیں۔ کَذٰلِکَ یَطْبَعُ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ قَلْبِ مُتَکَبِّرٍ جَبَّارٍ جیسے قارون ملعون جسے اللہ عزّ وجل نے بیشمار خزانے دیئے دنیا بھر کی نعمتیں بخشیں جب اس سے کہا گیا اَحْسِنْ کَمَا اَحْسَنَ اللّٰہُ اِلَیْکَ بھلائی کر جیسے اللہ نے تیرے ساتھ بھلائی کی۔ تو کافر کیا بکتا ہے اِنَّمَا اُوْتِیْتُہٗ عَلٰی عِلْمٍ عِنْدِیْ یہ تو مجھے ایک علم سے ملا ہے جو مجھے آتا ہے۔ پھر بدلا دیکھا کس مزے کا چکھا۔ فَخَسَفْنَا بِہٖ وَبِدَارِہِ الْاَرْضَ فَمَا کَانَ لَہٗ مِنْ فِئَۃٍ یَّنْصُرُوْنَہٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَمَا کَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِیْنَ ۝ دھنسا دیا ہم نے اسے اور اس کے گھر کو زمین میں پھر نہ ہوئے اس کے کچھ یار کہ اسے بچا لیتے اللہ کی گرفت سے اور نہ وہ بدلا سکا۔ اور اس علم کا عنی نہ ہونا خود بدیہی کہ ایک بے جان آلے کی بودگی پر ہے۔ جب تک آلہ نہ تھا تو ڈاکٹر صاحب کچھ نہ کہہ سکتے تھے کہ میم صاحب کے پیٹ میں مس مبڈم ہے یا بابا والوگ۔

Marfat.com

ازلی ابدی واجب کیسے کہہ سکتے ہو۔ جب تم خود ہی حادث فانی باطل ہو ازلی بڑی چیز ہے۔ ایام حمل ہی بین مدتوں اپنے جہل وعجز کا اقرار کرنا پڑے گا جب تک نطفہ صورت نہ پکڑے پانی کی بوند یا خون بستہ یا گوشت کا ٹکڑا رہے ڈاکٹر صاحب کی ڈاکٹری کچھ نہیں چل سکتی کہ نر نظر آتا ہے یا مادہ۔

کیا ۵ تمہارا علم ثابت ونا قابل نقصان وزیادت ہے استغفر اللہ قبل مشاہدہ کی حالت کو مشاہدۂ اجمالی مشاہدۂ اجمالی کو نظر تفصیلی نظر تفصیلی بالائی کو نظر بعد تشریح عملی سے ملاؤ۔ حالت التفات وذہول کا فرق دیکھو پھر طریان نسیان تو سرے سے ارتفاع ہے کیا تمہارا علم کامل ہے حاش للہ اضافات بتانے کی کیا قدرت کہ وہ غیر متناہی ہیں۔ مثلاً اس کے بدن کا کوئی ذرہ لے لیجئے اور اس کی ماں کے بدن اور تمام اجسام عالم میں جتنے نقطے فرض کئے جا سکتے ہیں اس کے بدن کے ہر ذرہ کا اس ہر نقطۂ ارضی وسماوی وشرقی وغربی وجنوبی وشمالی ونزدیک ودور وموجودہ وحال وماضی واستقبال سے بُعد بتاؤ یہ لاتعداد ولاتحصی خطوط جو ہر نقطہ جسم جنین سے تمام نقاط عالم تک نکل کر بے حد وبے شمار زاویے بناتے آئے۔ ہر زاویے کی مقدار بولو۔ نہ سہی یہی بتاؤ کتنے خطوط پیدا ہوں گے۔ نہ سہی یہی کہدو کہ تمام اجسام جہان میں کتنے نقطے نکلیں گے نہ سہی اتنا ہی کہو کہ صرف جنین کے بدن میں کس قدر نقاط مانے جائیں گے اور جب یہ ادنیٰ علم جو علوم الٰہیہ متعلقہ بجنین کے کرور ہا کرور کے حصوں سے ایک حصہ بھی نہیں ایک جنین میں بھی اس قلیل کے اقل القلیل حصہ کا جواب نہیں دے سکتے اگرچہ دنیا بھر کے ڈاکٹر وہمادری اکٹھے ہو جاؤ تو باقی علوم کی کیا گنتی ہے۔ حالانکہ واللہ العظیم یہ تمام عالم تمام نسبتیں تمام خطوط تمام نقاط تمام زاویئے تمام مقادیر گزشتہ وموجودہ

Marfat.com

وآئندہ تمام جن وبشر وحیوانات کے تمام حملوں میں ربّ العزت آن واحد میں
معًا تفصیلًا ازلًا ابدًا جانتا ہے اور یہ اس کے بحار علوم سے ایک قطرہ بلکہ
بے شمار یم سے ادنیٰ نم ہے اور یہ سب کا سب مع ایسے ایسے ہزارہا علوم کے جن
کی اجناس کلیہ تک بھی وہم بشری نہ پہنچ سکے شمار افراد درکنار سب انھیں
دو کلموں کے شرح میں داخل ہیں کہ یعلم ما فی الارحام جانتا ہے جو
کچھ پیٹ میں ہے تمہاری تنگ نظری کوتاہ فہمی دو لفظ دیکھ کر ایسے سمجھ
لئے کہ ایک آلہ کی ناچیز وبے حقیقت ہستی پر علم ارحام کے مدعی بن بیٹھے
ہاں نصب واضافات کو جانے دو کہ نامتناہی ہیں معدود ومحدود ہی اشیاء
بتاؤ اور وہ بھی کسی ایک جنین کی نسبت اور وہ بھی خاص اپنے گھر کے آدمی
کو گھر کا حال خوب معلوم ہوتا ہے اپنا ذرا اپنی جورو کا واقعہ تو خود اسی پر گزرا
اس کے سامنے ہی گزرا اور اوپر سے مدد دینے کو آلہ موجود کوئی پادری صاحب
آلہ لگا کر بولیں کہ جس وقت ان کی میم صاحب کو پیٹ رہا نطفہ کتنے وزن کا
گرا تھا۔ اس میں کتنے حیوان منوی تھے۔ گرتے وقت رحم کے کس حصہ پر پڑا
رحم میں کتنی دیر بعد جمل ولقرہ میں مستقر ہوا جب سے اب تک کتنا خون حیض
اس کے کام آیا یہ اصل نطفہ کس کس غذا کے کس کس کے جز اور کتنے وزن کا
فضلہ تھا وہ کہاں کی مٹی سے پیدا ہوئی تھی کھانے کے کتنے دیر بعد اس نے صورت
نطفیہ خذ کی تھی جب سے اب تک ایک ایک منٹ کے فاصلہ پر اس کی وزن
ومساحت وہیات میں کیا کیا اور کتنا کتنا تغیر ہوا حوادث مذکورۂ بالا کے باعث
جب سے اب تک میم صاحبہ کے رحم تشریف گئے بار اور کتنی کتنی دیر کو اور کس کس قدر
سمٹی پھیلی بچہ کتنی دفعہ اور کس کس قدر اور کدھر کدھر کو پھر پھرا یا ہر جنبش پر
وضع اعضاء میں کیا کیا تغیر ہوا یہی سب احوال اب سے پیدا ہونے تک کس

کس طرح گزریں گے۔ منٹ منٹ پر وضع و وزن و مساحت و مکان و حرکت و سکون و غذا و احوالِ جنین و رحم میں کیا کیا تغیرات ہوں گے یا وا لوگ رحم شریف میں کب تک بسیں گے کس گھنٹے منٹ سکنڈ بھر ڈیڑھ بر آمد ہوں گے پہلے کونسا عضو آگے بڑھائیں گے۔ اس وقت کتنے فربہ کتنے دراز ہوں گے دروازہ برآمد کی وسعت کس مقدار مخصوص تک چاہیں گے۔ آسانی گزر کو کتنی رطوبت کی بچکاریاں ساتھ لائیں گے۔ آپ کئے بار زور لگائیں گے مہم صاحب سے کتنے کرائیں گے کونسی چیخ پر باہر آئیں گے برآمد بھی ہوں گے یا پیچھے ہی گر جائیں گے جی بچے تو کیا عمر پائیں گے کہاں کہاں بسیں گے کیا کیا کھائیں گے کس کس مشن میں لونڈے پڑھائیں گے اِلیٰ غیر ذٰلِکَ مِمَّا لا یعد ولا یحصی واللہ کہ تمام عالم کی تمام ماضی و موجودہ و مستقبل حملوں رحموں کے ایک ایک ذرّہ احوال مذکورہ وغیر مذکورہ گزشتہ و موجودہ و آیندہ کو رب العزت عزّ وجل کا علم ازلاً ابداً معاً تفصیلاً محیط ہے اور یہ سب انھیں دو پاک کلمہ یعلم مَا فِی الارحام کی شرح میں داخل۔ تم اپنے ہی گھر کے ایک ہی پیٹ کے مختصر احوال کے کرڑوں حصّوں سے ایک حصہ کا بھی ہزارواں حصہ نہیں بتا سکتے اور عالم ارحام بننے کے بعد مدعی نہ بہی ماضیہ و آتیہ کو بھی جانے دو صرف موجودہ ہی لو اور حالات میں بھی فقط موجودہ ہی پر قناعت کرو۔

کیا انھیں کو تمہارا علم عام ہے سبحن اللہ او ّلاً ان کا بھی علم بالفعل کہاں تمام عالم میں جتنے حمل اس وقت موجود ہیں سب کی گنتی تو کوئی بتا ہی نہیں سکتا سب کے حال پر اطلاع کجا ثانیاً اچھا علم بالفعل سے بھی گزرو۔ صرف بذریعۂ آلہ امکان علم ہی پر قناعت کرو کہ گو ہمیں کچھ معلوم نہیں مگر جو پاس آئے اور قدرت ملے تو آلہ لگا کر جان سکتے ہیں اگرچہ صاف ظاہر

کہ یہ علم نہ ہوا کھلا جہل وا قرار جہل ہوا تاہم موجودہ جملوں میں آدمی کے حمل اور ہر گونہ جانور طیر و وحش و سباع و بہائم و ہوام سب کے سب گابھ داخل ذرا کوئی پادری صاحب آلہ آپ لگا کر یا کسی ڈاکٹر صاحب سے لگوا کر بتائیں تو کہ چیونٹی کے پیٹ میں کئے انڈے ہیں انمیں کتنی چیونٹیاں کے چیونٹے ہیں۔ ایک چیونٹی کیا خفاش کے سوا سب پرند اور تیز مچھلیاں، سانپ، گرگٹ، گوہ ناکا سقنقور وغیرہا لاکھوں جانور کہ انڈے دیتے ہیں پادری صاحب کی حکمت سب جگہ بیکار ہے کیا یہ یعلم مافی الارحام میں داخل نہ تھے تالثًا اور اتر دوں فقط بچے ہی والوں پر قناعت سہی کیا ان سب کے پیٹ آلے کے قابل ہیں رالعًا خامسًا تا عاشرًا وغیرہ) اس سے بھی در گزر کر دوں فقط قابل آلہ بلکہ فقط انسان بلکہ فقط امریکہ یا انگلستان بلکہ فقط پادریان بلکہ فقط پادری فلاں بلکہ ان کے گھر کا بھی فقط ایک ہی پیٹ وہ بھی فقط اسی وقت جب بچہ خوب بن لیا اور اپنی نہایت تصویر کو پہنچ چکا اور وہ بھی فقط اتنی ہی دیر کے لئے جب کہ میم صاحب کے پیٹ میں آلہ لگا ہوا ہے کام کروں اب تو لاکھوں عموم کے دریا سمٹ کر صرف بالشت بھر کی ایک ہی گڑھیا کی تلاش رہ گئی کیوں پادری صاحب کیا آپ کے مافی الرحم میں صرف بچہ کا آلہ تناسل داخل ہے کہ نر مادہ بتایا اور یعلم مافی الارحام صادق آیا اس کے اعضائے اندرونی کیا رحم میں نہیں جنین کے دل و دماغ گردے شش سپرز مثانے تلخے امعا معدے رگ پٹھے عظم عضلے ایک ایک پر زے کا وزن مقدار مساحت۔ طول و عرض عمق غرضی لاغری کے اختلافات غرض سب حالات صحیح صحیح محقق مفصل نہ فقط شرابی کی زق زق یا اندھے کی اٹکل بیان کر دو۔ اچھا جانے دو اندرونی اعضاء سے آلہ و آلہ پرست سب کورے کورہیں بیرونی ہی سطح کا حصہ سہی۔ بولو مس میڈم جو پیٹ میں جلوہ آرا ہیں ان کے

Marfat.com

سر پر کتنے بال ہیں ہر بال کا طول کس قدر عرض کتنا عمق کس قدر وزن کتنا جلد میں مسام کتنے ہیں ہر سوراخ کے ابعاد ثلثہ کیا کیا ہیں ان میں کتنے باہم ایک دوسرے سے ۹/۱۳ کی نسبت رکھتے ہیں ہر ایک باقی سے کتنا متفاوت ہے بغل اور سینے اور ران اور پیڑو دونوں لب بالا چار ولب زیریں وغیرہا جوڑوں وصلوں میں ایک ایک کا زاویہ کس حد و نہایت تک پھیل سکتا ہے۔ کے درجے دقیقے ثانیے عاشرے وغیرہا تک پہنچتا ہے۔

دس تجاویف ظاہرہ میں طبعًا وقسرًا کہاں تک پھیلنے کی قابلیت ہے کہ اس سے ذرہ بھر قسر زائد واقع ہو تو قطعًا خارق ہو اور اس حد تک یقینًا تحمل کے قابل ولائق ہو۔ تجاویف حاصلہ وتجاویف صالحہ میں ہر جگہ کتنا تفرقہ ہے الی غیر ذلک من الاحوال الزاہرۃ فی السطوح الظاہرۃ۔ یہ تمام تفاصیل تو يَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ کے لاکھوں سمندروں سے ایک خفیف قطرہ بھی نہیں اسی کو بتا دو۔ فَإِنْ لَّمْ تَفْعَلُوا وَلَنْ تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ أُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ o پھر اگر نہ بتاؤ اور اگر ہرگز نہ بتا سکو گے تو ڈرو اس آگ سے جس کا ایندھن ہیں آدمی اور پہاڑ تیار رکھی ہے کافروں کے لئے۔ بالجملہ اس اعتراض کی ایک بہت ناقص نظیر یہ ہو سکتی ہے کہ بادشاہ تمام روئے زمین اپنی مدح کرنے میں ہوں مالک خزائن عامرہ میں ہوں صاحب اموال متکاثرہ میرے لئے ہیں بلاد وقریے کے محصول پہاڑوں کے حاصل صحراؤں کی کانیں دریاؤں کے محاصل یہ سنکر ایک بے ادب گستاخ فقیر قلاش گداگر بے معاش لنجا لولا اندھا ہیولی چوتڑوں کے بل گھسیٹتا بادشاہ ہی کے کسی گاؤں میں بادشاہی کی رعیت سے ہاتھ پاؤں جوڑ کر بادشاہ ہی کے دیئے ہوئے مال سے ایک پھوٹی کوڑی مانگ لائے اور

Marfat.com

سر بازار تالیاں بجائیے کہ لیجئے بادشاہ تو اپنے ہی آپ کو مالک خزائن و اموال و محاصل معادن و بحار و جبال بنا تا تھا یہ دیکھو مدتوں مصیبت جھیل کر پاپڑ بیلکر ہمنے بھی ایک کانی کوڑی پائی ہے کیوں ہم بھی مالک خزائن و محاصل بحار ہوئے یا نہیں مسلمانو نہ فقط مسلمانو ہر قوم کے عاقلو کیا اس اندھے کا ہلکا سا لقب مجنون نہ ہوگا۔ اس سے نہ کہا جائے گا کہ او بے عقل اندھے کیا بادشاہ نے کہیں یہ فرمایا تھا کہ ہمارے خزانہائے عامرہ کے سوا ممکن نہیں کسی کے پاس کوئی پھوٹی کوڑی نکل سکے اگرچہ ہماری عطا کی ہوئی ہو۔ حاش للہ سلطان نے تو جا بجا صاف فرما دیا ہے کہ ہم نے اپنی رعایا کو بہت اموال کثیرہ عطایائے عزیزہ انعام فرمائے ہیں اور ہمیشہ فرمائیں گے۔ ہاں اصل مالک ہمارے سوا کوئی نہیں نہ ہمارے برابر کسی کا خزانہ ہو او مجنون اندھے کیا یہ بھیک کی کوڑی لاکر تو اس کا ذاتی مالک بے عطائے سلطانی ہو گیا۔ یا اس پھوٹی کوڑی سے تیرا مال خزائن شاہی کے برابر ہو گیا۔ اور جب کچھ نہیں تو کس ملعون کے بنا پر فرمان شاہی کی تکذیب کرتا اور قہر جبار قہار سے نہیں ڈرتا ہے۔ ہاں ہاں یہ بازی معترض اس اندھے سے بھی بدتر حالت میں ہے۔ اندھا فقیر اور وہ بادشاہ کبیر دونوں ان باتوں میں کانٹے کی تول برابر ہیں۔ کہ دونوں مالک بالذات نہیں دونوں مالک حقیقی نہیں۔ دونوں کی ملک مجازی حادث دونوں کی ملک فانی زائل دونوں حقیقت میں نرے محتاج دونوں بے شمار خزانوں کے مجازاً بھی مالک نہیں پھر اس کوڑی کو اس کے خزائن سے ایک نسبت ضرور ہے کہ دونوں محدود دونوں محدود اور ہر تناہی کو دوسرے تناہی سے کچھ نسبت ضرور دے سکتے ہیں اگرچہ نسبت نما میں ہزار صفر لگا کر بخلاف علم حقیقی خالق و علم اسمی مخلوق جن میں اصلا کوئی تناسب ہی نہیں وہ ذاتی یہ عطائی وہ غنی یہ محتاج وہ ازلی یہ حادث وہ ابدی

Marfat.com

یہ فانی وہ واجب یہ ممکن وہ ثابت یہ متغیر وہ کامل یہ ناقص وہ محیط یہ قاصر وہ ازلاً ابداً نامتناہی در نامتناہی در نامتناہی یہ ہمیشہ ہر وقت معدود و محدود پھر متناہی کو نامتناہی سے کوئی نسبت بتا ہی نہیں سکتے کہ یہ اس کا فلاں حصہ ہے بھلا اس اندھے کو تو ہر عاقل مجنون کہتا ان اندھوں کو کیا کہا جائے یہ تو مجنون سے بھی کئی لاکھ درجے بدتر ہوئے اور اندھے پن میں بھی اس سے کہیں بڑھ کر اسکی آنکھیں تو باقی ہیں۔ اگرچہ بے نور ہیں یہاں آنکھوں کا نشان تک نہیں۔ ہاں ہاں کونسی آنکھیں یہ دو چتیلی کوڑیاں جو خر و خوک سب کے منہ پر لگی ہوتی ہیں بلکہ ہیے کی جنہیں قرآن عظیم میں فرماتا ہے فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِیْ فِی الصُّدُوْرِ وہ تو یہ ہے یوں کہ ان کافروں کی آنکھیں اندھی نہیں وہ دل اندھے ہیں جو سینوں میں ہیں۔ والعیاذ باللہ رب العالمین ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ خیر کسی کافر سے کیا شکایت تجھے تو ان ناسمجھ مسلمانوں سے تعجب آتا ہے جو مہمل دبے معنی شکوک واہیہ سن کر متحیر ہوتے۔ سبحٰن اللہ۔ اللہ کہاں۔ اللہ رب السموات والارض عالم الغیب والشہادۃ سبحنہٗ وتعالیٰ اور کہاں کوئی بے تمیز لونگا ہیولی ہیتبقہ ناپاک ناشستہ کھڑے ہو کر موتنے والا ع ہمیں کہ از کہ بریدی و باکہ پیوستی۔ خدارا انصاف وہ عقل کے دشمن دین کے رہزن جہنم کے کودھن کہ ایک اور تین میں فرق نہ جانیں ایک خدا کے تین مانیں پھر ان تین کو ایک ہی جانیں بے مثل بے کفو کے لئے جورو تجائیں بیٹا ٹھہرائیں اس کی پاک باندی ستھری کنواری پاکیزہ بتول مریم پر ایک بڑھی کی جورو ہونے کی تہمت لگائیں پھر خاوند کی حیات خاوند کی موجودگی میں بی بی کے جو بچہ ہوا سے دوسرے کا گائیں خدا اور خدا کا بیٹا ٹھہرا کر ادھر کافروں کے ہاتھ سے سولی دلوائیں۔ ادھر آپ اس کے خون کے پیاسے ہو یا

Marfat.com

کے بھُدکے روٹی کو اس کا گوشت بنا کر در دِرچیا میں شراب ناپاک کو اس پاک معصوم کا خون ٹھہرا کر غٹ غٹ چڑھائیں۔ دنیا یوں گزری ادھر موت کے بعد کفارے کو اسے کھینٹ کا بکرا بنا کر جہنم بھجوائیں یعنی کہیں ملعون بنائیں۔ اے سبحٰن اللّٰہ اچھا خدا جسے سولی دی جائے۔ عجیب خدا جسے دوزخ جلائے طرفہ خدا جس پر لعنت آئے۔ جو بکرا بنا کر کھینٹ دیا جائے۔ اے سبحٰن اللّٰہ باپ کی خدائی اور بیٹے کی سولی باپ خدا بیٹا کس کھیت کی مولی باپ کی جہنم کو بیٹے ہی سے لاگ سرکشوں کو چھٹی بے گناہ پر آگ اپنی ناجی رسول ملعون معبود پر لعنت بندے ناموں تف تف وہ بندے جو اپتے ہی خدا کا خون چکھیں اسی کے گوشت پر دانت رکھیں اف اف وہ گندے جو انبیاء و رسل پر وہ الزام لگائیں کہ بھنگی چمار بھی جن سے گھن کھائیں سخت فحش بیہودہ کلام گڑھیں اور کلام الٰہی ٹھہرا کر پڑھیں زہ زہ بندگی خہ خہ تعظیم یہ یہ تہذیب تہ تہ تعلیم امثال کے لئے دیکھو بائبل پرانا عہد نامہ یسعیاہ نبی کی کتاب باب ۲۲ درس ۱۵ تا ۱۸) خدا کا معاذ اللّٰہ زنا کی خرچی کو مقدس ٹھہرانا اور اپنے خاص مقربوں کے لئے لیے چن رکھنا کہ کھائیں اور سنائیں۔ ایضاً کتاب پیدائش باب ۱۹ درس ۳۰ تا ۳۸ سیدنا لوط علیہ الصلوٰۃ والسلام کا معاذ اللّٰہ اپنی دختروں سے زنا کرنا اور بیٹیوں کا باپ سے حاملہ ہو کر بیٹے جننا۔ ایضاً کتاب دوم اسموئیل نبی باب ۱۱ درس ۲ تا ۵ سیدنا داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اپنے ہمسائے کی خوبصورت جورو کو ننگی نہاتے دیکھ کر بلانا اور معاذ اللّٰہ اس سے زنا کر کے پیٹ رکھانا ایضاً کتاب حزقیل نبی باب ۲۳ درس یکم تا ۲۱ معاذ اللّٰہ خدا کی دو دو جوروں کا قصہ اور سخت شرمناک الفاظ میں ان کے بے حد زنا کاریوں سے شہوت رانیوں کا تذکرہ نیا عہد نامہ پولس رسول کا خط گلیتوں کو باب ۳ درس ۱۳ انصاری کے یسوع مسیح مصنوع کا

ملعون ہونا الی غیر ذلک مما لایعد ولا یحصیٰ) اٰمنا باللہ وما انزل الینا وما انزل الی ابراھیم و الی اسمٰعیل و اسحٰق و یعقوب والاسباط وما اوتی موسیٰ و عیسیٰ وما اوتی النبیون من ربھم لا نفرق بین احد منھم و نحن لہ مسلمون الا لعنۃ اللہ علی الظٰلمین ہ الذین یصدون عن سبیل اللہ و یبغونھا عوجا وھم بالاٰخرۃ ھم کٰفرون ہ اِن الذین یفترون علی اللہ الکذب لا یفلحون ہ فویل للذین یکتبون الکتٰب بایدیھم ثم یقولون ھٰذا من عند اللہ لیشتروا بہ ثمنا قلیلا فویل لھم مما کتبت ایدیھم وویل لھم مما یکسبون ہ

اللہ اللہ یہ قوم یہ سراسر لوم یہ لوگ یہ لوگ جنھیں عقل سے لاگ جنھیں جنوں کا روگ یہ اس قابل ہوئے کہ خدا پر اعتراض کریں اور مسلمان ان کی لغویات پر کان دھریں اِنا للہ و اِنا الیہ راجعون ہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ یہ پہلے اپنی ساختہ باتیں تو سنبھالیں تا ہر اعتراض با ہرا پرا اس پر سے اٹھالیں۔ انگریزی میں ایک مثل کیا خوب ہے کہ شیش محل کے رہنے والو پتھر پھینکنے کی ابتدا نہ کرو یعنی رب جبار قہار کے محکم قلعوں کو تمہاری کنکریوں سے کیا ضرر پہنچ سکتا ہے مگر ادھر سے ایک پتھر بھی آیا تو حجارۃ من سجیل کا سماں کعصف ماکول ہ کا مزہ چکھا دیگا۔

وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون واٰخر دعوٰنا ان الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ

Marfat.com

وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیِّینَ۔ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔ آمین

عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی

کتبہ

عفی عنہ بمحمدن المصطفےٰ النبی الامی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

تمت

نعیم العطاء ترجمہ کتاب الشفاء

(قاضی عیاض)

کتاب الشفا" دنیائے اسلام کی مشہور ومقبول اور مستند کتاب ہے جسمیں حبیب خدا احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی جلالت شان رفعت مقام فضائل وخصائص، صفات عالیہ، معجزات اور سیرت مبارکہ پر روشن وجامع بیان ہے، اہل اسلام پر آپ کے اور اصحاب واہل بیت و ازواج مطہرات کے کیا حقوق وآداب واجب ہیں، اور بدگویوں اور گستاخیوں کے لئے کیا شرعی احکام ہیں مفصل مذکور ہیں۔ اہل اسلام کے لئے گراں قدر نایاب تحفہ ہے۔

قیمت :- حصہ اول چار روپے
حصہ دوم چار روپے

ملنے کا پتہ :- مکتبہ سوادِ اعظم لال کھوہ موچی گیٹ لاہور

مزارات اولیائے کرام پر عورتوں کا اجتماع

از اعلیٰ حضرت قدس سرہ

جمل النور فی نہی النساء عن زیارۃ القبور

۱۳۳۹ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

مسئلہ مولوی حکیم عبدالرحیم صاحب مدرس اول مدرسہ قادریہ احمد آباد گجرات محلہ جمال پورہ ۲۸ صفر ۱۳۳۹ھ

مولانا موصوف نے ایک رجسٹری بھیجی تھی جس میں بحر الرائق و تصحیح المسائل مولانا فضل رسول صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے عورتوں کے لئے زیارت قبور کو جانے کی اجازت پر زور دیا گیا تھا ان کو یہ جواب بھیجا گیا تھا۔

الجواب

مولانا المکرم مولوی حکیم عبدالرحیم صاحب زید کرمہم۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

آپ کی دو رجسٹریاں آئیں تین مہینے سے زائد ہوئے کہ میری آنکھ اچھی نہیں میری رائے اس مسئلہ میں خلاف پر ہے۔ مدت ہوئی اس بارے میں میرا فتویٰ تحفہ حنفیہ میں چھپ چکا ہے اس رخصت کو جو بحر الرائق میں لکھی ہے بان کر بنظر بحالات نساء سوا ئے حاضری روضۃ انور کہ واجب یا قریب الواجب ہے مزارات

Marfat.com

اولیاءِ کرام یا دیگر قبور کی زیارت کو عورتوں کا جانا باتباع غنیہ علامہ محقق ابراہیم حلبی ہرگز پسند نہیں کرتا خصوصًا اس طوفان بے تمیزی رقص و مزامیر و سرود میں جو آجکل جہال نے اعراس طیبہ میں برپا کر رکھا ہے اس کی شرکت تو میں عوام رجال کو بھی پسند نہیں رکھتا کہ وہ جن کو انجشہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کی حدی خوانی بالحان خوش عورتوں کے سامنے ممانعت فرما کر انہیں نازک شیشیاں فرمایا گیا۔ والسلام

حضرت مولانا مولوی حکیم عبدالرحیم صاحب مدظلہ نے سیدی اعلٰی حضرت رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کے مندرجہ بالا فتوی کے جواب میں تحریر فرمایا جس کی نقل حسب ذیل ہے (ناظرین کرام مندرجہ ذیل مسئلہ پڑھنے کے بعد اعلٰی حضرت قدس سرہٗ کا جواب بغور ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ از احمد آباد گجرات محلہ جمال پور مرسلہ مولوی حکیم عبدالرحیم صاحب ۱۳ ربیع الاول ۱۳۳۹ھ

مخدومی مکرمی معظمی جناب مولانا صاحب دام مجدکم۔ بعد سلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح رائے عالی ہو کہ محبت نامہ موصول ہوا فتوی کو آپ کی دیکھا۔ حضرت مولانا مجھے آپ اس مسئلہ میں سمجھائیے کہ مسجد نبوی میں تین سو مرد اور ایک سو ستر عورتیں تھیں۔ یہ منافقین آخری صف میں کھڑے ہوتے تھے اور عورتوں کو جھانکتے تھے نماز فجر و عشاء میں عورتیں تو بہ انوار حقیقت محمدی و حقیقت قرآن لینے کیلئے حاضر ہوتی تھیں تو منافقین کی نالائق حرکت کا انتظام خدا تعالٰی نے یہ نہ کیا کہ منافقین اور فیض لینے والی عورتوں کو یہ حکم دیا ہو تا کہ دونوں مسجد نبوی میں جمع نہ ہوں اور فیض رسانی عورتوں کی اس بہانہ سے بند نہ ہوئی بلکہ انتظام فیض رسانی یہ ہوا کہ لقد علمنا المستقدمین منکم و لقد علمنا

المستأخرين وان ربك هو يحشرهم انه حكيم عليم
اور انتظام حضرت نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ کیا خير صفوف الرجال اولها وشرها آخرها وخير صفوف النساء آخرها و شرها اولها مسجد میں عورتوں کی نماز بند ہوئی اس کو بندہ مانتا ہے فیض حقیقت محمدی و حقیقت قرآن لینے کو باپردہ پانچ دس عورتیں محلہ کی مل کر مرشد کے مکان پر جاویں اور مرشد طریقت مرتعش اور شیخ فانی پردہ میں بٹھا کر انکو توجہ حقیقت محمدی اور حقیقت قرآن کی دیوے اس پر حکم حرمت لگانا غلط اور فیض محمدی کا مقابلہ اور مورد يريدون ان يطفؤا نور الله بافواههم بنتا ہے شیخ طریقت تو انا عرضنا الامانة الآیہ میں جو امانت ہے اس کو ذاکرات کے سینہ میں باپردہ بٹھا کر توجہ دے کر جماتا ہے۔ اور یہ اس امانت کی جڑ اکھیڑتا ہے یہ فیض جڑ اکھیڑنیوالے کو بے وقار کر کے اکھیڑ دیوے گا محمدی المشرب سنت حضرت نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر عمل کرتا ہے۔ حضرت نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عورتوں کو توجہ دی اول مرید کر کے یہ بھی عورتوں کو مرید کر کے توجہ دیتا ہے۔ طریقہ عالیہ قادریہ کی توجہ کلمہ طیب کے ذکر کی ہوگی اب عورتوں کو پردہ میں بٹھا کر ذکر کلمہ طیب کی نیائی جاوے گی ضرب الا اللہ قلب پر مارنا سکھایا جاوے گا۔ پردہ میں عورت خلیفہ مرشد طریقت کی بیٹھ کر ذکر کلمہ طیب سکھاتا ہے اور مرشد طریقت اونچ نیچ سمجھاتے ہیں پردہ میں ایک عورت نہیں محلہ کی دس پندرہ عورتیں بیٹھتی ہیں یہاں خلوت اجنبیہ کا حکم نہیں لگتا یہ جلوت ہے جلوت میں فیض رسانی طریقہ عالیہ قادریہ کی ہوتی ہے اور اسی طرح اسی مجلس میں طریقہ نقشبندیہ مجددیہ کی توجہ بھی عورتوں کو دیجاتی ہے بریلی میں حاضری کا کئی بار موقع ہوا ہے وہاں یہ عمل دیکھے

Marfat.com

ہیں نہیں آیا نہ وہاں سنا کہ کوئی مشائخ یہ کرتے ہیں ہمارے یہاں ڈولی میانہ مشکل سے ملتا ہے غرباء و مساکین میں قدرت ان سواریوں میں بیٹھنے کی نہیں اور قرآن عظیم نے ڈولی وسیلے کا حکم دیا ہے یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِهِنَّ اور قُلْ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ یَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَ قُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ یَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ اور وَلْیَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰی جُیُوْبِهِنَّ اس پردہ پر احمد آباد کی ذاکرات کا عمل ہے عمدۃ القاری شرح بخاری ج ۳ ص ۷۶ حَاصِلُ الْکَلَامِ مِنْ هٰذَا کُلِّهٖ اَنَّ زِیَارَةَ الْقُبُوْرِ مَکْرُوْهَةٌ لِلنِّسَاءِ بَلْ حَرَامٌ فِیْ هٰذَا الزَّمَانِ لَا سِیَّمَا نِسَاءُ مِصْرَ لِاَنَّ خُرُوْجَهُنَّ عَلٰی وَجْهِ الْفَسَادِ وَالْفِتْنَةِ وَ اِنَّمَا رُخِّصَتِ الزِّیَارَةُ لِتَذَکُّرِ اَمْرِ الْاٰخِرَةِ وَ لِلْاِعْتِبَارِ بِمَنْ مَضٰی وَ لِلتَّزَهُّدِ فِی الدُّنْیَا یہ حکم مصر کی لغا یا مغتیہ دلالہ کا ہے اس حکم کو نیک بخت عورتوں پر لگانا غلط ہے لَوْ اَدْرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَحْدَثَ النِّسَاءُ کی شرح میں عمدۃ القاری ج ۳ ص ۲۳ میں ہے بعضهن یغنین باصوات عالیة مطربة و منهن صنف بغایا احمد آباد میں تین کوس درگاہ حضرت گنج احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی ہے مکان بہت پر فضا ہے تالاب ورسنگین ہے وہاں دھنے کی قوم کی اور لکڑ بیچنے والی قوم کی عورتیں لہنگا ساڑی پہنکر جاتی ہیں اور گربے گاتی ہیں اور ان کی قوم کی ضیافتیں ہوتی ہیں اس میں وہ عورتیں گربے گاتی ہیں حلقہ عورتوں کا بندھ جاتا ہے اور تالی بجاتی ہیں اور پھرتی جاتی ہیں رنڈیوں کی طرح گیت گاتی جاتی ہیں ان پر بل حرامٌ فی هذا الزمان لاسیما نساء مصر کا حکم برابر عمدہ طور پر چسپاں ہے اور غنیۃ المستملی کے صفحہ ۵۹۵ میں وَاَنْ یَکُوْنَ فِیْ زَمَانِنَا لِلتَّعَیُّنِ لِمَا فِیْ خُرُوْجِهِنَّ مِنَ الْفَسَادِ

اور جو عورتیں قوالی رنڈیوں کی اور قوالی مردوں کی سننے کو جاتی ہیں ان کو زیارت المقبور کو جانا حرام ہے ان کے حرام ہونے سے ذاکرات اور فیض لینے جانیوالی عورتوں کو کیا نقصان اگرچہ ایسی عورت ہزاروں میں ایک ہو دس ہزار آدمیوں نے کتے اور خنزیر کے گوشت کی بریانی پکائی اور ایک نے بکری کے گوشت کی بریانی پکائی ہو دونوں بریانیوں پر حکم حرمت اور حکم حلت غلط اور کتے کی بریانی پر حکم حرمت اور بکری کی بریانی پر حکم حلت صحیح دونوں کا حکم جدا مفتی کو بیان کرنا پڑیگا افمن کان مؤمنا کمن کان فاسقاً لا یستون ام نجعل المتقین کالفجار اساف اور نائلہ نے جاہلیت میں زنا کیا اور دونوں کو قدرت الٰہی نے مسخ کر دیا ایسے متبرک مکان میں دونوں نے خباثت کی یا کوئی سفر حرمین طیبین میں خبیث عمل سے پیش آوے تو کیا اس خبیث کی خباثت کو دیکھ کر اور اسی سے استناد کرکے عورتوں کے حج و زیارت حضرت نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے عدم جواز کا فتوی جاری کر دیا جائیگا ہرگز نہیں حضرت خواجہ معین الدین چشتی کے مزار مقدس میں غربی دیوار میں کلام مجید رکھا ہے۔ اس دیوار کے پیچھے عورتیں بیٹھ کر توجہ لیتی ہیں ذکر فکر مراقبہ کرتی ہیں برقع اوڑھ کر آتی ہیں اختلاط مردوں اور عورتوں کا یہاں بالکل نہیں اب یہ عورتیں نور اللہ دل میں بھرنے کیلئے حاضر ہوتی ہیں۔ یہ فیض رسانی حقیقت محمدی کی عورتوں کو خواجہ غریب نواز قدس سرہ العزیز کرتے ہیں اور اس فیض میں قوت ہے کہ لاکھوں کوسوں سے فیض لینے والیوں کو آپ بلاتے ہیں یہ جگہ مقام قوالی سے دور ہے اور نماز فجر سے اشراق تک اور مغرب اور عشاء کے بیچ میں اس پردے والے مکان میں عورتیں جمع ہو کر فیض لیتی ہیں اور اس وقت نقصان قوالی کا بالکل نہیں اور یہ عورتیں نیک بخت پردہ نشین برقع اوڑھ کر آنے والی ہیں آپنے اسکو آنکھوں سے نہیں دیکھا اور میں نے اس کو آنکھوں سے دیکھا ہے بندہ اس کو شہادت کے طور پر بیان کر سکتا

Marfat.com

ہے اور آپ کو آنکھوں سے دکھا کر تسلی کر سکتا ہے اب ان عورتوں پر حکم حرمت لگانا غلط ہے سر خیز قصبہ احمد آباد میں جو عورتیں گرے گا بنو البیان فاحشات مغنیات اور رنڈیں اور باپردہ سوا لاکھ کلمہ طیب کا ختم پڑھنے والی ذکر خفی مراقبہ فیض حقیقت محمدی لینے والی ذاکرات پر رنڈیوں کا حکم لگا کر دونوں کو ایک پھانسی میں لٹکا دینا غلط ہے حقوق اولیاء و خیر خواہی اولیاء و خیر خواہی سید الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ نہیں الدین النصیحۃ للّٰہ ولرسولہ وللمؤمنین یہ کہاں ہوئی اولیاء فیض حقیقت محمدی کا دینے کو ذاکرات کو بلاتے ہیں وہ باپردہ اور شریعت کے احکام کو سر پر رکھ کر حاضر ہوتی ہیں اور مفتی ان پر عدم جواز لگا دیں اس صورت میں فیض حقیقت محمدی کو روکنا ہے اس کا نام دوستی حضرت نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نہیں۔ ہم آپ سے چھوٹے اور آپ کے اقدام کو اپنے سروں پر رکھنے والے ہیں مگر آپ کا قدم صراط مستقیم سے پھسل گیا تو عرض کرنا چاہئے۔ ہدہد دو پیسے کی چڑیا حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کی خدمت میں عرض کرتا ہے۔ احطت بما لم تحطہ وجئتك من سبأ بنبأ يقين اول تو ایک مدت سے آنکھیں آپ کی رمد میں مبتلا ہیں اور ہاتھ بڑے بڑوں سے ملایا ہے۔ طبیعت پریشان ہے یہ قلم اسوقت میرا نہ سمجھئے آپ کے ہم غلام ہیں تو دست بستہ ہم عرض کرتے ہیں اس کو آپ بغاوت نہ سمجھیں حضرت عائشہ صدیقہ کو زیارت قبور کے وقت سلام کرنا حضرت نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے بتایا مشکوٰۃ شریف مسلم شریف نسائی ج ۱ ص ۲۲۵ میں ہے۔ این دلالت دارد بر جواز زیارت مر نسا را۔ امام نووی شرح مسلم کی ج ۱ ص ۳۱۴ میں فرماتے ہیں فیہ دلیل لمن جوز للنساء زیارۃ القبور الخ فتح الباری پارہ ۵ مطبع انصاری دہلی ص ۶۲۳ میں ہے اختلف فی النساء فقیل دخلن فی عموم الاذن وھو قول الاکثر ومحلہ اذا امنت الفتنۃ اب تطبیق سمجھ لیجئے کہ گرے گا بنو البی

Marfat.com

قوالی سننے والی عورتوں کیلئے زیارت قبور اولیاء کو جانا حرام اور فیض الٰہی لینے والی عورتوں کو با پردہ شریعت کے احکام کو بجا لا کر جانا جائز ہیں نے مسئلہ اس طرح مشرح بیان کیا ہے اس کو آپ صحیح سمجھتے ہیں یا میری سمجھ میں کوئی غلطی ہے مجھے سمجھائیے آپ میرے مربی اور قبلہ وکعبہ حاجات ہیں خدائے تعالیٰ آپ کو صحت کلیہ عاجلہ عطا فرمائے آمین ثم آمین۔ رقیمہ حکیم عبد الرحیم حنفی عفی عنہ مدرس اول مدرسہ قادریہ احمد آباد گجرات دکن جمال پور مسجد کانچ مورخہ ۱۵ ربیع الاول شریف اور مصطفیٰ میاں کو پاس بٹھا کر اس کا جواب ان سے لکھوا کر میری تسلی کر دیجئے میں غلط سمجھا ہوں تو صحیح سمجھائیے اور وہ فتویٰ جو تحفہ حنفیہ میں عدم جواز زیارت قبور نساء کے بارے میں اس کی نقل بھی کروا کر روانہ فرما دیجئے اس کے دلائل سے بھی واقف ہونا بندہ چاہتا ہے۔

حضرت مولانا مولوی حکیم عبد الرحیم صاحب مدظلہ کی اس تحریر کا شافی جواب سیدی امام اہل سنت اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کے مبارک قلم سے ملاحظہ فرمایئے۔

الجواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

مولانا المکرم اکرمکم وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ آپ کی رجسٹری ۱۵ ربیع الآخر شریف کو آئی میں ۱۲ ربیع الاول شریف کی مجلس پڑھ کر شام ہی سے ایسا علیل ہوا کہ کبھی نہ ہوا تھا میں نے وصیت نامہ بھی لکھوا دیا تھا آج تک یہ حالت ہے کہ دروازہ سے متصل مسجد میں چار آدمی کرسی پر بٹھا کر مسجد لیجاتے اور لاتے ہیں۔ میرے نزدیک وہی دو حرف کہ اول گزارش ہوئے کافی تھے اب قدرے تفصیل کروں (۱) پہلے گزارش کر چکا کہ عبارات رخصت میری نظر میں ہیں مگر نظر بحال زمانہ میرے نہ میرے بلکہ اکابر متقدمین کے نزدیک سبیل ممانعت ہی ہے اور اسی کو اہل احتیاط نے اختیار فرمایا آپ خود فرماتے ہیں کہ منافقین کے باعث

Marfat.com

عورتوں کو مسجد کریم میں حاضری سے اللہ جل و علی و رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ممانعت نہ فرمائی بلکہ منافقوں کو تہدید و ترہیب اور مردوں کو تقدم عورتوں کو تاخر کی ترغیب فرمائی اور میں اتنا اور زائد کرتا ہوں کہ صرف یہی نہیں بلکہ نساء کو حضور نے عیدین کی سخت تاکید فرمائی یہاں تک حکم فرمایا کہ برکت جماعت و دعاء مسلمین لینے کو حیض والیاں بھی نکلیں مصلے سے الگ بیٹھیں۔ پردہ نشین کنواریاں بھی جائیں جن کے پاس چادر نہ ہو ساتھ والی اسے اپنی چادر میں لے لے صحیحین میں ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے امرنا ان نخرج الحیض یوم العیدین وذوات الخدود فیشهدن جماعة المسلمین ودعوتهم وتعتزل الحیض عن مصلاهن قالت امرأة یا رسول الله احدنا لیس لها جلباب قال لتلبسها صاحبتها من جلبابها اور یہ صرف عیدین میں امر ہی نہیں بلکہ مساجد سے عورتوں کو روکنے سے مطلقاً نہی بھی ارشاد ہوئی کہ اللہ کی باندیوں کو اللہ کی مسجدوں سے نہ روکو مسند امام احمد و صحیح مسلم شریف میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لا تمنعوا اماء الله مساجد الله۔ یہ حدیث صحیح بخاری کتاب الجمعہ میں بھی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امر وجوب کیلئے ہے اور نہی تحریم کے لئے اور فیض و برکت لینے کا فائدہ خود حدیث میں ارشاد ہوا یا میں یہ آپ ہی لکھتے ہیں کہ مسجد میں عورتوں کی نماز زیادہ ہوئی اس کو بندہ مانتا ہے۔ درمختار کی عبارت آپ سے مخفی نہ ہو گی کہ یکرہ حضورهن الجماعة والجمعة وعید و وعظ مطلقاً ولو عجوزا لیلا علی المذهب المفتی به لفساد الزمان اسی طرح اور کتب معتمدہ میں ہے ائمہ دین نے جماعت و جمعہ و عید درکنار وعظ کی حاضری سے بھی مطلقاً منع فرمادیا اگرچہ بڑھیا ہو اگرچہ رات ہو وعظ سے مقصود تو صرف اخذ فیض و سماع امر بالمعروف

وہی عن المنکر ونصحیح عقائد و اعمال ہے کہ توجہ مشیخت سے ہزار درجہ اہم و اعظم اور اس کی اصل مقدم ہے اس کا فیض بے توجہ مشیخت بھی عظیم مفید و دافع ہر ضرر شدید ہے اور یہ نہ ہو تو توجہ مشیخت کچھ مفید نہیں بلکہ ضرر سے قریب، نفع سے بعید ہے کیا امام اعظم و امام ابو یوسف و امام محمد و سائر ائمہ مابعد رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو فیض حقیقت اقدس سے روکنے والا اور معاذ اللہ معاذ اللہ یریدون ان یطفئوا نور اللہ بافواھھم میں داخل مانا جائے گا۔ حاشا یہ اطبائے قلوب ہیں مصالح شرح جانتے ہیں (۲) صحیح بخاری و مسلم و سنن ابو داؤد میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ارشاد اپنے زمانے میں تھا لَوْ اَدْرَكَ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وَسَلَّمَ ما احدث النساء لمنعھن المسجد کما منعت نساء بنی اسرائیل اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ملاحظہ فرماتے جو باتیں عورتوں نے اب پیدا کی ہیں تو ضرور انھیں مسجد سے منع فرما دیتے جیسے بنی اسرائیل کی عورتیں منع کر دی گئیں۔ پھر تابعین ہی کے زمانے سے ائمہ نے ممانعت شروع فرما دی پہلے جوان عورتوں کو پھر بڑھیوں کو بھی پہلے دن میں پھر رات کو بھی یہاں تک کہ حکم ممانعت عام ہو گیا۔ کیا اس زمانے کی عورتیں گرلے گا لیوں کی طرح گانے ناچنے والیاں یا فاحشہ دلالہ تھیں اب زائد ہیں حاشا بلکہ قطعاً یقیناً معاملہ بالعکس ہے اب اگر ایک صالحہ ہے تو جب ہزار تھیں جب اگر ایک فاسقہ تھی اب ہزار ہیں اب اگر ایک حصہ فیض ہے جب ہزار حصے تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں لا یاتی عام الا والذی بعدہ شر منہ بلکہ عنایہ امام اکمل الدین بابرتی میں ہے کہ امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عورتوں کو مسجد سے منع فرمایا وہ ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس شکایت لے گئیں فرمایا اگر زمانہ اقدس میں حالت یہ ہوتی حضور عورتوں کو مسجد

میں آنے کی اجازت نہ دیتے حیث قال ولقد نھی عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ النساء عن الخروج الی المساجد فشکون الی عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فقالت لو علم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما علم عمر ما اذن لکن فی الخروج پھر فرمایا فاحتج بہ علماءنا ومنعوا الشواب عن الخروج مطلقاً اما العجائز فمنعھن ابو حنیفۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن الخروج فی الظھر والعصر دون الفجر والمغرب والعشاء والفتوی الیوم علی کراھۃ حضورھن فی الصلوۃ کلھا لظھور الفساد اسی عینی جلد سوم میں آپ کی عبارت منقولہ سے ایک صفحہ پہلے ہے۔ و قال ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ المرأۃ عورۃ و اقرب ما تکون الی اللہ فی قعر بیتھا فاذا خرجت استشرفھا الشیطان وعان ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما یقوم۔ یحصب النساء یوم الجمعۃ یخرجھن من المسجد وکان ابراھیم ینمع نساءہ الجمعۃ والجماعۃ یعنی حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں عورت سراپا شرم کی چیز ہے سب سے زیادہ اللہ عزوجل سے قریب اپنے گھر کی تہہ میں ہوتی ہے اور جب باہر نکلے شیطان اس پر نگاہ ڈالتا ہے اور حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جمعہ کے دن کھڑے ہو کر کنکریاں مار کر عورتوں کو مسجد سے نکالتے اور امام ابراہیم نخعی تابعی استاذ الاستاذ امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی مستورات کو جمعہ و جماعت میں نہ جانے دیتے۔ جب ان خیر کے زمانوں ان عظیم فیوض و برکات کے وقتوں میں عورتیں منع کر دی گئیں اور کاہے سے حضور مساجد و شرکت جماعات سے حالانکہ دین متین میں ان دونوں کی شدید تاکید ہے تو کیا ان ازمنہ شرور میں ان قلیل یا موہوم فیوض جیلے سے عورتوں کو اجازت دی جائے گی وہ بھی کاہے کی زیارت

Marfat.com

قبور کو جانے کی جو شرعاً مؤکد نہیں اور خصوصاً ان میلوں ٹھیلوں میں جو خدا ناترسوں نے مزارات کرام پر نکال رکھے ہیں یہ کس قدر شریعت مطہرہ سے منافقت ہے شرع مطہرہ کا قاعدہ ہے کہ جلب مصلحت پر سلب مفسدہ کو مقدم رکھتی ہے۔ درء المفاسد اھم من جلب المصالح جب کہ مفسدہ اب سے بہت کم تھا۔ اس مصلحت عظیم سے ائمہ دین امام اعظم وصاحبین ومن بعدہم نے روک دیا اور عورتوں کی قسمیں نہ بنائیں کہ صالحات جائیں فاسقات نہ آئیں بلکہ ایک حکم عام دیا جیسے آپ پھانسی میں لٹکا نا فرما رہے ہیں کیا انھوں نے یہ آیتیں نہ سنی تھیں أَفَمَن كَانَ مُؤْمِنًا كَمَن كَانَ فَاسِقًا - أَمْ نَجْعَلُ المتقين كالفجار تو اب کہ مفسدہ جب سے بہت اشد ہے اس مصلحت قلیل سے روکنا کیوں نہ لازم ہوگا اور عورتوں کی قسمیں کیونکر چھانٹی جائیں گی اس صلاح وفساد قلب امر مضمر ہے اور دعوی کیلئے سب کی زبان کشادہ اور محقق ومبطل نامعلوم معہذا اصلاح سے فساد کیطرف انقلاب کچھ دشوار نہیں خصوصاً ہوا الگ کر خصوصاً عورتوں کے دل کہ تقلیب کیلئے بہت آمادہ لھن اردیں لك ا مجنشة رفقا بالقوا ریر ارشاد ہوا مرد کہ اپنے نفس پر اعتماد کرے احمق ہے نہ کہ عورت بلفس، تمام جہان سے بڑھ کر چھوٹا ہے۔ جب قسم کھائے حلف اٹھائے نہ کہ جب خالی وعدوں پر امید لائے وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ الاغرورا ہ بالخصوص اب کہ قطعاً فساد غالب اور صلاح نادر ہے اس صورت میں مفتی کو تفصیل کیونکر جائز یہ تفصیل نہ ہوگی بلکہ شیطان کو ڈھیل اور اسی کی رسی کی تطویل امام محقق علی الاطلاق فتح القدیر میں فرماتے ہیں۔ الفائز بهذا امع السلامة اقل قليل فلا ينبغى الفقه باعتبارهم ولا يذكر حالهم فيدًا فى الجواز لان شان النفوس الدعوى الكاذبة وانها لاكذب مايكون اذا حلفت فكيف

Marfat.com

اذا ادعت سادات ثلاثہ علامہ حلبی و علامہ طحطاوی و علامہ شامی فرماتے ہیں و
هُوَ وَجیه فینص علی الکراهة ویترك التقیید بالتوفیق منتقی شرح
ملتقی میں ہے اما من کان بخلا فهم فنادر فی هذا الزمان فلا یفرد
بحکم لحرج التمییز بین المصلح والمفسد شرح لباب میں ہے لَوْ
کانت الائمة فی زمَاننا و تحقق لهم شاننا لصرحوا بالحرمة
(۴) زیارت قبور پہلے مطلقاً ممنوع تھی پھر اجازت فرمائی علماء کو اختلاف ہوا کہ
عورتیں بھی اس رخصت میں داخل ہوئیں یا نہیں۔ عورتوں کو خاص ممانعت
میں حدیث لَعَنَ اللّٰه زائرات القبور سے قطع نظر کرکے تسلیم کرلیجئے
کہ ہاں عورتوں کو بھی شامل ہوئی مگر جس قدراول کی عورتوں کو جن میں حضور مساجد
وجمعہ وعیدین کی اجازت بلکہ حکم تھا جب زمانہ فساد آیا ان ضروری تاکید کی
حاضریوں سے عورتوں کو ممانعت ہوگئی تو اس سے یقیناً بدرجہ اولیٰ۔ اسی غنیہ
کے اسی صفحہ ۵۹۵ میں اسی آپ کی عبارت منقولہ سے پہلے اس کے متصل ہے
ینبغی ان یکون التنزیه مختصاً بزمنه صلی اللّٰه تعالیٰ
علیه وسلم حیث کان یباح لهن الخروج للمساجد والاعیاد
وَغیر ذلك وَان یکون فی زماننا للتحریم الخ اسی عینی جلد چہارم
میں آپ کی عبارت منقولہ سے کچھ سطریں پہلے امام ابوعمر سے ہے وَ لقد
کره اکثر العلماء خروجهن الی الصلوٰت فکیف الی المقابر
وَمَا اظن سقوط فرض الجمعة عنهن الا دلیلا علی امساکهن
عن الخروج فیما عداها۔ (۵) حکم کتب میں توفیق بہت واضح ہے جواز
نفس مسئلہ کا فی ذاتہ حکم ہے اور ممانعت بوجہ عارض غالب تو فتویٰ نہ ہوگا
مگر منع مطلق پر۔ فقہ میں اس کے نظائر بکثرت ہیں کہ برعایت قیود حکم جواز

اور اس کی تصحیح تک کتب میں مصرح اور نظر بحال زمانہ حکم علما منع مطلقاً جیسے جماع حرم و دخول زناں بہ حمام ونفقہ طالب علم ولعب شطرنج وغیرہا اول وسوم کی عبارات گزریں درمختار میں دربارۂ دوم ہے فی زماننا لا شک فی الکراھۃ کافی وجامع الرموز وردالمحتار میں دربارۂ اخیر ہے ھو حرام وکبیرۃ عندنا وفی اباحتہ اعانۃ الشیطان علی الاسلام والمسلمین (۶) اس تقریر سے اس کا جواب واضح ہوگیا کہ اگرچہ ایسی عورت ہزاروں میں ایک ہو۔ جیسی ہزاروں میں ہزار ہوں۔ جب بھی معتبر نہیں کہ حکم فقہ باعتبار غالب ہوتا ہے نہ کہ ہزاروں میں ایک یہیں سے بریانیوں کا حال کھل گیا دس ہزار بریانیاں مردار مینڈھے دنبے بکرے کی ہوں اور ان میں دس ہزار ان مذبوح جانوروں کی مختلط ہوں۔ بیس ہزار حرام ہیں۔ یہاں تک کہ ان میں تحری کر کے جس کی طرف حلت کا خیال جمے اسے کھانا بھی حرام نہ کہ دس ہزار میں ایک درمختار میں ہے: تعتبر الغلبۃ فی اوفان طاھرۃ ونجسۃ ومیتۃ وذکیۃ فان الاغلب طاھراً تحری وبالعکس والسواء لا ہاں ایک حلال جدا امتیاز معلوم ہو تو کثرت حرام ہے اس پر کیا اثر مگر یہاں سن چکے کہ فساد و صلاح قلب مضمر اور تمیز متعذر تو نامیسر اور منتقی کی عبارت ابھی گزری پھر علیہ فساد متیقن تو قطعاً مطلقاً حکم ممانعت متعین جیسے وہ بیسوں ہزار بریانیاں سب حرام ہوئیں حالانکہ ان میں یقیناً دس ہزار حلال تھیں۔ یہی مسلک علمائے کرام کا ہے (۷) عینی شرح بخاری جلد سوم کی عبارت آپ نے نقل کی اس میں نہ زناں مصر سے حکم خاص ہے نہ مغنیہ ودلالہ کی تخصیص اس میں ستولہ صنف فساد زناں تو بیان کیں جن میں دو یہ ہیں اور فرمایا اور اس کے سوا اور بہت اصناف قواعد شریعت کے خلاف اور بتایا کہ ام المؤمنین اپنے ہی زمانہ کی عورتوں کو

Marfat.com

فرماتی ہیں کہ ان میں بعض امور حادث ہوئے کاش ان حادثات کو دیکھتیں کہ جب نکا ہزار زاں نہ تھے اپنی عبارت منقولہ سے ایک ہی ورق پہلے دیکھئے جہاں انھوں نے اپنے ائمہ حنفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا مذہب نقل فرمایا ہے کہ حکم مطلق رکھا ہے نہ کہ زنان فتنہ گر سے خاص اور اس کی علت خوف فتنہ بتائی ہے نہ کہ خاص وقوع۔ یہی بعینہ نص ہدایہ ہے کہ یکرہ لھن حضور الجماعات یعنی الشواب منتھی لما فیہ من خوف الفتنۃ ہاں جن سے وقوع ہو رہا ہے جن سے زنان مصران کے لئے حرام بدرجہ اولی بتایا ہے کہ جب خوف فتنہ پر ہمارے ائمہ مطلقاً حکم حرمت فرما چکے تو جہاں فتنے ہو رہے ہیں وہاں کا کیا ذکر عبارت عینی یہ ہے قال صاحب الھدایۃ یکرہ لھن حضور الجماعات قالت و شرح یعنی الشواب فیھن و قولہ الجماعات یتناول الجمع والاعیاد والکسوف والاستسقاء وعن الشافعی یباح لھن الخروج قال اصحابنا لان فی خروجھن خوف الفتنۃ وھو سبب للحرام وما یفضی الی الحرام حرام فعلی ھذا قولھم یکرہ مرادھم یحرم لاسیما فی ھذا الزمان شیوع الفساد فی اھلہ پھر اسی صفحہ پر عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا جمعہ کے دن عورتوں کو کنکریاں مار کر مسجد سے نکالنا اور امام اجل ابراہیم نخعی تابعی کا اپنے یہاں کی مستورات کو جمعہ و جماعت میں نہ جانے دینا۔ ذکر کیا کما تقدم عنایہ سے گزرا کہ امیر المومنین فاروق اعظم نے عورتوں کو حضور مسجد سے منع فرمایا کیا مدینہ طیبہ کی وہ بیبیاں کہ صحابیات و تابعیات تھیں اور ان امام اجل تابعی کی مستورات معاذ اللہ فتنہ گر واہل فساد تھیں حاشا ہرگز نہیں یا للعجب اگر صحابہ و تابعین کرام کو بھی کہا جائے کہ سب کو ایک لکڑی ہانکا در متقین و فجار کا فرق نہ کیا حاشا ثم

Marfat.com

حاشا ہم تو ثابت ہوا کہ منع عام ہے صرف فاسقات سے خاص نہیں اور ان کا خصوصًا فرمان زنان مصر کے خصائل گنانا اس لئے ہے کہ ان پر بدرجۂ اولیٰ حرام ہے نہ یہ کہ فقط فتنے اٹھانیوالیوں کو ممانعت ہے یا وہ بھی صرف مغنیہ و دلالہ کو (۸) اسی نے آپ کی منقولہ عبارت عینی جلد چہارم کا مطلب واضح کر دیا کہ حکم کیا بیان فرمایا کہ اب زیارت قبور عورتوں کو مکروہ ہی نہیں بلکہ حرام ہے یہ نہ فرمایا کہ ویسی کو حرام ہے ایسی کو حلال ہے۔ ویسی کو تو پہلے بھی حرام تھا اس زمانہ کی کیا تخصیص آگے فرمایا خصوصًا زنانِ مصر اور اس کی تعلیل کی کہ انکا خروج بروجہ فتنہ ہے یہ وہی تحریم کی وجہ ہے نہ کہ حکم وقوع فتنہ سے خاص اور فتنہ گر عورتوں سے مخصوص ہاں یہ مسلک شافعیہ کا ہے ابھی امام عینی سے سن چکے عن الشافعی یباح لھن الخروج ولہذا کرمانی پھر عسقلانی پھر قسطلانی کہ سب شافعیہ ہیں شروح بخاری میں اس طرف گئے کرمانی نے قول امام تیمی کہ اس حدیث میں فساد بعض زنان کے سبب سے سب عورتوں کو ممانعت پر دلیل ہے نقل کرکے کہا قلت الذی یقول علیہ ما قلنا ولم یحدث الفساد فی الکل ان کے اس خیال کے دو شافی جواب ابھی گزرے اور تیسرا سب سے اعلیٰ باذنہ تعالیٰ عنقریب آتا ہے امام عینی نے یہاں اس سے تعرض نہ فرمایا کہ اسی حدیث کے نیچے ڈیڑھ ہی ورق پہلے اپنے مذہب اور اپنے ائمہ کا ارشاد بتا چکے تھے (۹) عبارت غنیہ کہ آپنے نقل کی اس سے اوپر کی سطر دیکھیے کہ اجازت اس وقت تھی جب انھیں مسجدوں میں جانا مباح تھا اب مسجدوں کی ممانعت دیکھیے سب کو ہے یا صرف زنان فتنہ گر کو اس کے سات سطر بعد کی عبارت دیکھیے یعضدہ المعنی الحادث باختلاف الزمان الذی بسببہ کرہ لھن حضور الجمع والجماعات الذی اشارت الیہ عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بقولھا لو ان رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رای ما احدث النساء بعدہ لمنعھن کما منعت نساء بنی اسرائیل واذا قالت عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ھذا عن نساء زمانہا فما ظنک بنساء زماننا دیکھئے اسی منع مساجد سے سند لی جس کا حکم عام ہے تو لما فی خروجھن فی الفساد سے فساد بعض ہی مراد اور اسی سے منع کل مستفاد نہ کہ صرف فساد والیوں پر قصر ارشاد (۱۰) غنیہ نے ان دونوں عبارتوں کے بیچ میں آپ کے عبارت منقول کردہ متصل بحوالہ تاتارخانیہ مضمرات شعبی سے جو کچھ نقل فرمایا وہ بھی ملاحظہ ہو سئل القاضی عن جواز خروج النساء الی المقابر قال لا یسئل عن الجواز والفساد فی مثل ھذا وانما یسأل عن مقدار ما یلحقھا من اللعن فیھا واعلم انھا کلما قصدت الخروج کانت فی لعنۃ اللہ تعالیٰ وملائکتہ واذا خرجت تحفھا الشیاطین من کل جانب واذا اتت القبور یلعنھا روح المیت واذا رجعت کانت فی لعنۃ اللہ یعنی امام قاضی سے استفتاء ہوا کہ عورتوں کا مقابر کو جانا جائز ہے یا نہیں۔ فرمایا ایسی جگہ جواز و عدم جواز نہیں پوچھتے یہ پوچھو کہ اس میں عورت پر کتنی لعنت پڑتی ہے۔ جب گھر سے قبور کی طرف چلنے کا ارادہ کرتی ہے اللہ اور فرشتوں کی لعنت میں ہوتی ہے جب گھر سے باہر نکلتی ہے سب طرفوں سے شیطان اسے گھیر لیتے ہیں۔ جب قبر تک پہنچتی ہے میت کی روح اس پر لعنت کرتی ہے جب واپس آتی ہے اللہ کی لعنت میں ہوتی ہے۔ ملاحظہ ہوا استفتاء کیا خاص فاسقات کے بارے میں تھا مطلق عورتوں کے قبروں کو جانے سے سوال تھا اس کا یہ جواب ملا اس جواب میں کہیں فاسقات کی تخصیص ہے غرض یہ کہ تمام عبارات جن سے آپ نے استدلال فرمایا آپ کی نقیض مدعا ہیں

لف نہیں (۱۱) یہاں ایک نکتہ اور ہے جس سے عورتوں کو مسلمین بنانے ان کی اصلاح وفساد پر نظر کرنے کے کوئی معنی ہی نہیں رہتے اور قطعاً حکم سب کو عام ہو جاتا ہے اگرچہ کیسی ہی صالحہ پارسا ہو فتنہ وہی نہیں کہ عورت کے دل سے پیدا ہو وہ بھی ہے اور سخت تر ہے جس کا فساق سے عورت پر اندیشہ ہو یہاں عورت کی صلاح کیا کام دے گی۔ حضرت سیدنا زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی زوجہ مقدسہ صالحہ عابدہ زاہدہ تقیہ نقیہ حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اسی معنی پر عملی طور سے متنبہ کر کے حاضری مسجد کریم مدینہ طیبہ سے باز رکھا ان پاک بی بی کو مسجد کریم سے عشق تھا پہلے امیر المؤمنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں آئیں قبل نکاح امیر المؤمنین سے شرط کرالی کہ مجھے مسجد سے نہ روکیں اس زمانہ خیر میں محض عورتوں کو ممانعت قطعی جزمی نہ تھی جس کے سبب بیبیوں سے حاضری مسجد اور گاہ گاہ زیارت بعض مزارات بھی منقول صحیحین میں حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے نھینا عن اتباع الجنائز ولم یعزم علینا ہمیں جنازوں کے پیچھے جانے سے منع فرمایا گیا مگر قطعی ممانعت نہ تھی امیر غنیہ کی اس عبارت میں فرمایا کہ یہ اس وقت تھا کہ جب حاضری مسجد انھیں جائز تھی اب حرام اور قطعی ممنوع ہے غرض اس وجہ سے امیر المومنین نے انکی شرط قبول فرمائی۔ پھر بھی چاہتے یہی تھے کہ یہ مسجد نہ جائیں یہ کہتیں آپ منع فرمادیں۔ میں نہ جاؤں گی امیر المومنین بہ پابندی شرط منع نہ فرماتے۔ امیر المؤمنین کے بعد حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نکاح ہوا منع فرماتے وہ نہ مانتیں ایک روز انھوں نے یہ تدبیر کی کہ عشا کے وقت اندھیری رات میں ان کے جانے سے پہلے راہ میں کسی دروازے میں چھپ رہے جب یہ آئیں اس دروازے سے آگے بڑھی تھیں کہ انھوں نے نکل کر پیچھے سے ان کے سر مبارک پر ہاتھ مارا اور چھپ رہے حضرت عاتکہ نے کہا

Marfat.com

انا للّٰہِ فسد الناس ہم اللہ کے لئے ہیں لوگوں میں فساد آگیا یہ فرما کر مکان کو آئیں اور پھر جنازہ ہی نکلا تو حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انھیں یہ تنبیہ فرمائی کہ عورت کیسی ہی صالحہ ہو اس کی طرف سے اندیشہ نہ سہی فاسق مردوں کیطرف سے اس پر خوف کا کیا علاج - اب یہ سب کو ایک پھانسی ٹنکا نا ہوا یا مقدس پاک دامنوں کی عزت کو شریروں کے شر سے بچانا - ہمارے ائمہ نے دونوں علتیں ارشاد فرمائیں - ارشاد - ہدایہ لما فیہ من خوف الفتنۃ دونوں کو شامل ہے عورت سے خوف ہو یا عورت پر خوف ہو اور آگے علت دوم کی تصریح فرمائی کہ لَا بأس للعجوزات تخرج فی الفجر والمغرب والعشاء وقال یخرجن فی الصلوٰۃ کلھا لانہ لا فتنۃ لقلۃ الرغبۃ الیھا و لہ ان فرط الشق حامل فوقع الفتنۃ غیران الفساق انتشارھم فی الظھر والعصر والجمعۃ محقق علی الاطلاق نے فتح القدیر میں فرمایا - بالنظرالی التعلیل المذکور منعت غیرالمزینۃ ایضا لغلبۃ الفساق ولیلا وان کان النص بیحۃ لان الفساق فی زماننا اکثر انتشارھم وتعرضھم باللیل وعم المتأخرون المنع للعجائز والشواب فی الصلوٰۃ کلھا لغلبۃ الفساد فی سائر الاوقات اس مضمون کی عبارات جمع کی جائیں تو ایک کتاب ہو خود اسی عمدۃ القاری جلد سوم میں اپنی عبارت منقولہ سے سوا صفحہ پہلے دیکھئے فیہ رای فی الحدیث) انہ ینبغی رای للزوج) ان یاذن لھا ولا یمنعھم مما فیہ منفعتھا وذلک اذا لم یخف الفتنۃ علیھا ولا بھا وقد کان ھوالاغلب فی ذلک الزمان بخلاف زماننا ھذا فان الفساد فیہ فاش والمفسدون کثیرون وحدیث عائشۃ

Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہا یدل علی ھذا اسی کی جلد چہارم کا مطلب واضح کردیا کہ حکم کا بیان فرمایا یہ کہ اب زیارت قبور عورتوں کو مکروہ ہی نہیں بلکہ حرام ہے یہ نہ فرمایا کہ ویسی کو حرام ہے ایسی کو حلال ہے۔ ویسی کو تو پہلے بھی حرام تھا۔ اس زمانہ کی کیا تخصیص آگے فرمایا خصوصاً زنان مصر اور اسکی تعلیل کی کہ انکا خروج بروجہ فتنہ ہے یہ وہی اولویت تحریم کی وجہ ہے نہ کہ حکم وقوع فتنہ سے خاص اور فتنہ گر عورتوں سے مخصوص۔ ہاں یہ مسلک شافعیہ کا ہے ابھی امام عینی سے سن چکے کہ عن الشافعی یباح لھن الخروج وابھذا کرمانی پھر عسقلانی پھر قسطلانی کہ سب شافعیہ ہیں شروح بخاری میں اس طرف گئے۔ کرمانی نے قول امام تیمی کہ فساد بعض زناں کے سبب سب عورتوں کو ممانعت پر دلیل ہے نقل کرکے کہا قلت الذی یعول علیہ ما قلنا ولم یحدث الفساد فی الکل جلد چہارم میں ابوعمر ابن عبدالبر سے دیکھئے اما الشواب فلا تؤمن من الفتنۃ علیھن وبھن حیث خرجن ولاشیئ للمرأۃ احسن من لزوم قعر بیتھا الحمد للہ اب تو وضوح حق میں کچھ کمی نہ رہی۔ ذرا یہ بھی دیکھ لیجئے کہ ہمارے علماء کرام نے خروج زن کے چند مواضع گنائے جن کا بیان ہمارے رسالہ مروج النجا لخروج النساء میں ہے اور صاف فرمادیا کہ ان کے سوا میں اجازت نہیں۔ اور اگر شوہر اذن دیگا تو دونوں گنہگار ہوں گے۔ درمختار میں ہے لا تخرج الا لحق لھا او علیھا اولزیارۃ ابویھا کل جمعۃ مرۃ اوالمحارم کل سنۃ ولکونھا قابلۃ او غاسلۃ لا فیما عدا ذلک وان اذن کان عاصیین نوازل امام فقیہ ابو اللیث وفتاوی خلاصہ فتح القدیر وغیرہا میں ہے۔ یجوز للزوج ان یاذن لھا بالخروج الی سبعۃ

Marfat.com

مواضع زیارۃ الابوین و عیادتہما و تعزیتہما او احدہما وزیارۃ المحارم فان کانت قابلۃ او غاسلۃ اوکان لہا علی اخر حق اوکان الاخر علیہا حق تخرج بالاذن والغیر لااذ والحج علی ھذا و فیما عدا ذلک من زیارۃ الاجانب و عیادتھم والولیمۃ لایاذن لہا لواذن وخرجت کانا عاصیین ملاحظہ ہوان میں کہیں زیارت قبور کا بھی استثنا کیا۔ کیا یہ استثنا کسی کتاب معتمد میں مل سکتا ہے (۱۳) اقول و باللہ التوفیق و بہ الوصول الی ذوی التحقیق ان تمام مباحث جلیلہ سے بحمدہ تعالیٰ ایک جلیل و دقیق توفیق انیق ظاہر ہوئی عامۂ مجوزین نفس زیارت لکھتے ہیں کہ اس کی اجازت عورتوں کو بھی ہوئی زیارت قبور کے لئے خروج نساء نہیں کہتے۔ عام کتب میں اسی قدر ہے اور مانعین زیارت قبر کے لئے عورتوں کو جانے سے منع فرماتے ہیں و لہذا خروج الی المساجد کی ممانعت سے سند لاتے ہیں اور ان کے خروج میں خوف فتنہ سے استدلال فرماتے ہیں تمام نصوص کہ ہم نے ذکر کئے اسی طرف جاتے ہیں تو اگر قبر گھر میں ہو یا عورت مثلاً حج یا کسی سفر جائز کو گئی راہ میں کوئی قبر ملی اسکی زیارت کرلی بشرطیکہ جزع و فزع و تجدید حزن و بکاء و نوحہ و افراط و تفریط ادب وغیرہا منکرات شرعیہ سے خالی ہو کشف بزدوی میں جن روایات سے صحت رخصت پر اسناد فرمایا ان کا مفاد اسی قدر ہے حیث قال والاصح ان الرخصۃ ثابتۃ للرجال والنساء جمیعًا فقد روی ان عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کانت تزور قبر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی کل وقت وانہا لما خرجت حاجت زارت قبر اخیہا عبد الرحمٰن بحر الرائق و عالمگیری و جامع الرموز و مختار الفتاوی و کشف

Marfat.com

الخطاوسراجیہ و در مختار و فتح المنان کی عبارتیں جن سے تصحیح المسائل میں استناد کیا ہمارے خلاف نہیں ہاں مانتہ مسائل پر رد ہیں جس میں مطلق کہا کشاف زنان را زیارت قبور بقول اصح مکروہ تحریمی ست لاجرم - وہی در مختار میں کہا لا باس بزیارۃ القبور للنساء اسی میں ہے و یکرہ خروجھن تحریمًا وہی بحر الرائق میں کہا الاصح ان لرخصۃ ثابتہ لھما اسی میں ہے لا ینبغی للنساء ان یخرجن فی الجنازۃ لان النبی صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہاھن عن ذلک وقال انصرفن مازورات غیر ماجورات - اتباع جنازہ کہ فرض کفایہ ہے جب اس کے لئے ان کا خروج ناجائز ہوا تو زیارت قبور کہ صرف مستحب ہے اس کے لئے کیسے جائز ہو سکتا ہے - پھر نفس زیارت قبر جس کیلئے عورت کا خروج نہ ہو اس کا جواز بھی عند التحقیق فی نفسہ ہے کہ جن شرط مذکورہ سے مشروط ان کا اجتماع نظر بعادت زناں نادر ہے اور نادر پر حکم نہیں ہوتا تو سبیل اسلم سے بھی روکتا ہے - رد المختار و منحۃ الخالق میں ہے - ان کان ذلک لتجدید الحزن والبکاء والندب علی ماجرت بہ عادتھن فلا یجوز علیہ حمل حدیث لعن اللہ زائرات القبور وان کان للاعتبار والترحم من غیر بکاء والتبرک بزیارت قبور الصالحین فلا بأس اذا کن عجائز ویکرہ اذا کن شواب الحضور الجماعۃ فی المسجد اھ زاد فی رد المختار وھو توفیق حسن اھ وکتبت علیہ اقول قد علم ان الفتوی علی لمنع مطلقا ولو عجوزا ولو لیلا فکذلک فی زیارت القبور بل اولی (۱۴) آپ نے ایک صورت شیخ فانی مرتعش

Marfat.com

سے پردے کے اندر توجہ لینے کی ذکر کی ہے اس میں کیا حرج ہے جب کہ خارج سے کوئی فتنہ نہ ہو۔ اسے یہاں سے علاقہ (۱۵) نگروہ جو عورت کا خلیفہ ہونا لکھا صحیح نہیں ائمہ باطن کا اجماع ہے کہ عورت داعی الی اللہ نہیں ہوسکتی ہاں تدابیر ارشاد کردۂ مرشد بتلاتے ہیں سفیر محض ہو تو حرج نہیں امام شعرانی میزان الشریعۃ الکبری میں فرماتے ہیں۔ قد اجمع اهل الكشف على اشتراط الذكورة فی كل داعی الی الله ولم يبلغنا ان احدا من نساء السلف الصالح تصدرت لتربية المريدين ابدا لنقص النساء فی الدرجة وان ورد الكمال فی بعضهن كمريم بنت عمران واسية امرأة فرعون فذلك كمال بالنسبة للتقوى والدين لا بالنسبة للحكم بين الناس وتسليكهم فی مقامات الولاية امر المرأة ان تكون عابدة زاهدة كرابعة العدوية رضی الله تعالی عنها۔ والله سبحنه وتعالی اعلم وعلمه جل مجده اتم واحكم

تمت

سوانح کربلا

مع تذکرہ خلفائے راشدین

شہادت امامین کریمین سید امام حسن و امام حسین شہید کربلا رضی اللہ عنہما کے ذکر کے بارے میں کثر کتابوں میں رطب و یابس روایات مندرج ہیں۔ ضرورت تھی کہ ایک ایسی کتاب جسمیں صحیح روایات درج ہوں شائع کیجائے حضرت صدر الافاضل قدس سرہ نے قلم اٹھا کر ایک ایسی کتاب جسمیں صحیح روایات درج ہیں تصنیف فرمائی۔ قیمت:۔ ڈیڑھ روپیہ

Marfat.com

فضیلت صدیق و فاروق رضی اللہ عنہما کے متعلق ناقابل انکار دلائل!

غایۃ التحقیق فی امامۃ العلی و الصدیق رضی اللہ عنہما

از امام اہل سنت اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ

سوال:۔ خلفائے ثلثہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم سے آیا حضرت علی کرم اللہ وجہہ افضل تھے یا کم۔

الجواب — اہل سنت وجماعت نصرہم اللہ تعالیٰ کا اجماع ہے کہ مرسلین ملٰئکہ ورسل وانبیائے بشر صلوٰت اللہ تعالیٰ وتسلیماتہ علیہم کے بعد حضرات خلفائے اربعہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم تمام مخلوق الٰہی سے افضل ہیں تمام امم عالم اولین وآخرین میں کوئی شخص ان کی بزرگی وعظمت وعزت ووجاہت وقبول وکرامت وقرب وولایت کو نہیں پہنچتا ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم پھر ان میں باہم ترتیب یوں ہے کہ سب سے افضل صدیق اکبر پھر فاروق اعظم پھر عثمان غنی پھر مولی علی صلی اللہ تعالیٰ علی سیدہم ومولاہم وآلہ وعلیہم وبارک وسلم اس مذہب مہذب پر آیات قرآن عظیم واحادیث کثیرہ حضور پرنور نبی کریم علیہ وعلی آلہ وصحبہ الصلوٰۃ والتسلیم وارشادات جلیلہ واضحہ امیر المؤمنین مولی علی مرتضی ودیگر ائمہ اہل بیت طہارت وارتضا واجماع صحابہ کرام وتابعین عظام وتصریحات اولیائے امت وعلمائے ملت رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے وہ دلائل باہرہ وحجج قاہرہ ہیں جن کا استیعاب نہیں ہوسکتا فقیر غفر اللہ تعالیٰ لہ نے اس مسئلہ میں ایک کتاب عظیم بسیط وضخیم دو مجلد پر منقسم نام تاریخی مطلع القمرین فی ابانۃ سبقۃ العمرین سے متسم تصنیف کی اور خاص تفسیر آیۂ کریمہ

اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ اور اس سے افضلیت مطلقہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اثبات سوا حقاق اور اوہام خلاف کے ابطال و ازہاق میں ایک جلیل رسالہ مسمّی بنام تاریخی الزلال الانقی من بحر سبقۃ الاتقی تالیف کیا اس بحث کی تفصیل ان کتب پر موکول۔ یہاں صرف چند ارشادات ائمہ اہل بیت کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر اقتصار ہوتا ہے اللہ عزّ و جلّ کی بے شمار رحمت و رضوان و برکت امیر المومنین اسد حیدر حق گو حق مال حق پر ور کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنیٰ پر کہ اس جناب نے مسئلہ تفضیل کو بغایت مفصل فرمایا اپنی کرسی خلافت و عرش زعامت پر بر سر منبر مسجد جامع و مشاہد و مجامع و جلوات عامہ و خلوات خاصہ میں بطرق عدیدہ تامّہ مدیدہ سپید وصاف ظاہر و واشگاف محکم و مفسر بے احتمال دگر حضرات شیخین کریمین وزیرین جلیلین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا اپنی ذات پاک اور تمام امت مرحومہ سید لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے افضل و بہتر ہونا ایسے روشن و ابین طور پر ارشاد کیا جس میں کسی طرح شائبہ شک و تردد نہ رہا مخالف مسئلہ کو مفتری بتایا اسی کوڑے کا مستحق ٹھہرایا۔ حضرت سے ان اقوال کریمہ کے راوین اسی سے زیادہ صحابہ و تابعین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین صواعق امام حجر مکی میں ہے قال الذہبی وقد تواتر ذالك عنہ فی خلافۃ وکرسی مملکۃ وبین الخفیر من شیعۃ ثم بسط الاسانید الصحیحۃ فی ذالك قال ویقال رواہ عنہ نیف وثمانون نفسا وعدد منہم جماعۃ ثم قال فقبح اللہ الرافضۃ ما اجھلھم انتہیٰ یہاں تک کہ بعض منصفان شیعہ مثل عبد الرزاق محدث صاحب مصنف نے باوصف تشیع تفضیل شیخین اختیار کی اور کہا جب خود حضرت مولیٰ کرم اللہ

Marfat.com

تعالیٰ وجہہ الاسنیٰ انھیں اپنے نفس کریم پر تفضیل دیتے تو مجھے اس کے اعتقاد سے کب مفر ہے۔ مجھے یہ گناہ کیا تھوڑا ہے کہ علی سے محبت رکھوں اور علی کا خلاف کروں۔ صواعق میں ہے ما احسن ما سلك بعض الشیعۃ المصنفین کعبد الرزاق فانہ قال افضل الشیخین بتفضیل علی ایاھما علی نفسہ والا لما فضلتھما کفی بی وزرا ان احبہ ثم اخالفہ اب چند احادیث مرتضوی سنئے حدیث اول صحیح بخاری شریف میں سیدنا وابن سیدنا امام محمد بن حنیفہ صاحبزادہ حضرت مولیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہا سے مروی قلت لابی ای الناس خیر بعد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ابوبکر قال قلت ثم من قال عمر میں نے اپنے والد ماجد کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے عرض کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب آدمیوں میں بہتر کون ہے فرمایا ابوبکر میں نے عرض کی کہ پھر کون فرمایا عمر رضی اللہ عنہم اجمعین۔ **حدیث** دوم امام بخاری اپنی صحیح اور ابن ماجہ سنن میں بطریق عبد اللہ بن سلمہ امیر المومنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے راوی کہ فرماتے تھے خیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابوبکر و خیر الناس بعد ابی بکر عمر بہترین مردم بعد سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابوبکر ہیں اور بہترین مردم بعد ابوبکر عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہذا حدیث ابن ماجہ **حدیث** سوم امام ابن القاسم اسمٰعیل بن محمد بن الفضل بلخی کتاب السنۃ میں راوی اخبرنا ابوبکر بن مردویہ ثنا سلیمان بن احمد ثنا الحسن بن المنصور الرمانی ثنا داود بن معاذ ثنا ابو سلمۃ العتکی عبد اللہ بن عبد الرحمٰن عن سعید بن ابی عروبۃ عن منصور بن المعتمر عن ابراھیم

Marfat.com

عن علقمة قال بلغ عليا ان اقواما يفضلونه على ابی بكر و عمر فصعد المنبر فحمد الله واثنى عليه ثم قال يايها الناس انه بلغنى ان اقواما يفضلوا علی ابی بکر و عمر ولو كنت تقدمت فيه لعاقبت فيه فمن سمعته بعد هذا اليوم يقول هذا فهو مفتر عليه حد المفترى ثم قال ان خير هذه الامة بعد نبيها ابوبكر ثم عمر ثم الله اعلم بالخير بعد قال و فی المجلس الحسن بن على فقال والله لو سمى الثالث يسمی عثمن یعنی حضرت علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں امیر المؤمنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو خبر پہنچی کہ کچھ لوگ انھیں حضرات صدیق و فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے افضل بتاتے ہیں یہ سنکر منبر پر جلوہ فرما ہوئے۔ حمد و ثنائے الٰہی بجالائے پھر فرمایا اے لوگو مجھے خبر پہنچی کہ کچھ لوگ مجھے ابوبکر و عمر سے افضل کہتے ہیں۔ اس بارہ میں اگر میں نے پہلے سے حکم سنا دیا ہوتا تو بے شک سزا دیتا آج سے جسے ایسا کہتے سنوں گا وہ مفتری ہے اس پر مفتری کی حد یعنی اسی کوڑے لازم ہیں پھر فرمایا بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد افضل امت ابوبکر ہیں پھر عمر پھر خدا خوب جانتا ہے کہ ان کے بعد کون سب سے بہتر ہے علقمہ فرماتے ہیں مجلس میں سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تشریف فرما تھے انھوں نے فرمایا خدا کی قسم اگر تیسرے کا نام لیتے تو عثمان کا نام لیتے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

حدیث چہارم امام دارقطنی سنن میں اور ابو عمر بن عبد البر استیعاب میں حکم بن جحل سے راوی حضرت مولیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں لا اجد احدا فضلنی علی ابی بکر و عمر الا جلدته حد المفتری میں جسے پاؤں گا کہ مجھے ابوبکر و عمر سے افضل کہتا ہے اسے مفتری کی حد لگاؤں گا

Marfat.com

امام ذہبی فرماتے ہیں یہ حدیث صحیح ہے **حدیث پنجم** سنن دارقطنی میں حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی اور امیر المؤمنین کرم اللہ وجہہ کے مقرب بارگاہ تھے جناب امیر انھیں وہب الخیر فرمایا کرتے تھے۔ مروی انہ کان یری ان علیا افضل الامۃ فسمع اقواما یخالفونہ فحزن حزنا شدیدا فقال لہ علی بعد ان اخذ یدہ وادخلہ بیتہ ما اخذ تک یا ابا جحیفۃ فذکرلہ الخبر فقال لہ الا اخبرک بخیر الامۃ خیرھا ابو بکر ثم قال ابو جحیفۃ فاعطیت اللہ عھدا ان لا اکتم ھذا الحدیث بعد ان شافھنی بہ علی ما بقیت یعنی ان کے خیال میں مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ تمام امت سے افضل تھے۔ انھوں نے کچھ لوگوں کو اس کے خلاف کہتے سنا سخت رنج ہوا حضرت مولیٰ ان کا ہاتھ پکڑ کر کاشانہ ولایت میں لے گئے غم کی وجہ پوچھی گزارش کی فرمایا کہ میں تمہیں نہ بتا دوں کہ امت میں سب سے بہتر کون ہے ابوبکر ہیں پھر عمر حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں نے اللہ عزوجل سے عہد کیا کہ جب تک جیونگا اس حدیث کو نہ چھپاؤں گا بعد اس کے کہ حضرت مولیٰ نے خود بالمشافہہ مجھ سے ایسا فرمایا۔ **حدیث ششم** امام احمد مسند ذی الیدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ابو حازم سے راوی قال جاء رجل الی علی بن الحسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما فقال ما کان منزلۃ ابی بکر وعمر من النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال منزلتھما الساعۃ وھما ضجیعاہ یعنی ایک شخص نے حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ابوبکر و عمر کا مرتبہ کیا تھا فرمایا جو مرتبہ ان کا اب ہے کہ حضور کے پہلو

Marfat.com

میں آرام کر رہے ہیں۔ حدیث ہفتم دار قطنی حضرت امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
راوی کہ ارشاد فرماتے ہیں اجمع بنو فاطمۃ رضی اللہ تعالی عنہم
علی ان یقولوا فی الشیخین احسن ما یکون من القول یعنی امجاد حضرت
بتول زہرا صلی اللہ تعالیٰ علی ابیہا الکریم وعلیہا وعلیہم وبارک وسلم کا اجماع و
اتفاق ہے کہ ابو بکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے حق میں وہ بات کہیں جو سب سے بہتر ہو
ظاہر ہے کہ سب سے بہتر بات اسی کے حق میں کہی جائے گی جو سب سے بہتر ہو۔
حدیث ہشتم امام ابن عساکر وغیرہ سالم بن ابی الجعد سے راوی قلت لمحمد
بن الحنیفۃ ھل کان ابوبکر اول القوم اسلاما قال لا قلت فبم
علا ابوبکر وسبق حتی لا یذکر احد بخیر ابی بکر قال لانہ کان
افضلھم اسلاما حین اسلم حتی لحق باللہ یعنی میں نے امام محمد بن
حنیفہ سے عرض کی کیا ابو بکر سب سے پہلے اسلام لائے تھے فرمایا نہ میں نے کہا پھر کیا
بات ہے کہ ابو بکر سب سے بالا رہے اور پیشی لے گئے یہاں تک کہ لوگ ان کے سوا
کسی کا ذکر ہی نہیں کرتے فرمایا یہ اس لئے کہ وہ اسلام میں سب سے افضل تھے جب سے
اسلام لائے یہاں تک کہ اپنے رب عزوجل سے ملے۔ حدیث نہم امام ابو الحسن
دار قطنی جندب اسدی سے راوی کہ امام محمد بن عبد اللہ محض بن حسن مثنی بن حسن مجتبیٰ
ابن علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجوہہم کے پاس کچھ اہل کوفہ و جزیرہ نے حاضر ہو کر ابو بکر
و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے بارہ میں سوال کیا امام محمد رح نے میری طرف ملتفت ہو کر
فرمایا انظر الی اھل بلادک یسألونی عن ابی بکر و عمر لھما افضل
عندی من علی اپنے شہر والوں کو دیکھو مجھ سے ابو بکر و عمر کے بارہ میں سوال
کرتے ہیں وہ دونوں میرے نزدیک بلا شبہ مولیٰ علی سے افضل ہیں رضی اللہ تعالیٰ
عنہم اجمعین۔ یہ امام اجل حضرت امام حسن مجتبیٰ کے پوتے اور حضرت امام حسین

Marfat.com

شہید کربلا کے نواسے ہیں ان کا لقب مبارک نفس زکیہ ہے ان کے والد حضرت عبداللہ محض کہ سب میں پہلے حسنی حسینی دونوں شرف کے جامع ہوئے لہذا محض کہلائے اپنے زمانہ میں سردار بنی ہاشم تھے ان کے والد ماجد امام حسن مثنیٰ اور والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ صغریٰ بنت امام حسین صلی اللہ تعالیٰ علی ابیہم وعلیہم وبارک وسلم حدیث دہم امام حافظ عمر بن شبہ حضرت امام اجل سید زید شہید ابن امام علی سجاد زین العابدین ابن امام حسین سعید شہید صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہ علی جدہم الکریم وعلیہم سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے کوفیوں سے فرمایا انطلقت الخوارج فبرئت ممن دون ابی بکر و عمرؓ لم یستطیعوا ان یقولوا فیھما شیئاً و انطلقتم انتم فطفرتم فبرئتم منھما فمن بقی فواللہ مابقی احد الا برئتم منہ یعنی خارجیوں نے اٹھ کر ان سے تبری کی جو ابوبکر وعمر سے کم تھے۔ یعنی عثمان و علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم مگر ابوبکر وعمر کی شان میں کچھ کہنے کی گنجائش نہ پائی اور تم نے اے کوفیوں اوپر جست کی کہ ابوبکر وعمر سے تبری کی تو اب کون رہ گیا خدا کی قسم اب کوئی نہ رہا جس پر تم نے تبرا نہ کہا ہو والعیاذ باللہ رب العالمین اللہ اکبر امام زید شہید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ ارشاد مجید ہم غلامان خاندان زید کو بحمد اللہ کافی ووافی ہے سید سادات بلگرام حضرت مرجع الفریقین مجمع الطریقین حبر شریعت بحر طریقت بقیۃ السلف حجۃ الخلف سیدنا و مولانا میر عبدالواحد حسینی زیدی واسطی بلگرامی قدس اللہ تعالیٰ سرہ السامی نے کتاب مستطاب سبع سنابل شریف تصنیف فرمائی کہ بارگاہ عالم پناہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں موقع قبول عظیم بر واقع ہوئی حضرت مستفتی دامت برکاتہم کے جد امجد جد اور اس فقیر کے آقائے نعمت و مولائے اوحد حضرت اسد الواصلین محبوب العاشقین سیدنا و مولانا حضرت سید شاہ حمزہ حسینی زیدی مارہروی

قدس سرہٗ القوی کتاب مستطاب کاشف الاستار شریف کی ابتدا میں فرماتے ہیں۔
باید دانست کہ در خاندان ما حضرت سند المحققین سید عبد الواحد بلگرامی
بسیار صاحب کمال برخاستہ اند قطب فلک ہدایت و مرکز دائرہ ولایت بود
در علم صوری و معنوی فائق و از مشارب اہل تحقیق ذائق صاحب تصنیف و تا
لیف سنت و نسب این فقیر بچہار واسطہ بذات مبارکش می پیوند۔ پھر چند اجزا کے بعد
فرماتے ہیں۔ اشہر تصانیف او کتاب سنابل سنت در سلوک و عقائد حاجی الحرمین
سید غلام علی آزاد سلمہ در مآثر الکرام می نویسد وقتے در شہر رمضان المبارک
سنۃ خمسین و ثلثین و مأتہ و الف مؤلف اوراق در دار الخلافہ شاہجہاں آباد
خدمت شاہ کلیم اللہ چشتی قدس سرہٗ را زیارت کرد و ذکر میر عبد الواحد قدس سرہٗ
در میان آمد شیخ مناقب و مآثر میر تا دیر بیان کرد فرمود شبے در مدینہ منورہ پہلو
بر بستر خواب گزاشتم در واقعہ می بینم کہ من و سید صبغۃ اللہ بروجی معًا در مجلس
اقدس رسالت پناہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم باریاب شدیم جمعے از صحابہ کرام
و اولیائے امت حاضر اند در بینہا شخصے است کہ حضرت با او لب بہ تبسم شیریں کردہ
حرفہا میزنند و التفات تمام دارند چوں مجلس آخر شد از سید صبغۃ اللہ استفسار
کردم کہ این شخص کیست کہ حضرت با او التفات باین مرتبہ دارند گفت میر
عبد الواحد بلگرامی و باعث مزید احترام او این ست کہ سنابل تصنیف او در
جناب رسالت پناہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم مقبول افتادہ انتہی کلامہ انتہی
مقالہ الشریف بلفظہ المنیف قدس اللہ سرہ اللطیف۔ حضرت میر قدس سرہٗ
المنیر نے اس کتاب مقبول و مبارک میں مسئلہ تفضیل بکمال تفصیل و تاکید
جمیل و تہدید جلیل ارشاد فرمایا لفظ مبارک سے چند حرف کی نقل سے شرف
حاصل کروں اولیائے کرام و محدثین و فقہا جملہ اہل حق کے اجماعی عقائد میں

Marfat.com

بیان فرماتے۔ واجماع دارند کہ افضل از جملہ بشر بعد انبیاء ابوبکر صدیق ست و بعد از وے عمر فاروق است و بعد از وے عثمان ذی النورین ست و بعد از وے علی مرتضی است رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ پھر فرمایا۔ فضل ختنین از فضل شیخین کمتر ست بے نقصان و قصور پھر فرمایا اجماع اصحاب و تابعین و تبع تابعین و سائر علمائے امت ہم بریں عقیدہ واقع شدہ است۔
پھر فرمایا۔ مخدوم قاضی شہاب الدین در تیسیر الاحکام نبشت کہ ہیچ ولی بدرجۂ ہیچ پیغمبرے نرسد۔ زیرا کہ امیر المؤمنین ابوبکر بحکم حدیث بعد پیغمبراں از ہمہ اولیا برتر ست واو بدرجۂ ہیچ پیغامبرے نہ رسید۔ و بعد او امیر المؤمنین عمر بن الخطاب ست و بعد او امیر المؤمنین عثمان بن عفان است و بعد او امیر المؤمنین علی بن ابی طالب ست۔ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔
کسیکہ امیر المومنین علی را خلیفہ نداند او از خوارج ست و کسیکہ او را بر امیر المؤمنین ابوبکر و عمر تفضیل کند او از روافض ست۔ پھر فرمایا از ینجا باید دانست کہ درجہان نہ ہیچو مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیرے پیدا شد و نہ ہیچو ابوبکر مریدے ہویدا گشت۔ اے عزیز اگرچہ کمالیت فضائل شیخین بر ختنین مفرط دقائق اعتقاد باید کرد اما نہ بر وجہیکہ در کمالیت وفضائل ختنین قصورے و نقصانے بخاطر نورسد بلکہ فضائل اثنیان و فضائل جملہ اصحاب از عقول بشریہ وافکار انسانیہ بسے بالاتر ست
پھر فرمایا۔ پس چوں اجماع صحابہ کہ انبیاء صفت اند بر تفضیل شیخین واقع شد و مرتضیٰ نیز دریں اجماع متفق و شریک بود مفضلہ در اعتقاد خود ما غلط کردہ است اے خادمانِ ما۔ فدائے نام مرتضیٰ یاد وائے دل و جان ما نثار اقدام مرتضیٰ باد کدام بدبخت ازل کہ محبت مرتضیٰ در دلش نباشد و کدام

Marfat.com

رانده درگاه مولیٰ که اہانت او روا دارد مفضله گمان برده است که نتیجه محبت با مرتضیٰ تفضیل اوست بر شیخین و نمیدانند که ثمرهٔ محبت موافقت است با او نه مخالفت که چون مرتضیٰ فضل شیخین و ذی النورین را بر خود روا داشتند با ایشان کرده حکمهائے عہد خلافت ایشان را امتثال فرمود شرط محبت با او آن باشد که در راه و روش با او موافق باشد نه مخالف حضرت میر قدس سرہ المنیر نے یہ بحث پانچ ورق سے زائد میں افادہ فرمائی ہے۔ من طلب الزیادۃ فلیرجع الیہ۔ الحمد للہ۔ یہ عقیدہ ہے اہل سنت وجماعت اور ہم غلامان دوزبان زید شہید کا

واللہ تعالیٰ اعلم

(سوال ۲) رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وعترتہ وسلم نے وقت رحلت یا کسی اور وقت اپنے بعد اپنا جانشین کس کو مقرر کیا۔

الجواب

جانشینی ونیابت دو قسم ہے۔ اول جزئی مقید کہ امام کسی خاص کام یا خاص مقام پر عارضی طور پر کسی خاص وقت کے لئے دوسرے کو اپنا نائب کرے جیسے بادشاہ کا لڑائی میں کسی کو سردار بنا کر بھیجنا یا کسی ضلع کی حکومت دینا یا تحصیل خراج پر مامور کرنا یا کہیں جاتے ہوئے انتظام شہر سپرد کر جانا اس قسم کا استخلاف صریح حضور پر نور سید یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وعترتہ وازواجہ وصحابتہ اجمعین وبارک وسلم سے بارہا واقع ہوا جیسے بعض غزوات میں امیر المومنین صدیق اکبر بعض میں حضرت اسامہ بن زید غزوۂ ذات السلاسل میں حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو سپہ سالار بنا کر بھیجا تحصیل زکوٰۃ امیر المومنین فاروق اعظم وحضرت خالد بن ولید وغیرہما رضی اللہ تعالیٰ

Marfat.com

عنہم کو مقرر فرمایا یہ بھی یقیناً حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نیابت تھی کہ اخذ صدقات اصل کام حضور والاصلوات اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ واصحابہ کا ہے قال تعالیٰ خذ من اموالھم صدقۃ تطھرھم وتزکیھم بھا وصل علیھم ان صلاتک سکن لھم تعلیم قرآن و دین کے لئے قرائے کرام شہدائے عظام کو مقرر فرمایا۔ حضرت عتاب بن اسید مکہ معظمہ حضرت معاذ بن جبل کو ولایت جند حضرت ابوموسیٰ اشعری کو زبید و عدن حضرت ابوسفیان والد امیر معاویہ یا حضرت عمرو بن حزم کو شہر نجران حضرت زیاد بن لبید کو حضرموت حضرت خالد سعید اموی کو صنعا۔ حضرت عمرو بن العاص کو عمان کا ناظم صوبہ کیا باذان بن ساسان کیانی مغل کو صوبہ داری یمن پر مقرر رکھا۔ امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو ملک یمن کا عہدہ قضا بخشا۔ ۸ھ میں حضرت عتاب ۹ھ میں حضرت صدیق اکبر کو امیر الحاج بنایا۔ بعض وقائع میں امیر المومنین فاروق اعظم بعض میں حضرت معقل بن یسار بعض میں حضرت عقبہ کو حکم قضا دیا۔ غزوۂ تبوک کو تشریف لیجاتے وقت امیر المومنین مرتضیٰ علی کو اہل بیت کرام اور غزوۂ بدر میں حضرت ابولبابہ اور نیز غزوات واسفار کو نہضت فرماتے حضرت عمرو ابن ام مکتوم کو مدینہ طیبہ کا امیر و والی فرمایا۔ از انجملہ غزوہ ابوا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پہلا غزوہ تھا و غزوہ بواط و غزوہ ذی العشیرہ و غزوۂ طلب کرز بن جابر و غزوہ سویق و غزوہ غطفان و غزوۂ احد و غزوہ حمراء الاسد و غزوہ نجران و غزوہ ذات الرقاع و سفر حجۃ الوداع کہ حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پچھلا سفر تھا رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین لخصنا کل ذلک من صحیح البخاری و شرحہ والمواھب اللدنیۃ و والمنح المحمدیۃ و شرحھا للزرقانی و الاصابۃ فی تمیز الصحابۃ

Marfat.com

للامام الحافظ العسقلانی رحمۃ اللہ تعالی علیہم اجمعین
دوم کلی مطلق کہ حیات مستخلف سے جمع نہیں ہو سکتی یعنی امام کا اپنے بعد کسی کیلئے
امامت کبریٰ کی وصیت فرمانا اس کا نص صریح علی الاعلان بتصریح تام حضور
اعلیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی کے واسطے نہ فرمایا ورنہ صحابہ کرام رضی اللہ
تعالیٰ عنہم ضرور پیش کرتے اور قریش و انصار میں دربارۂ خلافت مباحثے منازعے
نہ ہوتے امیر المؤمنین امام الاشجعین اسد اللہ الغالب علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ
وجہہ الکریم سے باسانید صحیحہ قویہ ثابت کہ جب ان سے عرض کی گئی استخلف
علینا ہم پر کسی کو خلیفہ کر دیجئے فرمایا لا و لکن اترککم کما ترککم رسول
اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں کسی کو خلیفہ نہ کروں گا بلکہ یوں ہی
چھوڑ دوں گا جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چھوڑ گئے تھے اخرجہ الامام
احمد بسند حسن والبزار بسند قوی والدارقطنی وغیرہم بزار کی روایت میں بسند
صحیح ہے حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے فرمایا۔ ما استخلف رسول
اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فاستخلف علیکم رسول اللہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی کو خلیفہ نہ کیا کہ میں کروں۔ دارقطنی
کی روایت میں ارشاد فرمایا دخلنا علی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم فقلنا یا رسول استخلف علینا قال لا ان یعلم اللہ
فیکم خیرا یول علیکم خیرکم قال علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ
فعلم اللہ فینا خیرا فولی علینا ابابکر ہم نے خدمت اقدس حضور
سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی یا رسول اللہ
ہم پر کسی کو خلیفہ فرما دیجئے۔ ارشاد ہوا نہ۔ اگر اللہ تعالیٰ تم میں بھلائی جانے گا
تو جو تم میں سب سے بہتر ہے اسے تم پر والی فرما دے گا۔ حضرت مولیٰ کرم اللہ تعالیٰ

وجہہ نے فرمایا رب العزت جل وعلا نے ہم میں بھلائی چاہی پس ابوبکر کو ہمارا والی فرمایا رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین امام اسحق بن راہویہ و دارقطنی و ابن عساکر وغیرہم بطرق عدیدہ و اسانید کثیرہ راوی دو شخصوں نے امیر المؤمنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے ان کے زمانہ خلافت میں دربارۂ خلافت استفسار کیا اعھد عھدہ الیک النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ام رأی رأیتہ کیا یہ کوئی عہد و قرارداد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے ہے یا آپ کی رائے ہے فرمایا بل رأی رأیتہ بلکہ ہماری رائے ہے اما ان یکون عندی عھد من النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عھدہ الیّ فی ذالک فلا واللہ لئن کنت اول من صدق بہ فلا اکون اول من کذب علیہ رہا یہ کہ اس باب میں میرے لئے حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کوئی عہد و قرارداد فرما دیا ہو سو خدا کی قسم ایسا نہیں اگر سب سے پہلے میں نے حضور کی تصدیق کی تو میں سب سے پہلے حضور پر افترا کرنے والا نہ ہوں گا۔ ولو کان عندی منہ عھد فی ذالک ما ترکت اخا بنی تیم بن مرۃ وعمر بن الخطاب یثوبان علی منبرہ ولقاتلتھما بیدی ولو لم اجد الا بردتی ھذہ۔ اور اگر اس باب میں حضور والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے میرے پاس کوئی عہد ہوتا تو میں ابوبکر و عمر کو منبر اطہر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جست نہ کرنے دیتا اور بےشک اپنے ہاتھ سے ان کے قتال کرتا اگرچہ اپنی اس چادر کے سوا کوئی ساتھی نہ پاتا ولکن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لم یقتل قتلا ولم یمت فجاءۃ مکث فی مرضہ ایاما ولیالی یاتیہ المؤذن یؤذنہ بالصلوٰت فیامر ابا بکر فیصلی

Marfat.com

یا الناس وھو یری مکانی بات یہ ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم معاذ اللہ کچھ قتل نہ ہوئے نہ یکایک انتقال فرمایا بلکہ کئی دن رات حضور کو مرض میں گزرے مؤذن آتا نماز کی اطلاع دیتا حضور ابو بکر کو امامت کا حکم فرماتے۔ حالانکہ میں حضور کے پیش نظر موجود تھا پھر مؤذن آتا اطلاع دیتا حضور ابو بکر کو ہی حکم امامت دیتے حالانکہ میں کہیں غائب نہ تھا۔ و لقد ارادت امرأۃ من نساء تصرفہ عن ابی بکر فابی و غضب و قال انتن صواحب یوسف مروا ابا بکر فلیصل بالناس اور خدا کی قسم ازواج مطہرات سے ایک بی بی نے اس معاملہ کو ابو بکر سے پھیرنا چاہا تھا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ مانا اور غضب کیا تم وہی یوسف والیاں ہو ابو بکر کو حکم دو کہ امامت کرے فلما قبض رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نظرنا فی امورنا فاخترنا من رضیہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لدیننا کانت الصلوٰۃ عظیم الاسلام و قوام الدین فبایعنا ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وکان لذلک اھلا لم یختلف علیہ منا اثنان پس جب کہ حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا ہم نے ان کے کاموں میں نظر کی تو اپنی دنیا یعنی خلافت کے لئے اسے پسند کر لیا جسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمارے دین یعنی نماز کے لئے پسند فرمایا تھا کہ نماز تو اسلام کی بزرگی اور دین کی درستی تھی لہٰذا ہم نے ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیعت کی اور وہ اس کے لائق تھے ہم میں کسی نے اس بارہ میں اس کا خلاف نہ کیا یہ سب کچھ ارشاد کر کے حضرت مولیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنیٰ نے فرمایا فادیت الی ابی بکر حقہ

Marfat.com

وعرفت لہ طاعتہ وغزوت معہ فی جنودہ وکنت اخذاً اذا اعطانی واغزو اذا غزانی واضرب بین یدیہ بالحدود

یعنی میں نے ابوبکر کو ان کا حق دیا اور ان کی اطاعت لازم جانی اور ان کے ساتھ ہو کر ان کے لشکروں میں جہاد کیا جب وہ مجھے بیت المال سے کچھ دیتے میں لے لیتا اور جب مجھے لڑائی پر بھیجتے میں جاتا اور ان کے سامنے اپنے تازیانے سے حد لگاتا۔ پھر بعینہٖ یہی مضمون امیر المؤمنین فاروق اعظم و امیر المؤمنین عثمان غنی کی نسبت ارشاد فرمایا رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ ہاں البتہ اشارات جلیلہ واضحہ بارہا فرمائے:.....!

مثلاً ایک بار ارشاد ہوا میں نے خواب دیکھا کہ میں ایک کنویں پر ہوں اس پر ایک ڈول ہے میں اس سے پانی بھرتا رہا جب تک اللہ نے چاہا پھر ابوبکر نے ڈول لیا دو ایک بار کھینچا پھر وہ ڈول ایک بیل ہو گیا جسے چرسہ کہتے ہیں اسے عمر نے لیا تو میں نے کسی سردار زبردست کو اس کام میں ان کے مثل نہ دیکھا۔ یہاں تک کہ تمام لوگوں کو سیراب کر دیا کہ پانی پی پی کر اپنی فرودگاہ کو واپس ہوئے رواہ الشیخان عن ابی ھریرۃ وعن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم امیر المؤمنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں۔ میں نے بارہا بکثرت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ ہوا میں ابوبکر و عمر کیا میں نے اور ابوبکر و عمر نے چلا میں اور ابوبکر و عمر رواہ الشیخان عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ ایک بار حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا آج کی رات ایک مرد صالح (یعنی خود حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے خواب دیکھا کہ ابوبکر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے متعلق ہیں اور عمر ابوبکر سے اور عثمان عمر سے

Marfat.com

جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں جب ہم خدمت اقدس حضور والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اٹھے آپس میں تذکرہ کیا کہ وہ مرد صالح تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں اور بعض کا بعض سے تعلق وہ اس امر کا والی ہونا جس کے ساتھ حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مبعوث ہوئے ہیں۔ رواہ عنہ ابوداود و حاکم۔ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں مجھے بنی المصطلق نے خدمت اقدس حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بھیجا کہ حضور سے دریافت کر دں حضور کے بعد ہم اپنے اموال زکوٰۃ کس کے پاس بھیجیں فرمایا ابوبکر کے پاس عرض کی اگر انھیں کوئی حادثہ پیش آئے تو کسے دیں فرمایا عمر کو عرض کی جب ان کا بھی واقعہ ہو تو فرمایا عثمان کو رواہ عنہ فی المستدرک وقال صحیح ایک بی بی خدمت اقدس میں حاضر ہوئیں اور کچھ سوال کیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ پھر حاضر ہو انھوں نے عرض کی آؤں اور حضور کو نہ پاؤں فرمایا مجھے نہ پائے تو ابوبکر کے پاس آنا رواہ الشیخان عن جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ یونہیں ایک مرد سے ارشاد فرمایا مروی کہ میں نہ ہوں تو ابوبکر کے پاس آنا عرض کی جب انھیں نہ پاؤں فرمایا تو عمر کے پاس عرض کی جب وہ بھی نہ ملیں فرمایا عثمان کے پاس اخرجہ ابونعیم فی الحلیہ والطبرانی عن سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ ایک شخص سے کچھ اونٹ قرضوں پر خریدے یہ واپس جاتا تھا کہ مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ ملے حال پوچھا اس نے بیان کیا فرمایا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پھر حاضر ہو اور عرض کیا اگر حضور کو کچھ حادثہ پیش آئے تو میری قیمت کون ادا کرے گا فرمایا ابوبکر پھر

...ریا فنت کیا اور جو ابوبکر کو کچھ حادثہ پیش آئے تو کون دلیگا فرمایا عمر پھر دریافت
...را یا انھیں بھی کچھ حادثہ در پیش ہو فرمایا ویحک اذا مات عمر فان
...ستطعت ان تموت فمت ہائے نادان جب عمر مرجائے تو اگر مر
...سکے مرجانا۔ رواہ الطبرانی فی الکبیر عن عصمۃ بن مالک رضی
...للہ تعالیٰ عنہ و حسنہ الامام جلال الدین سیوطی انھیں
...شارات جلیلہ سے ہے حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایام مرض وفات
...اقدس میں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی جگہ امامت مسلمین پر قائم
...رنا اور دوسرے کی امامت پر راضی نہ ہونا غضب فرمانا جس سے امیر المومنین
...ولی علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے استناد فرمایا کہ رضیہ رسول اللہ
...لی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لدیننا افلا نرضاہ لدنیانا رسول اللہ
...لی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں چن لیا ہمارے دین کی پیشوائی کو کیا
...نھیں ہم پسند نہ کریں اپنی دنیا کی امامت کو۔ اور نہایت روشن و صریح
...یب نص و تصریح وہ ارشاد اقدس ہے کہ امام احمد و ترمذی نے بافادہ
...تحسین اور ابن ماجہ و ابن حبان و حاکم نے بافادہ تصحیح، اور ابو المحاسن
...ویانی نے حضرت حذیفہ بن الیمانی رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور ترمذی و حاکم
...حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور طبرانی نے حضرت ابودردا رضی
...للہ تعالیٰ عنہ اور ابن عدی نے کامل میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ
...عنہ سے روایت کیا کہ حضور پرنور سید یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ
...بارک وسلم نے فرمایا انی لا ادری ما بقائی فیکم فاقتدوا بالذین
...من بعدی ابی بکر و فی لفظ اقتدوا بالذین من بعدی من
...صحابی ابی بکر و عمر میں نہیں جانتا میرا رہنا تم میں کب تک ہو لہذا تمہیں

فرماتا ہوں کہ میرے ان دو صحابیوں کی پیروی کرو جو میرے بعد ہوں گے ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ ایک بار آخر حیات اقدس میں نص صریح بھی فرما دینا چاہا تھا۔ پھر خدا اور مسلمانوں پر چھوڑ کر حاجت نہ سمجھی امام احمد امام بخاری امام مسلم ام المؤمنین صدیقہ محبوبہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیہم و علیہا وسلم سے راوی کہ وہ ارشاد فرماتی ہیں قال لی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی مرضہ الذی مات فیہ ادعی لی اباك واخاك حتی اکتب کتابا فانی اخاف ان یتمنی متمن و یقول قائل انا اولی و یابی اللہ والمؤمنون الا ابا بکر حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس مرض میں انتقال فرمانے کو ہیں اس میں مجھ سے فرمایا اپنے باپ اور بھائی کو بلا لے کہ میں ایک نوشتہ تحریر فرما دوں کہ مجھے خوف ہے کوئی تمنا کرنے والا تمنا کرے اور کہنے والا کہہ اٹھے کہ میں زیادہ مستحق ہوں اور اللہ نہ مانے گا اور مسلمان نہ مانیں گے مگر ابوبکر کو امام احمد کے ایک لفظ یہ ہیں کہ فرمایا ادعی لی عبد الرحمن بن ابی بکر اکتب لابی بکر کتابا لا یختلف علیہ احد ثم قال دعیہ معاذ اللہ ان یختلف المؤمنون فی ابی بکر عبد الرحمن بن ابی بکر بلا لو کہ میں ابوبکر کے لئے نوشتہ لکھ دوں کہ ان پر کوئی اختلاف نہ کرے پھر فرمایا رہنے دو خدا کی پناہ کہ مسلمان اختلاف کریں ابوبکر کے بارے میں

صلی اللہ تعالیٰ علی الحبیب والہ وصحبہ وبارك وسلم

واللہ سبحنہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ احکم

تمت

Marfat.com

خدا چاہتا ہے رضائے محمد

از اعلیٰحضرت قدس سرہٗ

زہے عزت و اعتلائے محمد
کہ ہے عرشِ حق زیرِ پائے محمد

مکاں عرش اُن کا فلک فرش اُن کا
ملک خادمانِ سرائے محمد

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم
خدا چاہتا ہے رضائے محمد

عجب کیا اگر رحم فرمالے ہم پر
خدائے محمد برائے محمد

محمد برائے جنابِ الٰہی !
جنابِ الٰہی برائے محمد

بسی عطرِ محبوبیِ کبریا سے
عبائے محمد قبائے محمد

بہم عہد باندھے ہیں وصلِ ابد کا
رضائے خدا اور رضائے محمد

دمِ نزع جاری ہو میری زباں پر
محمد محمد خدائے محمد

عصائے کلیم اژدہائے غضب تھا
گِروں کا سہارا عصائے محمد

میں قرباں کیا پیاری پیاری ہے نسبت
یہ آنِ خدا وہ خدائے محمد

محمد کا دم خاص بہرِ خدا ہے
سوائے محمد برائے محمد

خدا اُن کو کس پیار سے دیکھتا ہے
جو آنکھیں ہیں محوِ لقائے محمد

جلو میں اجابت خواصی میں رحمت
بڑھی کس تزک سے دعائے محمد

اجابت نے جھک کر گلے سے لگایا
بڑھی ناز سے جب دعائے محمد

اجابت کا سہرا عنایت کا جوڑا
دلہن بن کے نکلی دعائے محمد

رضا پل سے اب وجد کرتے گزریے
کہ ہے ربِّ سَلِّمْ صدائے محمد

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم

تو ہے عین نور تیرا سب گھرانا نور کا

صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا
صدقہ لینے نور کا آیا ہے تارا نور کا

باغ طیبہ میں سہانا پھول پھولا نور کا
مست بو ہیں بلبلیں پڑھتی ہیں کلمہ نور کا

بارہویں کے چاند کا مجرا ہے سجدہ نور کا
بارہ برجوں سے جھکا ایک اک ستارا نور کا

اُنکے قصرِ قدر سے خلد ایک کمرہ نور کا
سدرہ پائیں باغ میں ننھا سا پودا نور کا

عرش بھی فردوس بھی اس شاہ والا نور کا
یہ مثمن برج وہ مشکوئے اعلیٰ نور کا

تیرے ہی ماتھے رہا اے جان سہرا نور کا
بخت جاگا نور کا چمکا ستارا نور کا

میں گدا تو بادشاہ بھر دے پیالا نور کا
نور دن دونا ترا دے ڈال صدقہ نور کا

تیرے ہی جانب ہے پانچوں وقت سجدہ نور کا
رخ ہے قبلہ نور کا ابرو ہے کعبہ نور کا

تاج والے دیکھ کر تیرا عمامہ نور کا
سر جھکاتے ہیں الٰہی بول بالا نور کا

شمع دل مشکوٰۃ تن سینہ زجاجہ نور کا
تیری صورت کے لیے آیا ہے سورہ نور کا

تو ہے سایہ نور کا ہر عضو ٹکڑا نور کا
سایہ کا سایہ نہ ہوتا ہے نہ سایا نور کا

کیا بنا نام خدا اسرا کا دولھا نور کا
سر پہ سہرا نور کا بر میں شہانا نور کا

بزم وحدت میں مزا ہوگا دوبالا نور کا
ملنے شمع طور سے جاتا ہے اکہ نور کا

وصف رخ میں گاتی ہیں حوریں ترانہ نور کا
قدرتی بینوں میں کیا بجتا ہے لہرا نور کا

دیکھنے والوں نے کچھ دیکھا نہ بھالا نور کا
مَن رَاٰنی کیا یہ آئینہ دکھایا نور کا

تیری نسل پاک میں ہے بچہ بچہ نور کا
تو ہے عین نور تیرا سب گھرانا نور کا

انبیا اجزا ہیں تو بالکل ہے جملہ نور کا
اس علاقے سے ہے ان پر نام سچا نور کا

یہ جو مہر و مہ پہ ہے اطلاق آتا نور کا
بھیک تیرے نام کی ہے استعارہ نور کا

اے رضا یہ احمد نوری کا فیض نور ہے
ہو گئی میری غزل بڑھ کر قصیدہ نور کا!

حکیم غلام معین الدین نعیمی طابع و ناشر اور مدیر نے تعلیمی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نعیمی دواخانہ لال کھوہ موچی گیٹ لاہور سے شائع کیا

Marfat.com

بِعَونِہٖ وکرمِہٖ تعالیٰ جَلَّ اسمُہٗ

دین و ایمان کو منوّر اور محبّت و ایقان کو افزوں کرنے والے

نادر و اہم

رسائل ستّہ ضروریہ

بحضرت مجدد مأتہ حاضرہ مولانا الشاہ مفتی احمد رضا خاں صاحب قدس سرّہٗ

- ــــ صلاۃ الصفا فی نور المصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم)
- ــــ نطق الہلال فی ولادا لحبیب صلی اللہ علیہ وسلم والوصال
- ــــ الہدایۃ المبارکہ فی خلق الملٰئکہ (علیہم السلام)
- ــــ الصمصام علیٰ مشکک فی الارحام
- ــــ جمل النور فی نہی النساء عن زیارت القبور
- ــــ غایۃ التحقیق فی امامۃ العلی والصدیق (رضی اللہ عنہما)

یکے از مطبوعات

ادارۂ نعیمیہ رضویہ سواد اعظم لال کھوہ موچی گیٹ لاہور

قیمت۔ ایک روپیہ

مطبوعہ تعلیمی پرنٹنگ پریس لاہور

Marfat.com